


# ٱلۡحَشۡر Al-Hashr

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

**In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful**

## Name

**The Surah derives its name from the mention of the word *al-hashr* in verse thereby implying that it is the Surah in which the word al-hashr has occurred.**

## Period of Revelation

**Bukhari and Muslim contain a tradition from Saeed bin Jubair to the effect: When I asked Abdullah bin Abbas about Surah Al-Hashr, he replied that it was revealed regarding the battle against the Bani an-Nadir just as Surah Al-Anfal revealed regarding the Battle of Badr. In another tradition from Saeed bin Jubair, the words cited**

**from Ibn Abbas are: *Qul, Surah an-Nadir.* Say, it is Surah an-Nadir. The same thing has also been related from Mujahid, Qatadah, Zuhri, Ibn Zaid, Yazid bin Ruman, Muhammad bin Ishaq and others. They are unanimous that the followers of the Book whose banishment has been mentioned in it, imply the Bani an-Nadir. Yazid bin Ruman, Mujahid and Muhammad bin Ishaq have stated that this whole Surah, from beginning to end was revealed regarding this very battle.**

**As for the question as to when this battle took place, Imam Zuhri has stated on the authority of Urwah bin Zubair that it took place six months after the Battle of Badr. However, Ibn Saad, Ibn Hisham and Baladhuri regard it as an event of Rabi al-Awwal, A.H.4, and the same is correct. For all traditions agree that this battle took place after the incident of Bir Maunah, and historically also it is well known that the incident of Bir Maunah occurred after the Battle of Uhud and not before it.**

## Historical Background

**In order to understand the subject matter of this Surah well, it is necessary to have a look at the history of the Al-Madinah and Hejaz Jews, for without it one cannot know precisely the real causes of the Prophet's (peace be upon him) dealing with their different tribes the way he did.**

**No authentic history of the Arabian Jews exists in the world. They have not left any writing of their own in the form of a book or a tablet which might throw light on their past, nor have the Jewish historians and writers of the non-Arab world made any mention of them, the reason being**

**that after their settlement in the Arabian peninsula they had detached themselves from the main body of the nation, and the Jews of the world did not count them as among themselves. For they had given up Hebrew culture and language, even the names, and adopted Arabism instead. In the tablets that have been unearthed in the archaeological research in the Hejaz, no trace of the Jews is found before the first century of the Christian era, except for a few Jewish names. Therefore, the history of the Arabian Jews is based mostly on the verbal traditions prevalent among the Arabs most of which bad been spread by the Jews themselves.**

**The Jews of the Hejaz claimed that they had come to settle in Arabia during the last stage of the life of the Prophet Moses (peace be upon him). They said that the Prophet Moses (peace be upon him) had dispatched an army to expel the Amalekites from the land of Yathrib and had commanded it not to spare even a single soul of that tribe. The Israelite army carried out the Prophet's command, but spared the life of a handsome prince of the Amalekite king and returned with him to Palestine. By that time the Prophet Moses (peace be upon him) had passed away. His successors took great exception to what the army had done, for by sparing the life of an Amalekite it had clearly disobeyed the Prophet and violated the Mosaic law. Consequently, they excluded the army from their community, and it had to return to Yathrib and settle there for ever. (Kitab al-Aghani, vol. xix, p. 94). Thus the Jews claimed that they had been living in Yathrib since about**

**1200 B.C. But, this had in fact no historical basis and probably the Jews had invented this story in order to overawe the Arabs into believing that they were of noble lineage and the original inhabitants of the land.**

**The second Jewish immigration, according to the Jews, took, place in 587 B.C. when Nebuchadnezzer, the king of Babylon, destroyed Jerusalem and dispersed the Jews throughout the world. The Arab Jews said that several of their tribes at that time had come to settle in Wadi al-Qura, Taima, and Yathrib. (Al-Baladhuri, Futuh al-Buldan). But this too has no historical basis. By this also they might have wanted to prove that they were the original settlers of the area.**

**As a matter of fact, what is established is that when in A. D. 70 the Romans massacred the Jews in Palestine, and then in A. D. 132 expelled them from that land, many of the Jewish tribes fled to find an asylum in the Hejaz, a territory that was contiguous to Palestine in the south. There, they settled wherever they found water springs and greenery, and then by intrigue and through money lending business gradually occupied the fertile lands. Ailah, Maqna, Tabuk, Taima, Wadi al Qura, Fadak and Khaiber came under their control in that very period, and Bani Quraizah, Bani al-Nadir, Bani Bahdal, and Bani Qainuqa also came in the same period and occupied Yathrib.**

**Among the tribes that settled in Yathrib the Bani al Nadir and the Bani Quraizah were more prominent for they belonged to the cohen or priest class. They were looked upon as of noble descent and enjoyed religious leadership**

**among their co-religionists. When they came to settle in Al-Madinah there were some other tribes living there before, whom they subdued and became practically the owners of this green and fertile land. About three centuries later, in A. D. 450 or 451, the great flood of Yemen occurred which has been mentioned in verses 16-17 of Surah Saba. As a result of this different tribes of the people of Saba were compelled to leave Yemen and disperse in different parts of Arabia. Thus, the Bani Ghassan went to settle in Syria, Bani Lakhm in Hirah (Iraq), Bani Khuzaah between Jeddah and Makkah and the Aus and the Khazraj went to settle in Yathrib. As Yathrib was under Jewish domination, they at first did not allow the Aus and the Khazraj to gain a footing and the two Arab tribes had to settle on lands that had not yet been brought under cultivation, where they could hardly produce just enough to enable them to survive. At last, one of their chiefs went to Syria to ask for the assistance of their Ghassanide brothers; he brought an army from there and broke the power of the Jews. Thus, the Aus and the Khazraj were able to gain complete dominance over Yathrib, with the result that two of the major Jewish tribes, Bani an-Nadir and Bani Quraizaha were forced to take quarters outside the city. Since the third tribe, Bani Qainuqa, was not on friendly terms with the other two tribes, it stayed inside the city as usual, but had to seek protection of the Khazraj tribe. As a counter measure to this, Bani al Nadir and Bani Quraizah took protection of the Aus tribe so that they could live in peace in the suburbs of Yathrib.**

**Before the Prophet's (peace be upon him) arrival at Al-Madinah until his emigration the following were the main features of the Jews position in Hejaz in general and in Yathrib in particular.**

**1. In the matter of language, dress, civilization and way of life they had completely adopted Arabism, even their names had become Arabian. Of the 12 Jewish tribes that had settled in Hejaz, none except the Bani Zaura retained its Hebrew name. Except for a few scattered scholars none knew Hebrew. In fact, there is nothing in the poetry of the Jewish poets of the pre-Islamic days to distinguish it from the poetry of the Arab poets in language, ideas and themes. They even inter-married with the Arabs. In fact, nothing distinguished them from the common Arabs except religion. Notwithstanding this, they had not lost their identity among the Arabs and had kept their Jewish prejudice alive most ardently and jealously. They had adopted superficial Arabism because they could not survive in Arabia without it.**

**2. Because of this Arabism the western orientalists have been misled into thinking that perhaps they were not really Israelites but Arabs who had embraced Judaism, or that at least majority of them consisted of the Arab Jews. But there is no historical proof to show that the Jews ever engaged in any proselytizing activities in Hejaz, or their rabbis invited the Arabs to embrace Judaism like the Christian priests and missionaries. On the contrary, we see that they prided themselves upon their Israelite descent and racial prejudices. They called the Arabs the Gentiles, which**

**did not mean illiterate or uneducated but savage and uncivilized people. They believed that the Gentiles did not possess any human rights; these were only reserved for the Israelites, and therefore, it was lawful and right for the Israelites to defraud them of their properties by every fair and foul means. Apart from the Arab chiefs, they did not consider the common Arabs fit enough to have equal status with them even if they entered Judaism. No historical proof is available, nor is there any evidence in the Arabian traditions, that some Arab tribe or prominent clan might have accepted Judaism. However, mention has been made of some individuals, who had become Jews. The Jews, however, were more interested in their trade and business than in the preaching of their religion. That is why Judaism did not spread as a religion and creed in Hejaz but remained only as a mark of pride and distinction of a few Israelite tribes. The Jewish rabbis, however, had a flourishing business in granting amulets and charms, fortune telling and sorcery, because of which they were held in great awe by the Arabs for their knowledge and practical wisdom.**

**3. Economically they were much stronger than the Arabs. Since they bad emigrated from more civilized and culturally advanced countries of Palestine and Syria, they knew many such arts as were unknown to the Arabs; they also enjoyed trade relations with the outside world. Hence, they had captured the business of importing grain in Yathrib and the upper Hejaz and exporting dried dates to other countries. Poultry farming and fishing were also**

**mostly under their controls. They were good at cloth weaving too. They had also set up wine shops here and there, where they sold wine which they imported from Syria. The Bani Qainuqa generally practiced crafts such as that of the goldsmith, blacksmith and vessel maker. In all these occupations, trade and business these Jews earned exorbitant profits, but their main occupation was trading in money lending in which they had ensnared the Arabs of the surrounding areas. More particularly the chiefs and elders of the Arab tribes who were given to a life of pomp, bragging and boasting on the strength of borrowed money were deeply indebted to them. They lent money on high rates of interest and then would charge compound interest, which one could hardly clear off once he was involved in it. Thus, they had rendered the Arabs economically hollow, but it had naturally induced a deep rooted hatred among the common Arabs against the Jews.**

**4. The demand of their trade and economic interests was that they should neither estrange one Arab tribe by befriending another, nor take part in their mutual wars. But, on the other hand, it was also in their interests, that they should not allow the Arabs to be united and should keep them fighting and entrenched against each other, for they knew that whenever the Arab tribes united, they would not allow them to remain in possession of their large properties, gardens and fertile lands, which they had come to own through their profiteering and money lending business. Furthermore, each of their tribes also had to enter into alliance with one or another powerful Arab tribe**

**for the sake of its own protection so that no other powerful tribe should overawe it by its might. Because of this they had not only to take part in the mutual wars of the Arabs but they often had to go to war in support of the Arab tribe to which their tribe was tied in alliance against another Jewish tribe which was allied to the enemy tribe. In Yathrib the Bani Quraizah and the Bani an-Nadir were the allies of the Aus while the Bani Qainuqa of the Khazraj. A little before the Prophet's (peace be upon him) emigration, these Jewish tribes had confronted each other in support of their respective allies in the bloody war that took place between the Aus and the Khazraj at Buath.**

**Such were the conditions when Islam came to Al-Madinah, and ultimately an Islamic State came into existence after the Prophet's (peace be upon him) arrival there. One of the first things that he accomplished soon after establishing this state was unification of the Aus and the Khazraj and the Emigrants into a brotherhood, and the second was that he concluded a treaty between the Muslims and the Jews on definite conditions, in which it was pledged that neither party would encroach on the rights of the other, and both would unite in a joint defense against the external enemies. Some important clauses of this treaty are as follows, which clearly show what the Jews and the Muslims had pledged to adhere to in their mutual relationship.**

**The Jews must bear their expenses and the Muslims their expenses. Each must help the other against anyone who attacks the people of this document. They must seek mutual advice and consultation, and loyalty is a protection against**

**treachery. They shall sincerely wish one another well. Their relations will be governed by piety and recognition of the rights of others, and not by sin and wrongdoing. The wronged must be helped. The Jews must pay with the believers so long as the war lasts. Yathrib shall be a sanctuary for the people of this document. If any dispute or controversy likely to cause trouble should arise, it must be referred to God and to Muhammad (peace be upon him) the Apostle of God. Quraish and their helpers shall not be given protection. The contracting parties are bound to help one another against any attack on Yathrib, Every one shall be responsible for the defense of the portion to which he belongs (*lbn Hisham*, vol. ii, pp. 147 to 150).**

**This was on absolute and definitive covenant to the conditions of which the Jews themselves had agreed. But not very long after this they began to show hostility towards the Prophet (peace be upon him) of Allah and Islam and the Muslims, and their hostility and perverseness went on increasing day by day. Its main causes were three.**

**First, they envisaged the Prophet (peace be upon him) merely as a chief of his people, who should be content to have concluded a political agreement with them and should only concern himself with the worldly interests of his group. But they found that he was extending an invitation to belief in Allah and the Prophethood and the Book (which also included belief in their own Prophets and scriptures), and was urging the people to give up disobedience of Allah and adopt obedience to the divine commands and abide by the moral laws of their own prophets. This they could not**

**put up with. They feared that if this universal ideological movement gained momentum, it would destroy their rigid religiosity and wipe out their racial nationhood.**

**Second, when they saw that the Aus and the Khazraj and the Emigrants were uniting into a brotherhood and the people from the Arab tribes of the surrounding areas, who entered Islam, were also joining this Islamic Brotherhood of Madinah and forming a religious community, they feared that the selfish policy that they had been following of sowing discord between the Arab tribes for the promotion of their own well being and interests for centuries, would not work in the new system, but they would face a united front of the Arabs against which their intrigues and machinations would not succeed.**

**Third, the work that the Messenger (peace be upon him) of Allah was carrying out of reforming the society and civilization included putting an end to all unlawful methods in business and mutual dealings. More than that, he had also declared taking and giving of interest as impure and unlawful earning. This caused them the fear that if his rule became established in Arabia, he would declare interest legally forbidden, and in this they saw their own economic disaster and death.**

**For these reasons they made resistance and opposition to the Prophet (peace be upon him) their national ideal. They would never hesitate to employ any trick and machination, any device and cunning, to harm him. They spread every kind of falsehood so as to cause distrust against him in the people's minds. They created every kind of doubt, suspicion**

**and misgiving in the hearts of the new converts so as to turn them back from Islam. They would make false profession of Islam and then would turn apostate so that it may engender more and more misunderstandings among the people against Islam and the Prophet (peace be upon him). They would conspire with the hypocrites to create mischief and would cooperate with every group and tribe hostile to Islam. They would create rifts between the Muslims and would do whatever they could to stir them up to mutual feuds and fighting. The people of the Aus and the Khazraj tribes were their special target, with whom they had been allied for centuries. Making mention of the war of Buath before them they would remind them of their previous enmities so that they might again resort to the sword against each other and shatter their bond of fraternity into which Islam had bound them. They would resort to every kind of deceit and fraud in order to harm the Muslims economically. Whenever one of those with whom that had business dealings, would accept Islam, they would do whatever they could to cause him financial loss. If he owed them something they would worry and harass him by making repeated demands, and if they owed him something, they would withhold the payment and would publicly say that at the time the bargain was made he professed a different religion, and since he had changed his religion, they were no longer under any obligation towards him. Several instances of this nature have been cited in the explanation of verse 75 of Surah Aal-Imran given in the commentaries by Tabari, Nisaburi, Tabrisi and in Ruh al**

**Maani.**

**They had adopted this hostile attitude against the covenant even before the Battle of Badr. But when the Prophet (peace be upon him) and the Muslims won a decisive victory over the Quraish at Badr, they were filled with grief and anguish, malice and anger. They were in fact anticipating that in that war the powerful Quraish would deal a death blow to the Muslims. That is why even before the news of the Islamic victory reached Al-Madinah, they had begun to spread the rumor that the Prophet (peace be upon him) had fallen a martyr and the Muslims had been routed, and the Quraish army under Abu Jahl was advancing on Al-Madinah. But when the battle was decided against their hopes and wishes, they burst with anger and grief. Kaab bin Ashraf, the chief of the Bani an-Nadir, cried out: By God, if Muhammad has actually killed these nobles of Arabia, the earth's belly would be better for us than its back. Then he went to Makkah and incited the people to vengeance by writing and reciting provocative elegies for the Quraish chiefs killed at Badr. Then he returned to Al-Madinah and composed lyrical verses of an insulting nature about the Muslim women. At last, enraged with his mischief, the Prophet (peace be upon him) sent Muhammad bin Maslamah Ansari in Rabi al-Awwal, A. H. 3, and had him slain. (Ibn Sad, Ibn Hisham, Tabari).**

**The first Jewish tribe which, after the Battle of Badr, openly and collectively broke their covenant were the Bani Qainuqa. They lived in a locality inside the city of Al-Madinah. As they practiced the crafts of the goldsmith,**

**blacksmith and vessel maker, the people of Al-Madinah had to visit their shops fairly frequently. They were proud of their bravery and valor. Being blacksmiths by profession even their children were well armed, and they could instantly muster 700 fighting men from among themselves. They were also arrogantly aware that they enjoyed relations of confederacy with the Khazraj and Abdullah bin Ubbay, the chief of the, Khazraj, was their chief supporter. At the victory of Badr, they became so provoked that they began to trouble and harass the Muslims and their women in particular, who visited their shops. By and by things came to such a pass that one day a Muslim woman was stripped naked publicly in their bazaar. This led to a brawl in which a Muslim and a Jew were killed. Thereupon the Prophet (peace be upon him) himself visited their locality, got them together and counseled them on decent conduct. But the reply that they gave was: O Muhammad, you perhaps think we are like the Quraish. They did not know fighting; therefore, you overpowered them. But when you come in contact with us, you will see how men fight. This was in clear words a declaration of war. Consequently, the Prophet (peace be upon him) laid siege to their quarters towards the end of Shawwal (and according to some others, of Dhi Qadah) A. H. 2. The siege had hardly lasted for a fortnight when they surrendered and all their fighting men were tied and taken prisoners. Now Abdullah bin Ubayy came up in support of them and insisted that they should be pardoned. The Prophet conceded his request and decided that the Bani Qainuqa would be exiled from Al-Madinah**

**leaving their properties, armor and tools of trade behind. (Ibn Saad, Ibn Hisham, Tarikh Tabari).**

**For some time after these punitive measures (i.e. the banishment of the Qainuqa and killing of Kaab bin Ashraf, the Jews remained so terror stricken that they did not dare commit any further mischief. But later when in Shawwal, A. H. 3, the Quraish in order to avenge themselves for the defeat at Badr, marched against Al-Madinah with great preparations, and the Jews saw that only a thousand men had marched out with the Prophet (peace be upon him) as against three thousand men of the Quraish, and even they were deserted by 300 hypocrites who returned to Al-Madinah, they committed the first and open breach of the treaty by refusing to join the Prophet (peace be upon him) in the defense of the city although they were bound to it. Then, when in the Battle of Uhud the Muslims suffered reverses, they were further emboldened. So much so that the Bani an-Nadir made a secret plan to kill the Prophet (peace be upon him), though the plan failed before it could be executed. According to the details, after the incident of Bir Maunah (Safar, A. H. 4) Amr bin Umayyah Damri slew by mistake two men of the Bani Amir in retaliation, who actually belonged to a tribe which was allied to the Muslims, but Amr had mistaken them for the men of the enemy. Because of this mistake their blood money became obligatory on the Muslims. Since the Bani an-Nadir were also a party in the alliance with the Bani Amir, the Prophet (peace be upon him) went to their clan along with some of his companions to ask for their help in paying the blood**

money. Outwardly they agreed to contribute, as he wished, but secretly they plotted that a person should go up to the top of the house by whose wall the Prophet (peace be upon him) was sitting and drop a rock on him to kill him. But before they could execute their plan, he was informed in time and he immediately got up and returned to Al-Madinah.

Now there was no question of showing them any further concession. The Prophet (peace be upon him) at once sent to them the ultimatum that the treachery they had meditated against him had come to his knowledge; therefore, they were to leave Al-Madinah within ten days. If anyone of them was found staying behind in their quarters, he would be put to the sword. Meanwhile Abdullah bin Ubayy sent them the message that he would help them with two thousand men and that the Bani Quraizah and Bani Ghatafan also would come to their aid; therefore, they should stand firm and should not go. On this false assurance they responded to the Prophet's (peace be upon him) ultimatum saying that they would not leave Al-Madinah and he could do whatever was in his power. Consequently, in Rabi al-Awwal, A. H. 4, the Prophet (peace be upon him) laid siege to them, and after a few days of the siege (which according to some traditions were 6 and according to others 15 days) they agreed to leave Al-Madinah on the condition that they could retain all their property which they could carry on thee camels, except the armor. Thus, Al-Madinah was rid of this second mischievous tribe of Jews. Only two of the Bani an-Nadir

**became Muslims and stayed behind. Others went to Syria and Khaiber.**

**This is the event that has been discussed in this Surah.**

## Theme and Subject Matter

**The theme of the Surah as stated above, is an appraisal of the battle against the Bani an-Nadir. In this, on the whole, four things have been discussed.**

**1. In the first four verses the world has been admonished to take heed of the fate that had just befallen the Bani an-Nadir. A major tribe which was as strong in numbers as the Muslims, whose people boasted of far more wealth and possession, who were by no means ill equipped militarily and whose forts were well fortified, could not stand siege even for a few days, and expressed their readiness to accept banishment from their centuries old, well established settlement even though not a single man from among them was slain. Allah says that this happened not because of any power possessed by the Muslims but because the Jews had tried to resist and fight Allah and His Messenger (peace be upon him), and those who dare to resist the power of Allah, always meet with the same fate.**

**2. In verse 5, the rule of the law of war that has been enunciated is: The destruction caused in the enemy territory for military purposes does not come under spreading mischief in the earth.**

**3. In verses 6-10 it has been stated how the lands and properties, which come under the control of the Islamic State as a result of war or peace terms, are to be managed. As it was the first ever occasion that the Muslims took**

control of a conquered territory, the law concerning it was laid down for their guidance.

4. In verses 11-17 the attitude that the hypocrites had adopted on the occasion of the battle against the Bani an-Nadir has been reviewed and the causes underlying it have been pointed out.

5. The entire last section (verses 18-24) is an admonition for all those people who had professed to have affirmed the faith and joined the Muslim community, but were devoid of the true spirit of the faith. In it they have been told what is the real demand of the faith, what is the real difference between piety and wickedness, what is the place and importance of the Quran which they professed to believe in, and what are the attributes of God in Whom they claimed to have believed.

## نام

دوسری آیت کے فقرے اَخْرَجَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتٰبِ مِنْ دِیَارِھِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ سے ماخوذ ہے۔ مراد یہ ہے کہ یہ وہ سورۃ ہے جس میں لفظ الحشر آیا ہے۔

## زمانۂ نزول

بخاری و مسلم میں حضرت سعید بن جبیر کی روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے سور حشر کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ یہ غزوہ بنی نضیر کے بارے میں نازل ہوئی تھی جس طرح سورہ انفال غزوہ بدر کے بارے میں نازل ہوئی۔ حضرت سعید بن جبیر کی دوسری روایت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے الفاظ یہ ہیں کہ : قل سورۃ النَّضِیْرِ یعنی یوں کہو کہ یہ سورہ نضیر ہے۔ یہی بات مجاہد، قتادہ، زہری، ابن زید، یزید بن رومان، محمد بن اسحاق وغیرہ حضرات سے بھی مروی ہے۔ ان سب کا متفقہ بیان یہ ہے کہ اس میں جن اہل کتاب کے نکالے جانے کا ذکر ہے ان سے مراد بنی النضیر ہی ہیں۔ یزید بن رومان، مجاہد اور

محمد بن اسحاق کا قول یہ ہے کہ از اول تا آخر یہ پوری سورۃ اسی غزوہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

اب رہا یہ سوال کہ یہ غزوہ کب واقع ہوا تھا؟ امام زہری نے اس کے متعلق عزوہ بن زبیر کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ یہ جنگ بدر کے چھ مہینے بعد ہوا ہے۔ لیکن ابن سعد، ابن ہشام اور بلاَذُری اسے ربیع الاول 4 ہجری کا واقعہ بتاتے ہیں، اور یہی صحیح ہے۔ کیوں کہ تمام روایات اس امر میں متفق ہیں یہ غزوہ بر معونہ کے سانحہ کے بعد پیش آیا تھا، اور یہ بات بھی تاریخی طور پر ثابت ہے کہ بر معونہ کا سانحہ جنگ احد کے بعد رونما ہوا ہے نہ کہ اس سے پہلے۔

## تاریخی پس منظر

اس سورہ کے مضامین کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ مدینہ طیبہ اور حجاز کے یہودیوں کی تاریخ پر ایک نگاہ ڈال لی جائے، کیوں کہ اس کے بغیر آدمی ٹھیک یہ نہیں جان سکتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر کار ان کے مختلف قبائل کے ساتھ جو معاملہ کیا اس کے حقیقی اسباب کیا تھے۔ عرب کے یہودیوں کی کوئی مستند تاریخ دنیا میں موجود نہیں ہے۔ انہوں نے خود اپنی کوئی ایسی تحریر کسی کتاب یا کتبے کی شکل میں نہیں چھوڑی ہے جس سے ان کے ماضی پر کوئی روشنی پڑ سکے۔ اور عرب سے باہر کے یہودی مؤرخین و مصنفین نے ان کا کوئی ذکر نہیں کیا ہے جس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ جزیرۃ العرب میں آکر وہ اپنے بقیہ ابنائے ملت سے بچھڑ گئے تھے، اور دنیا کے یہودی سرے سے ان کو اپنوں میں شمار ہی نہیں کرتے تھے، کیونکہ انہوں نے عبرانی تہذیب، زبان، حتیٰ کہ نام تک چھوڑ کر عربیت اختیار کر لی تھی۔ حجاز کے آثار قدیمہ میں جو کتبات ملے ہیں ان میں پہلی صدی عیسوی سے قبل یہودیوں کا کوئی نشان نہیں ملتا، اور ان میں بھی صرف چند یہودی نام ہی پائے جاتے ہیں۔ اس لیے یہود عرب کی تاریخ کا بیشتر انحصار ان زبانی روایات پر ہے جو اہل عرب میں مشہور تھیں، اور ان میں اچھا خاصا حصہ خود یہودیوں کا اپنا پھیلا ہوا تھا۔ حجاز کے یہودیوں کا یہ دعویٰ تھا کہ سب سے پہلے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے آخر عہد میں یہاں آکر آباد ہوئے تھے۔ اس کا قصہ وہ یہ بیان کرتے تھے کہ حضرت موسیٰ نے ایک لشکر یثرب کے علاقے سے عمالقہ کو نکالنے کے لیے بھیجا تھا اور اسے حکم دیا تھا کہ اس قوم کے کسی شخص کو زندہ نہ چھوڑیں، بنی اسرائیل کے

اس لشکر نے یہاں آکر فرمان نبی کی تعمیل کی، مگر عمالقہ کے بادشاہ کا ایک لڑکا بڑا خوبصورت جوان تھا، اسے انہوں نے زندہ رہنے دیا اور اس کو ساتھ لیے ہوئے فلسطین واپس پہنچے۔ اس وقت حضرت موسیٰ کا انتقال ہو چکا تھا۔ ان کے جانشینوں نے اس بات پر سخت اعتراض کیا کہ ایک عمالیقی کو زندہ چھوڑ دینا نبی کے فرمان اور شریعت موسوی کے احکام کی صریح خلاف ورزی ہے۔ اس بنا پر انہوں نے اس لشکر کو اپنی جماعت سے خارج کر دیا، اور اسے مجبوراً یثرب واپس آکر یہیں بس جانا پڑا (کتاب الاغانی، ج 19، ص 94)۔ اس طرح یہودی گویا اس بات کے مدعی تھے کہ وہ 12 سو برس قبل مسیح سے یہاں آباد ہیں۔ لیکن در حقیقت اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے، اور اغلب یہ ہے کہ یہودیوں نے یہ افسانہ اس لیے گھڑا تھا کہ اہل عرب پر اپنے قدیم الاصل اور عالی نسب ہونے کی دھونس جمائیں۔

دوسری یہودی مہاجرت، خود یہودیوں کی اپنی روایت کے مطابق 587 قبل مسیح میں ہوئی جبکہ بابل کے بادشاہ بخت نصر نے بیت المقدس کو تباہ کر کے یہودیوں کو دنیا بھر میں تتر بتر کر دیا تھا۔ عرب کے یہودی کہتے تھے کہ اس زمانے میں ہمارے متعدد قبائل آکر وادی القریٰ، تیماء اور یثرب میں آباد ہو گئے تھے (فتوح البلدان، البالاذری)۔ لیکن اس کا بھی کوئی تاریخی ثبوت نہیں ہے۔ بعید نہیں کہ اس سے بھی وہ اپنی قدامت ثابت کرنا چاہتے ہوں۔

در حقیقت جو بات ثابت ہے وہ یہ ہے کہ جب 70 عیسوی میں رومیوں نے فلسطین میں یہودیوں کا قتل عام کیا، اور پھر 132ء میں انہیں اس سرزمین سے بالکل نکال باہر کیا، اس دور میں بہت سے یہودی قبائل بھاگ کر حجاز میں پناہ گزین ہوئے تھے، کیونکہ یہ علاقہ فلسطین کے جنوب میں متصل ہی واقع تھا۔ یہاں آکر انہوں نے جہاں جہاں چشمے اور سرسبز مقامات دیکھے، وہاں ٹھیر گئے اور پھر رفتہ رفتہ اپنے جوڑ توڑ اور سود خواری کے ذریعہ سے ان پر قبضہ جما لیا۔ ایلہ، مقنا، تبوک، تیماء، وادی القریٰ، فدک، اور خیبر پر ان کا تسلط اسی دور میں قائم ہوا۔ اور بنی قریظہ، بنی نضیر، بنی بہدل، اور بنی قینقاع بھی اسی دور میں آکر یثرب پر قابض ہوئے۔ یثرب میں آباد ہونے والے قبائل میں سے بنی نضیر اور بنی قریظہ زیادہ ممتاز تھے، کیونکہ وہ کاہنوں (Priests) یا (Co hens) کے طبقہ میں سے تھے، انہیں یہودیوں میں عالی نسب مانا جاتا تھا اور ان کو

اپنی ملت میں مذہبی ریاست حاصل تھی۔ یہ لوگ جب مدینہ میں آکر آباد ہوئے اس وقت کچھ دوسرے عرب قبائل یہاں رہتے تھے جن کو انہوں نے دبا لیا اور عملاً اس سرسبز و شاداب مقام کے مالک بن بیٹھے۔ اس کے تقریباً تین صدی بعد 450ء یا 451ء میں یمن کے اس سیلاب عظیم کا واقعہ پیش آیا جس کا ذکر سورہ سبا کے دوسرے رکوع میں گزر چکا ہے۔ اس سیلاب کی وجہ سے قوم سبا کے مختلف قبیلے یمن سے نکل کر عرب کے اطراف میں پھیل جانے پر مجبور ہوئے۔ ان میں سے غسانی شام میں، لخمی جیرہ (عراق) میں، بنی خزاعہ جدہ و مکہ کے درمیان، اور اَوس و خزرج یثرب میں جا کر آباد ہوئے۔ یثرب پر چونکہ یہودی چھائے ہوئے تھے، اس لیے انہوں نے اول اول اوس و خزرج کی دال نہ گلنے دی اور یہ دونوں عرب قبیلے چار و ناچار بنجر زمینوں پر بس گئے جہاں ان کو قوت لایموت بھی مشکل سے حاصل ہوتا تھا۔ آخر کار ان کے سرداروں میں سے ایک شخص اپنے غسانی بھائیوں سے مدد مانگنے کے لیے شام گیا اور وہاں سے ایک لشکر لا کر اس نے یہودیوں کا زور توڑ دیا۔ اس طرح اوس، و خزرج کو یثرب پر پورا غلبہ حاصل ہو گیا۔ یہودیوں کے دو بڑے قبیلے، بنی نضیر اور بنی قریظہ شہر کے باہر جا کر بسنے پر مجبور ہو گئے۔ تیسرے قبیلے بنی قلینقاع کی چونکہ ان دونوں قبیلوں سے ان بن تھی اس لیے وہ شہر کے اندر ہی مقیم رہا، مگر یہاں رہنے کے لیے اسے قبیلہ خزرج کی پناہ لینی پڑی۔ اور اس کے مقابلہ میں بنی نضیر و بنی قریظہ نے قبیلہ اوس کی پناہ لی تاکہ اطراف یثرب میں امن کے ساتھ رہ سکیں۔ ذیل کے نقشہ سے واضح ہو گا کہ اس نئے انتظام کے ماتحت یثرب اور اس کے نواح میں یہودی بستیاں کہاں کہاں تھیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے پہلے، آغاز ہجرت تک، حجاز میں عموماً اور یثرب میں خصوصاً یہودیوں کی پوزیشن کے نمایاں خدوخال یہ تھے:

زبان، لباس، تہذیب، تمدن، ہر لحاظ سے انہوں نے پوری طرح عربیت کا رنگ اختیار کر لیا تھا، حتیٰ کہ ان کی غالب اکثریت کے نام تک عربی ہو گئے تھے۔ 12 یہودی قبیلے جو حجاز میں آباد ہوئے تھے، ان میں سے بنی زَعوراء کے سوا کسی قبیلے کا نام عبرانی نہ تھا۔ ان کے چند گنے چنے علماء کے سوا کوئی عبرانی جانتا تک نہ تھا۔ زمانہ جاہلیت کے یہودی شاعروں کا جو کلام ہمیں ملتا ہے ان کی زبان اور خیالات اور مضامین میں شعرائے

عرب سے الگ کوئی امتیازی شان نہیں پائی جاتی جو انہیں ممیز کرتی ہو۔ ان کے اور عربوں کے درمیان شادی بیاہ تک کے تعلقات قائم ہو چکے تھے۔ در حقیقت ان میں اور عام عربوں میں دین کے سوا کوئی فرق باقی نہ رہا تھا۔ لیکن ان ساری باتوں کے باوجود وہ عربوں میں جذب بالکل نہ ہوئے تھے، اور انہوں نے شدت کے ساتھ اپنی یہودی عصبیت برقرار رکھی تھی۔ یہ ظاہری عربیت انہوں نے صرف اس لیے اختیار کی تھی کہ اس کے بغیر وہ عرب میں نہ رہ سکتے تھے۔

ان کی اس عربیت کی وجہ سے مغربی مستشرقین کو یہ دھوکا ہوا ہے کہ شاید یہ بنی اسرائیل نہ تھے بلکہ یہودی مذہب قبول کرنے والے عرب تھے، یا کم ازکم ان کی اکثریت عرب یہودیوں پر مشتمل تھی۔ لیکن اس امر کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ملتا کہ یہودیوں نے حجاز میں کبھی کوئی تبلیغی سرگرمی دکھائی ہو، یا ان کے علماء نصرانی پادریوں اور مشنریوں کی طرح اہل عرب کو دین یہود کی طرف دعوت دیتے ہوں۔ اس کے برعکس ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ان کے اندر اسرائیلیت کا شدید تعصب اور نسلی فخر و غرور پایا جاتا تھا۔ اہل عرب کو وہ اُمی (Gentiles) کہتے تھے، جس کے معنی صرف ان پڑھ کے نہیں بلکہ وحشی اور جاہل کے تھے۔ ان کا عقیدہ یہ تھا کہ ان امیوں کو وہ انسانی حقوق حاصل نہیں ہیں جو اسرائیلیوں کے لیے ہیں اور ان کا مال ہر جائز و ناجائز طریقے سے مار کھانا اسرائیلیوں کے لیے حلال وطیب ہے۔ سرداران عرب کے ماسوا، عام عربوں کو وہ اس قابل نہ سمجھتے تھے کہ انہیں دین یہود میں داخل کر کے برابر کا درجہ دے دیں۔ تاریخی طور پر اس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا، نہ روایات عرب میں ایسی کوئی شہادت ملتی ہے کہ کسی عرب قبیلے یا کسی بڑے خاندان نے یہودیت قبول کی ہو۔ البتہ بعض افراد کا ذکر ضرور ملتا ہے جو یہودی ہو گئے تھے۔ ویسے بھی یہودیوں کو تبلیغ دین کے بجائے صرف اپنے کاروبار سے دلچسپی تھی۔ اسی لیے حجاز میں یہودیت ایک دین کی حیثیت سے نہیں پھیلی بلکہ محض چند اسرائیلی قبیلوں کا سرمایہ فخر وناز ہی بنی رہی۔ البتہ یہودی علماء نے تعویذ گنڈوں اور فال گیری اور جادوگری کا کاروبار خوب چمکا رکھا تھا جس کی وجہ سے عربوں پر ان کے "علم" اور "عمل" کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔

معاشی حیثیت سے ان کی پوزیشن عرب قبائل کی بہ نسبت زیادہ مضبوط تھی۔ چونکہ وہ فلسطین و شام کے زیادہ

متمدن علاقوں سے آئے تھے، اس لیے وہ بہت سے ایسے فنون جانتے تھے جو اہل عرب میں رائج نہ تھے۔ اور باہر کی دنیا سے ان کے کاروباری تعلقات بھی تھے۔ ان وجوہ سے یثرب اور بالائی حجاز میں غلے کی درآمد اور یہاں سے چھواروں کی برآمد ان کے ہاتھ میں آگئی تھی۔ مرغ بانی اور ماہی گیری پر بھی زیادہ تر انہی کا قبضہ تھ۔ پارچہ بانی کا کام بھی ان کے ہاں ہوتا تھا۔ جگہ جگہ میخانے بھی انہوں نے قائم کر رکھے تھے جہاں شام سے شراب لاکر فروخت کی جاتی تھی۔ نبی قینقاع زیادہ تر سنار اور لوہار اور ظروف سازی کا پیشہ کرتے تھے۔ اس سارے بنج بیوپار میں یہ یہودی بے تحاشا منافع خوری کرتے تھے۔ لیکن ان کا سب سے بڑا کاروبار سود خواری کا تھا جس کے جال میں انہوں نے گردوپیش کی عرب آبادیوں کو پھانس رکھا تھا،اور خاص طور پر عرب قبائل کے شیوخ اور سردار، جنہیں قرض لے لے کر ٹھاٹھ جمانے اور شیخی بگھارنے کی بیماری لگی ہوئی تھی، ان کے پھندے میں پھنسے ہوئے تھے۔ یہ بھاری شرح سود پر قرضے دیتے، اور پھر سود در سود کا چکر چلاتے تھے جس کی گرفت میں آجانے کے بعد مشکل ہی سے کوئی نکل سکتا تھا۔ اس طرح انہوں نے عربوں کو معاشی حیثیت سے کھوکھلا کر رکھا تھا، مگر اس کا فطری نتیجہ یہ بھی تھا کہ عربوں میں بالعموم ان کے خلاف ایک گہری نفرت پائی جاتی تھی۔

ان کے تجارتی اور مالی مفادات کا تقاضا یہ تھا کہ عربوں میں کسی کے دوست بن کر کسی سے نہ بگاڑیں اور نہ ان کی باہمی لڑائیوں میں حصہ لیں۔ لیکن دوسری طرف ان کے مفاد ہی کا تقاضا یہ بھی تھا کہ عربوں کو باہم متحد نہ ہونے دیں، اور انہیں ایک دوسرے سے لڑاتے رہیں، کیونکہ وہ اس بات کو جانتے تھے کہ جب بھی عرب قبیلے باہم متحد ہوئے، وہ ان بڑی بڑی جائدادوں اور باغات اور سرسبز زمینوں پر انہیں قابض نہ رہنے دیں گے جو انہوں نے اپنی منافع خوری اور سود خواری سے پیدا کی تھیں۔ مزید برآں اپنی حفاظت کے لیے ان کے ہر قبیلے کو کسی نہ کسی طاقت ور عرب قبیلے سے حلیفانہ تعلقات بھی قائم کرنے پڑتے تھے، تاکہ کوئی دوسرا زبردست قبیلہ ان پر ہاتھ نہ ڈال سکے۔ اس بنا پر بارہا انہیں نہ صرف ان عرب قبائل کی باہمی لڑائیوں میں حصہ لینا پڑتا تھا، بلکہ بسا اوقات ایک یہودی قبیلہ اپنے حلیف عرب قبیلہ کے ساتھ مل کر کسی دوسرے یہودی قبیلے کے خلاف جنگ آزما ہو جاتا تھا جس کے حلیفانہ تعلقات فریق مخالف سے ہوتے تھے۔ یثرب

میں بنی قریظہ اور بنی نضیر اوس کے حلیف تھے اور بنی قینقاع خزرج کے۔ ہجرت سے تھوڑی مدت پہلے اوس اور خزرج کے درمیان جو خونریز لڑائی بعاث کے مقام پر ہوئی تھی اس میں یہ اپنے حلیفوں کے ساتھ مل کر ایک دوسرے سے نبرد آزما ہوئے تھے۔

یہ حالات تھے جب مدینے میں اسلام پہنچا اور بالآخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد وہاں ایک اسلامی ریاست وجود میں آئی۔ آپ نے اس ریاست کو قائم کرتے ہی جو اولین کام کیے ان میں سے ایک یہ تھا کہ اوس اور خزرج اور مہاجرین کو ملا کر ایک برادری بنائی، اور دوسرا یہ تھا کہ اس مسلم معاشرے اور یہودیوں کے درمیان واضح شرائط پر ایک معاہدہ طے کیا جس میں اس امر کی ضمانت دی گئی تھی کہ کوئی کسی کے حقوق پر دست درازی نہ کرے گا اور بیرونی دشمنوں کے مقابلے میں یہ سب متحدہ دفاع کریں گے۔ اس معاہدے کے چند اہم فقرے یہ ہیں جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہود اور مسلمانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ تعلقات میں کن امور کی پابندی قبول کی تھی:

ان علی الیھود نفقتھم و علی المسلمین نفقتھم ، وان بینھم النصر علیٰ من حارب اھل ھٰذہ الصحیفہ، وان بینھم النصح النصیحہ والبردون الاثم ، وانہ لم یا ثم امرؤٌ بحلیفہ، وان الجصر للمظلوم، وان الیھود ینفقون مع المؤمنین ماداموا محاربین، وان یثرب حرام جوفھا لاھل ھٰذہ الصحیفہ . . . . . . . . . وانہ ما کان بین اھل ھٰذہ الصحیفہ من حَدَثٍ او اشتجار یخاف فسادہ فان مردہ الی اللہ عزوجل و الیٰ محمد رسول اللہ . . . . . . . . . وانہ لاتجار قریش ولا من نصرھا، وان بینھم النصر علی من دھم یثرب۔ علی کل اناس حصتھم من جانبھم الذی قِبَلَھم۔ (ابن ہشام، ج 2، ص 147 تا 150)

"یہ کہ یہودی اپنا خرچ اٹھائیں گے اور مسلمان اپنا خرچ، اور یہ کہ اس معاہدے کے شرکاء حملہ آور کے مقابلہ میں ایک دوسرے کی مدد کے پابند ہوں گے۔ اور یہ کہ وہ خلوص کے ساتھ ایک دوسرے کی خیر خواہی کریں گے اور ان کے درمیان نیکی و حق رسانی کا تعلق ہو گا نہ کہ گناہ اور زیادتی کا، اور یہ کہ کوئی اپنے حلیف کے ساتھ

زیادتی نہیں کرے گا، اور یہ کہ مظلوم کی حمایت کی جائے گی، اور یہ کہ جب تک جنگ رہے یہودی مسلمانوں کے ساتھ مل کر اس کے مصارف اٹھائیں گے، اور یہ کہ اس معاہدے کے شرکاء پر یثرب میں کسی نوعیت کا فتنہ و فساد کرنا حرام ہے، اور یہ کہ اس معاہدے کے شرکاء کے درمیان اگر کوئی ایسا قضیہ یا اختلاف رونما ہو جس سے فساد کا خطرہ ہو تو اس کا فیصلہ اللہ کے قانون کے مطابق محمد رسول اللہ کریں گے،........... اور یہ کہ قریش اور اس کے حامیوں کو پناہ نہیں دی جائے گی اور یہ کہ یثرب پر جو بھی حملہ آور ہو اس کے مقابلے میں شرکاء معاہدہ ایک دوسرے کی مدد کریں گے ......... ہر فریق اپنی جانب کے علاقے کی مدافعت کا ذمہ دار ہو گا۔

یہ ایک قطعی اور واضح معاہدہ تھا جس کی شرائط یہودیوں نے خود قبول کی تھیں۔ لیکن بہت جلدی انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف معاندانہ روش کا اظہار شروع کر دیا اور ان کا عناد روز بروز سخت تر ہوتا چلا گیا۔ اس کے بڑے بڑے وجوہ تین تھے۔

ایک یہ کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو محض ایک رئیس قوم دیکھنا چاہتے تھے جو ان کے ساتھ بس ایک سیاسی معاہدہ کر کے رہ جائے اور صرف اپنے گروہ کے دنیوی مفاد سے سروکار رکھے مگر انہوں نے دیکھا کہ آپ تو اللہ اور آخرت اور رسالت اور کتاب پر ایمان لانے کی دعوت دے رہے ہیں (جس میں خود ان کے اپنے رسولوں اور کتابوں پر ایمان لانا بھی شامل تھا) اور معصیت چھوڑ کر ان احکام الٰہی کی اطاعت اختیار کرنے اور ان اخلاقی حدود کی پابندی کرنے کی طرف بلا رہے ہیں جن کی طرف خود ان کے انبیاء بھی دنیا کو بلاتے رہے ہیں۔ یہ چیز ان کو سخت ناگوار تھی۔ ان کو خطرہ پیدا ہو گیا کہ یہ عالمگیر اصولی تحریک اگر چل پڑی تو اس کا سیلاب ان کی جامد مذہبیت اور ان کی نسلی قومیت کو بہا لے جائے گا۔

دوسرے یہ کہ اوس و خزرج اور مہاجرین کو بھائی بھائی بنتے دیکھ کر، اور یہ دیکھ کر کہ گرد و پیش کے عرب قبائل میں سے بھی جو لوگ اسلام کی اس دعوت کو قبول کر رہے ہیں وہ سب مدینے کی اس اسلامی برادری میں شامل ہو کر ایک ملت بنتے جا رہے ہیں، انہیں یہ خطرہ پیدا ہو گیا کہ صدیوں سے اپنی سلامتی اور اپنے مفادات کی ترقی

کے لیے انہوں نے عرب قبیلوں میں پھوٹ ڈال کر اپنا الو سیدھا کرنے کی جو پالیسی اختیار کر رکھی تھی وہ اب اس نئے نظام میں نہ چل سکے گی بلکہ اب ان کو عربوں کی ایک متحدہ طاقت سے سابقہ پیش آئے گا جس کے آگے ان کی چالیں کامیاب نہ ہو سکیں گی۔

تیسرے یہ کہ معاشرے اور تمدن کی جو اصلاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کر رہے تھے اس میں کاروبار اور لین دین کے تمام نا جائز طریقوں کا سدباب شامل تھا، اور اب سے بڑھ کر یہ کہ سود کو بھی آپ ناپاک کمائی اور حرام خوری قرار دے رہے تھے جس سے انہیں خطرہ تھا کہ اگر عرب پر آپ کی فرمانروائی قائم ہو گئی تو آپ اسے قانوناً ممنوع کر دیں گے۔ اس میں ان کو اپنی موت نظر آتی تھی۔

ان وجوہ سے انہوں نے حضورؐ کی مخالفت کو اپنا قومی نصب العین بنا لیا۔ آپ کو زک دینے کے لیے کوئی چال، کوئی تدبیر اور کوئی ہتھکنڈا استعمال کرنے میں ان کو ذرہ برابر تامل نہ تھا۔ وہ آپ کے خلاف طرح طرح کی جھوٹی باتیں پھیلاتے تھے تاکہ لوگ آپ سے بدگمان ہو جائیں۔ اسلام قبول کرنے والوں کے دلوں میں ہر قسم کے شکوک و شبہات اور وسوسے ڈالتے تھے تاکہ وہ اس دین سے برگشتہ ہو جائیں۔ خود جھوٹ موٹ کا اسلام قبول کرنے کے بعد مرتد ہو جاتے تھے تاکہ لوگوں میں اسلام اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف زیادہ سے زیادہ غلط فہمیاں پھیلائی جا سکیں۔ فتنے برپا کرنے کے لیے منافقین سے ساز باز کرتے تھے۔ ہر اس شخص اور گروہ اور قبیلے سے رابطہ پیدا کرتے تھے جو اسلام کا دشمن ہوتا تھا۔ مسلمانوں کے اندر پھوٹ ڈالنے اور ان کو آپس میں لڑا دینے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیتے تھے۔ اوس اور خزرج کے لوگ خاص طور پر ان کے ہدف تھے جن سے ان کے مدت ہائے دراز کے تعلقات چلے آ رہے تھے۔ جنگ بعاث کے تذکرے چھیڑ چھیڑ کر وہ ان کو پرانی دشمنیاں یاد دلانے کی کوشش کرتے تھے تاکہ ان کے درمیان پھر ایک دفعہ تلوار چل جائے اور اخوت کا وہ رشتہ تار تار ہو جائے جس میں اسلام نے ان کو باندھ دیا تھا۔ مسلمانوں کو مالی حیثیت سے تنگ کرنے کے لیے بھی وہ ہر قسم کی دھاندلیاں کرتے تھے۔ جن لوگوں سے ان کا پہلے سے لین دین تھا، ان میں سے جونہی کوئی شخص اسلام قبول کرتا وہ اس کو نقصان پہنچانے کے درپے ہو جاتے تھے۔ اگر اس سے کچھ لینا ہوتا تو تقاضے کر کر کے اس کا ناک میں دم کر دیتے، اور اگر اسے کچھ دینا ہوتا تو اس کی رقم مار کھاتے تھے اور

علانیہ کہتے تھے کہ جب ہم نے تم سے معاملہ کیا تھا اس وقت تمہارا دین کچھ اور تھا، اب چونکہ تم نے اپنا دین بدل دیا ہے اس لیے ہم پر تمہارا کوئی حق باقی نہیں ہے۔اس کی متعدد مثالیں تفسیر طبری تفسیر نیشاپوری، تفسیر طبرسی اور تفسیر روح المعانی میں سورہ آل عمران، آیت 75 کی تشریح کرتے ہوئے نقل کی گئی ہیں۔ معاہدے کے خلاف یہ کھلی کھلی معاندانہ روش تو جنگ بدر سے پہلے ہی وہ اختیار کر چکے تھے۔ مگر جب بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں کو قریش پر فتح مبین حاصل ہوئی تو وہ تلملا اٹھے اور ان کے بغض کی آگ اور زیادہ بھڑک اٹھی۔ اس جنگ سے وہ یہ امید لگائے بیٹھے تھے کہ قریش کی طاقت سے ٹکرا کر مسلمانوں کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اسی لیے انھوں نے فتح اسلام کی خبر پہنچنے سے پہلے مدینے میں یہ افواہیں اڑانی شروع کر دی تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہید ہو گئے، اور مسلمانوں کو شکست فاش ہوئی، اور اب ابوجہل کی قیادت میں قریش کا لشکر مدینے کی طرف بڑھا چلا آرہا ہے۔ لیکن جب نتیجہ ان کی امیدوں اور تمناؤں کے خلاف نکلا تو وہ غم اور غصے کے مارے پھٹ پڑے۔ بنی نضیر کا سردار کعب بن اشرف چیخ اٹھا کہ " خدا کی قِسم اگر محمدؐ نے ان اشراف عرب کو قتل کر دیا ہے تو زمین کا پیٹ ہمارے لیے اس کی پیٹھ سے زیادہ بہتر ہے "۔ پھر وہ مکہ پہنچا اور بدر میں جو سرداران قریش مارے گئے تھے ان کے نہایت اشتعال انگیز مرثیے کہہ کر مکہ والوں کو انتقام پر اکسایا۔ پھر مدینہ واپس آکر اس نے اپنے دل کی جلن نکالنے کے لیے ایسی غزلیں کہنی شروع کیں جن میں مسلمان شرفاء کی بہو بیٹیوں کے ساتھ عشق کیا گیا تھا۔ آخر کار اس کی شرارتوں سے تنگ آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ربیع الاول 3 ھ میں محمد بن مسلمہ انصاری کو بھیج کر اسے قتل کرا دیا (ابن سعد، ابن ہشام، تاریخ طبری)۔

یہودیوں کا پہلا قبیلہ جس نے اجتماعی طور پر جنگ بدر کے بعد کھلم کھلا اپنا معاہدہ توڑ دیا، بنی قینقاع تھا، یہ لوگ خود شہر مدینہ کے اندر ایک محلہ میں آباد تھے اور چونکہ یہ سنار، لوہار اور ظروف ساز تھے، اس لیے ان کے بازار میں اہل مدینہ کو کثرت سے جانا آنا پڑتا تھا۔ ان کو اپنی شجاعت پر بڑا ناز تھا۔ آہن گر ہونے کی وجہ سے ان کا بچہ بچہ مسلح تھا۔ سات سو مردان جنگی ان کے اندر موجود تھے۔ اور ان کو اس بات کا بھی زعم تھا کہ قبیلہ خزرج سے ان کے پرانے حلیفانہ تعلقات تھے اور خزرج کا سردار عبداللہ بن ابی ان کا پشتیبان تھا۔ بدر کے واقعہ سے یہ

اس قدر مشتعل ہوئے کہ انہوں نے اپنے بازار میں آنے جانے والے مسلمانوں کو ستانا، اور خاص طور پر ان کی عورتوں کو چھیڑنا شروع کر دیا۔ رفتہ رفتہ نوبت یہاں تک پہنچی کہ ایک روز ان کے بازار میں ایک مسلمان عورت کو بر سر عام برہنہ کر دیا گیا۔ اس پر سخت جھگڑا ہوا اور ہنگامے میں ایک مسلمان اور ایک یہودی قتل ہو گیا۔ جب حالات اس حد کو پہنچ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے محلہ میں تشریف لے گئے اور ان کو جمع کر کے آپ نے ان کو راہ راست پر آنے کی تلقین فرمائی۔ مگر انہوں نے جواب دیا "اے محمدؐ، تم نے شاید ہمیں بھی قریش سمجھا ہے؟ وہ لڑنا نہیں جانتے تھے، اس لیے تم نے انہیں مار لیا۔ ہم سے سابقہ پیش آئے گا تو تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ مرد کیسے ہوتے ہیں۔" یہ گویا صاف صاف اعلان جنگ تھا۔ آخر کار رسول اللہ علیہ وسلم نے شوال (اور بروایت بعض ذی القعدہ) 2ھ کے آخر میں ان کے محلہ کا محاصرہ کر لیا۔ صرف پندرہ روز ہی یہ محاصرہ رہا تھا کہ انہوں نے ہتھیار ڈال دیے اور ان کے تمام قابل جنگ آدمی باندھ لیے گئے۔ اب عبداللہ بن ابی ان کی حمایت کے لیے اٹھ کھڑا ہوا اور اس نے سخت اصرار کیا کہ آپ انہیں معاف کر دیں۔ چنانچہ حضور نے اس کی درخواست قبول کر کے یہ فیصلہ فرما دیا کہ بنی قینقاع اپنا سب مال، اسلحہ اور آلات صنعت چھوڑ کر مدینہ سے نکل جائیں (ابن سعد، ابن ہشام، تاریخ طبری)۔ ان دو سخت اقدامات (یعنی بنی قینقاع کے اخراج اور کعب بن اشرف کے قتل) سے کچھ مدت تک یہودی اتنے خوف زدہ رہے کہ انہیں کوئی مزید شرارت کرنے کی ہمت نہ ہوئی۔ مگر اس کے بعد شوال 3ھ میں قریش کے لوگ جنگ بدر کا بدلہ لینے کے لیے بڑی تیاریوں کے ساتھ مدینہ پر چڑھ کر آئے، اور ان یہودیوں نے دیکھا کہ قریش کی تین ہزار فوج کے مقابلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صرف ایک ہزار آدمی لڑنے کے لیے نکلے ہیں، اور ان میں سے بھی تین سو منافقین الگ ہو کر پلٹ آئے ہیں، تو انہوں نے معاہدے کی پہلی اور صریح خلاف ورزی اس طرح کی کہ مدینہ کی مدافعت میں آپ کے ساتھ شریک نہ ہوئے، حالانکہ وہ اس کے پابند تھے۔ پھر جب معرکہ احد میں مسلمانوں کو نقصان عظیم پہنچا تو ان کی جرائیں اور بڑھ گئیں، یہاں تک کہ بنی نضیر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے لیے باقاعدہ ایک سازش کی جو عین وقت پر ناکام ہو گئی اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ بئر معونہ کے سانحہ (صفر 4ھ) کے بعد عمرو بن امیہ ضمری نے انتقامی کارروائی

کے طور پر غلطی سے بنی عامر کے دو آدمیوں کو قتل کر دیا جو دراصل ایک معاہد قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے مگر عمرو نے ان کو دشمن قبیلہ کے آدمی سمجھ لیا تھا۔ اس غلطی کی وجہ سے ان کا خون بہا مسلمانوں پر واجب آگیا تھا، اور چونکہ بنی عامر کے ساتھ معاہدے میں بنی نضیر بھی شریک تھے، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم چند صحابہ کے ساتھ خود ان کی بستی میں تشریف لے گئے تاکہ خون بہا کی ادائیگی میں ان کو بھی شرکت کی دعوت دیں۔ وہاں انھوں نے آپ کو چکنی چپڑی باتوں میں لگایا اور اندر ہی اندر یہ سازش کی کہ ایک شخص اس مکان کی چھت پر سے آپ کے اوپر ایک بھاری پتھر گرا دے جس کی دیوار کے سائے میں آپ تشریف فرما تھے۔ مگر قبل اس کے کہ وہ اپنی اس تدبیر پر عمل کرتے، اللہ تعالیٰ نے آپ کو بروقت خبردار کر دیا، اور آپ فوراً وہاں سے اٹھ کر مدینہ واپس تشریف لے آئے۔

اب ان کے ساتھ کسی رعایت کا سوال باقی نہ رہا۔ حضورؐ نے ان کو بلاتاخیر یہ الٹی میٹم بھیج دیا کہ تم نے جو غداری کرنی چاہی تھی وہ میرے علم میں آگئی ہے۔ لہٰذا دس دن کے اندر مدینہ سے نکل جاؤ، اس کے بعد اگر تم یہاں ٹھیرے رہے تو جو شخص بھی تمہاری بستی میں پایا جائے گا۔ اس کی گردن ماردی جائے گی۔ دوسری طرف عبداللہ بن ابی نے ان کو پیغام بھیجا کہ میں دو ہزار آدمیوں سے تمہاری مدد کروں گا، بنی قریظہ اور بنی غطفان بھی تمہاری مدد کو آئیں گے، تم ڈٹ جاؤ اور ہرگز اپنی جگہ نہ چھوڑو۔ اس جھوٹے بھروسے پر انہوں نے حضورؐ کے الٹی میٹم کا یہ جواب دیا کہ ہم یہاں سے نہیں نکلیں گے، آپ سے جو کچھ ہو سکے کر لیجیے۔ اس پر ربیع الاول 4 ھ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا محاصرہ کر لیا، اور صرف چند روز کے محاصرہ کے بعد (جس کی مدت بعض روایات میں چھ دن اور بعض میں پندرہ دن آئی ہے) وہ اس شرط پر مدینہ چھوڑ دینے کے لیے راضی ہو گئے کہ اسلحہ کے سوا جو کچھ بھی وہ اپنے اونٹوں پر لاد کر لے جا سکیں گے لے جائیں۔ اس طرح یہودیوں کے اس دوسرے شریر قبیلے سے مدینہ کی سرزمین خالی کرالی گئی۔ ان میں سے صرف دو آدمی مسلمان ہو کر یہاں ٹھیر گئے۔ باقی شام اور خیبر کی طرف نکل گئے۔

یہی واقعہ ہے جس سے اس سورہ میں بحث کی گئی ہے۔

## موضوع اور مضامین

سورۃ کا موضوع، جیساکہ اوپر بیان ہوا، جنگ بنی نضیر پر تبصرہ ہے۔ اس میں بحیثیت مجموعی چار مضامین بیان ہوئے ہیں۔

(1)۔ پہلی چار آیتوں میں دنیا کو اس انجام سے عبرت دلائی گئی ہے جو ابھی بنی نضیر نے دیکھا تھا۔ ایک بڑا قبیلہ جس کے افراد کی تعداد اس وقت مسلمانوں کی تعداد سے کچھ کم نہ تھی، جو مال و دولت میں مسلمانوں سے بہت بڑھا ہوا تھا، جس کے پاس جنگی سامان کی بھی کمی نہ تھی، جس کی گڑھیاں بڑی مضبوط تھیں، صرف چند روز کے محاصرے کی تاب بھی نہ لا سکا اور بغیر اس کے کہ کسی ایک آدمی کے قتل کی بھی نوبت آئی ہوتی وہ اپنی صدیوں کی جمائی بستی چھوڑ کر جلا وطنی قبول کرنے پر آمادہ ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ یہ مسلمانوں کی طاقت کا کرشمہ نہیں تھا بلکہ اس بات کا نتیجہ تھا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے نبرد آزما ہوئے تھے اور جو لوگ اللہ کی طاقت سے ٹکرانے کی جرأت کریں وہ ایسے ہی انجام سے دوچار ہوتے ہیں۔

(2)۔ آیت 5 میں قانون جنگ کا یہ قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ جنگی ضروریات کے لیے دشمن کے علاقے میں جو تخریبی کارروائی کی جائے وہ فساد فی الارض کی تعریف میں نہیں آتی۔

(3)۔ آیت 6 سے 10 تک یہ بتایا گیا ہے کہ ان ممالک کی زمینوں اور جائیدادوں کا بندوبست کس طرح کیا جائے جو جنگ یا صلح کے نتیجے میں اسلامی حکومت کے زیر نگیں آئیں۔ چونکہ یہ پہلا موقع تھا کہ ایک مفتوحہ علاقہ مسلمانوں کے قبضہ میں آیا اس لیے یہاں اس کا قانون بیان کر دیا گیا۔

(4)۔ آیت 11 سے 17 تک منافقین کے اس رویہ پر تبصرہ کیا گیا ہے جو انہوں نے جنگ بنی نضیر کے موقع پر اختیار کیا تھا، اور ان اسباب کی نشان دہی کی گئی ہے جو در حقیقت ان کے اس رویہ کی تہ میں کام کر رہے تھے۔

(5)۔ آخری رکوع پورا ایک نصیحت ہے جس کے مخاطب وہ تمام لوگ ہیں جو ایمان کا دعویٰ کر کے مسلمانوں کی گروہ میں شامل ہوگئے ہوں، مگر ایمان کی اصل روح سے خالی ہیں۔ اس میں ان کو بتایا گیا ہے کہ ایمان کا

اصل تقاضا کیا ہے، تقویٰ اور فسق میں حقیقی فرق کیا ہے، جو قرآن کو ماننے کا دعویٰ کر رہے ہیں اس کی اہمیت کیا ہے، اور جس خدا پر ایمان لانے کا وہ اقرار کرتے ہیں وہ کن صفات کا حامل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اللہ کے نام سے جو بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ | In the name of Allah, Most Gracious, Most Merciful. |
| سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ۚ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۱﴾ | تسبیح کی اللہ کی اسنے جو ہے آسمانوں میں اور جو ہے زمین میں اور وہ ہے غالب حکمت والا ۔ *1 | 1. Glorifies Allah whatever is in the heavens and whatever is on the earth. And He is the All Mighty, the All Wise. *1 |

*1 For explanation, see E.Ns 1, 2 of Surah Al-Hadid. The object of this introductory sentence before making an appraisal of the banishment of the Bani an-Nadir is to prepare the mind to understand the truth that the fate this powerful tribe met was not the result of the power of the Muslims but a manifestation of the power of Allah.

*1 تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورہ الحدید، حاشیہ۔1، 2، بنی نضیر کے اخراج پر تبصرہ شروع کرنے سے پہلے یہ تمہیدی فقرہ ارشاد فرمانے سے مقصود ذہن کو یہ حقیقت سمجھنے کے لیے تیار کرنا ہے کہ اس طاقتور یہودی قبیلے کے ساتھ جو معاملہ پیش آیا وہ مسلمانوں کی طاقت کا نہیں بلکہ اللہ کی قدرت کا کرشمہ تھا۔

| | | |
|---|---|---|
| ہُوَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ مِنۡ | وہ ہی ہے جس نے نکال دیا انکو جنھوں نے کفر کیا اہل کتاب میں | 2. He it is who expelled those who disbelieved among the people of the |

Scripture from their homes *2 at the very first assault. *3 You did not think that they would leave, and they thought that indeed their fortresses would protect them from Allah, *4 but Allah came upon them from where they had not expected. *5 And He cast into their hearts terror. They destroyed their houses by their own hands, and the hands of the believers. *6 So take admonition O you who have eyes. *7

سے انکے گھروں سے *2 پہلی لشکر کشی پر۔ *3 نہ تھا تمہارے خیال میں کہ وہ نکل جائینگے اور وہ سمجھے ہوئے تھے کہ ضرور انکو بچا لیں گے انکے قلعے اللہ سے *4 مگر انکو آلیا اللہ نے وہاں سے جہاں نہ تھا انکو گمان *5 اور ڈالدی اسنے انکے دلوں میں دہشت کہ اجاڑنے لگے اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں سے اور مومنوں کے ہاتھوں سے *6 ۔ تو عبرت حاصل کرو اے اہل بصیرت۔ *7

دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا وَ ظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَ اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾

*2 Here, the reader should understand one thing at the outset so as to avoid any confusion about the banishment of the Bani an-Nadir. The Prophet (peace be upon him) had concluded a formal written treaty with the Bani an-Nadir.

They had not broken this agreement as such that it should have become void. But the reason why they were attacked was that after making different kinds of minor violations of it, they at last committed such an offense which amounted to the breach of trust. That is, they plotted to kill the leader of the other party to the treaty, i.e. the Islamic State of Al-Madinah. The plot became exposed, and when they were accused of breaking the agreement they could not deny it. Thereupon, the Prophet (peace be upon him) told them either to leave Al-Madinah or to be ready for a war. This notice was in accordance with this injunction of the Quran: If you ever fear treachery from any people, throw their treaty openly before them. (Surah Al-Anfal, Ayat 58). That is why Allah is describing their exile as His own action, for it was precisely in accordance with divine law. In other words, they were not expelled by the Prophet (peace be upon him) and the Muslims but by Allah Himself. The other reason why Allah has described their exile as His own action has been stated in the following verses.

2*اصل الفاظ ہیں لِاَوَّلِ الْحَشْرِ۔ حشر کے معنی ہیں منتشر افراد کو اکٹھا کرنا، یا بکھرے ہوئے اشخاص کو جمع کر کے نکالنا۔ اور لِاَوَّلِ الْحَشْر کے معنی ہیں پہلے حشر کے ساتھ یا پہلے حشر کے موقع پر۔ اب رہا یہ سوال کی اس جگہ اول حشر سے مراد کیا ہے، تو اس میں مفسرین کے درمیان اختلاف ہے۔ ایک گروہ کے نزدیک اس سے مراد بنی نضیر کا مدینہ سے اخراج ہے، اور اس کو ان کا پہلا حشر اس معنی میں کہا گیا ہے کہ ان کا دوسرا حشر حضرت عمرؓ کے زمانے میں ہوا جب یہود و نصاریٰ کو جزیرۃ العرب سے نکالا گیا، اور آخری حشر قیامت کے روز ہو گا۔ دوسرے گروہ کے نزدیک اس سے مراد مسلمانوں کی فوج کا اجتماع ہے جو بنی نضیر سے جنگ کرنے کے لیے ہوا تھا۔ اور لِاَوَّلِ الْحَشْر کے معنی یہ ہیں کہ ابھی مسلمان ان سے لڑنے کے لیے جمع ہی ہوئے تھے

اور کشت و خون کی نوبت بھی نہ آئی تھی کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے وہ جلا وطنی کے لیے تیار ہو گئے۔ بالفاظ دیگر یہاں یہ الفاظ باوّل وَھلہ کے معنی میں استعمال ہوئے ہیں۔ شاہ ولی اللہ صاحب نے اس کا ترجمہ کیا ہے۔ ''در اوّل جمع کردنِ لشکر''۔ اور شاہ عبدالقادر صاحب کا ترجمہ ہے ''پہلے ہی بھیڑ ہوتے''۔ ہمارے نزدیک یہ دوسرا مفہوم ہی ان الفاظ کا متبادل مفہوم ہے۔

***3 The word *hashr* in the text means to gather the scattered individuals togather or to take out scattered individuals after mustering them together. Thus, the words *li-awwal-il-hashr* mean: with the first *hashr* or on the occasion of the first *hashr*. As for the question, what is implied by the first *hashr* here, the commentators have disagreed on it. According to one group it implies the banishment of the Bani an-Nadir from Al-Madinah, and this has been described as their first *hashr* in the sense that their second *hashr* took place in the time of Umar, when the Jews and the Christians were expelled from the Arabian peninsula, and the final *hashr* will take place on the Day of Resurrection. According to the second group it implies the gathering of the Muslim army together to fight the Bani an-Nadir; and *li-awwal-il-hashr* means that as soon as the Muslims had gathered together to fight them, and no blood yet had been shed, they, by the manifestation of Allah's power, offered to be banished from Al-Madinah of their own accord. In other words, these words have been used here in the meaning of at the very first assault. Shah Waliullah has translated it at the first gathering of the army. Shah Abdul Qadir has translated it at the first mustering. In our opinion this translation very nearly gives**

the meaning of these words.

*3اس مقام پر ایک بات آغاز ہی میں سمجھ لینی چاہیے تاکہ بنی نضیر کے اخراج کے معاملہ میں کوئی ذہنی الجھن پیدا نہ ہو۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بنی نضیر کا باقاعدہ تحریری معاہدہ تھا۔ اس معاہدے کو انہوں نے رد نہیں کیا تھا کہ معاہدہ ختم ہو جاتا۔ لیکن جس وجہ سے ان پر چڑھائی کی گئی وہ یہ تھی کہ انہوں نے بہت سی چھوٹی بڑی خلاف ورزیاں کرنے کے بعد آخر کار ایک صریح فعل ایسا کیا تھا جو نقض عہد کا ہم معنی تھا۔ وہ یہ کہ انہوں نے دوسرے فریق معاہدہ، یعنی مدینہ کی اسلامی ریاست کے صدر کو قتل کرنے کی سازش کی تھی کہ جب ان کو نقض معاہدہ کا الزام دیا گیا تو وہ اس کا انکار نہ کر سکے۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دس دن کا نوٹس دے دیا کہ اس مدت میں مدینہ چھوڑ کر نکل جاؤ، ورنہ تمہارے خلاف جنگ کی جائے گی۔ یہ نوٹس قرآن مجید کے اس حکم کے ٹھیک مطابق تھا کہ ''اگر تم کو کسی قوم سے خیانت (بد عہدی) کا اندیشہ ہو تو اس کے معاہدے کو علانیہ اس کے آگے پھینک دو'' (انفال۔ 58)۔ اسی لیے ان کے اخراج کو اللہ تعالیٰ اپنا فعل قرار دے رہا ہے، کیونکہ یہ ٹھیک قانون الہٰی کے مطابق تھا۔ گویا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمانوں نے نہیں بلکہ اللہ نے نکالا۔ دوسری وجہ جس کی بنا پر اللہ تعالیٰ نے ان کے اخراج کو اپنا فعل قرار دیا ہے آگے کی آیات میں ارشاد فرمائی گئی ہے۔

*4 To understand this one should keep in mind the fact that the Bani an-Nadir had been well established here for centuries. They lived in compact populations outside Al-Madinah without any lien element. Their settlement was well fortified, which had fortified houses as are generally built in feud-ridden tribal areas. Then their numerical strength also equaled that of the Muslims, and inside Al-Madinah itself many of the hypocrites were their supporters. Therefore, the Muslims could never expect that they would, even without fighting, be so unnerved by the siege as to leave their homes willingly. Likewise, the Bani

an-Nadir also could not have imagined that some power would compel them to leave their homes within six days. Although the Bani Qainuqa had been expelled before them, and their false pride of valor had proved to be of no avail, they lived in a locality inside Al-Madinah and did not have any separate fortified settlement; therefore, the Bani an-Nadir thought that their inability to withstand the Muslims was not exceptionable, Contrary to this, in view of their own fortified settlement and strongholds, they could not imagine that some power could turn them out so easily. That is why when the Prophet (peace be upon him) served a notice on them to leave Al-Madinah within ten days, they boldly retorted, saying: We are not going to quit, you may do whatever you please.

Here, the question arises, on what basis has Allah said: They were thinking that their fortresses would save them from Allah. Did the Bani an-Nadir really know that they were not facing Muhammad bin Abdullah (peace be upon him) but Allah? And did they, in spite of knowing this, think that their fortresses would save them from Allah? This is a question which would confound every such person who does not know the psychology of the Jewish people and their centuries-old traditions. As regards the common men, no one can imagine that despite their knowing consciously that they were facing Allah, they would entertain the false hope that their forts and weapons would save them from Allah. Therefore, an ignorant person would interpret the divine word, saying that the Bani an-Nadir in view of the strength of their forts were apparently involved in the

**misunderstanding that they would remain safe from the Prophet's (peace be upon him) attack, but in reality they were fighting Allah and from Him their forts could not save them. But the fact is that the Jews in this world are a strange people, who have been knowingly fighting Allah: they killed the Prophets of Allah knowing them to be His Prophets, and they declared boastfully and arrogantly that they had killed the Prophets of Allah. Their traditions say that their great Patriarch, the prophet Jacob (peace be upon him), wrestled with Allah throughout the night and Allah could not throw him even till daybreak. Then, when at daybreak Allah asked Jacob to let Him go, Jacob replied that he would not let Him go until He blessed him. Allah asked him his name, and he answer Jacob. Allah said that his name would no longer be Jacob, but Israel, because you strove with God and with men, and prevailed. (See Gen. 32: 25-29 in the latest Jewish translation; The Scriptures, published by the Jewish Publication Society of America 1954). In the Christian translation of the Bible too this subject has been rendered likewise. In the footnote of the Jewish translation, Israel has been explained as: He who striveth with God. In the Cyclopedia of Biblical Literature the meaning given of Israel by the Christian scholars is: Wrestler with God. Then in Hosea (O.T.) the Prophet Jacob (peace be upon him) has been praised thus: By his strength he had power with God: yea, he had power over the angel, and prevailed. (Ch. 12: 3-4). Now, obviously, the people of Israel are the children of the same Prophet Israel who, according to their faith, had striven with God and**

wrestled with Him. For them it is not at all difficult that they should stand firm and fight even God. On this very basis, they, even according to their own profession, killed the Prophets of God, and under the same false pride they put the Prophet Jesus (peace be upon him) on the cross and bragged: We have killed Jesus Christ, son of Mary, Messenger of Allah. Therefore, it was not against their traditions that they fought Muhammad (peace be upon him) despite their knowledge that he was Allah's Messenger. If not their common people, their rabbis and learned men knew well that he was the Messenger (peace be upon him) of Allah. The Quran itself contains several evidences to this effect. (For instance, see E.Ns 79, 95 of Surah Al-Baqarah; E.Ns 190, 191 of Surah An-Nisa; E.Ns 70, 73 of Surah As-Saaffat).

*4 اس ارشاد کو سمجھنے کے لیے یہ بات نگاہ میں رہنی چاہیے کہ بنی نضیر صدیوں سے یہاں جمے ہوئے تھے۔ مدینہ کے باہر ان کی پوری آبادی یکجا تھی جس میں ان کے اپنے قبیلے کے سوا کوئی دوسرا عنصر موجود نہ تھا۔ انہوں نے پوری بستی کو قلعہ بند کر رکھا تھا، اور ان کے مکانات بھی گڑھیوں کی شکل میں بنے ہوئے تھے جس طرح عموماً قبائلی علاقوں میں، جہاں ہر طرف بدامنی پھیلی ہوئی ہو، بنائے جاتے ہیں۔ پھر ان کی تعداد بھی اس وقت کے مسلمانوں سے کچھ کم نہ تھی۔ اور خود مدینے کے اندر بہت سے منافقین ان کی پشت پر تھے۔ اس لیے مسلمانوں کو ہرگز یہ توقع نہ تھی کہ یہ لوگ لڑے بغیر صرف محاصرے ہی سے بدحواس ہو کر یوں اپنی جگہ چھوڑ دیں گے۔ اسی طرح خود بنی نضیر کے بھی وہم و گمان میں یہ بات نہ تھی کہ کوئی طاقت ان سے چھ دن کے اندر یہ جگہ چھڑا لے گی۔ اگرچہ بنی قینقاع ان سے پہلے نکالے جا چکے تھے اور اپنی شجاعت پر ان کا سارا زعم دھرا کا دھرا رہ گیا تھا، لیکن وہ مدینہ کے ایک محلہ میں آباد تھے اور انکی اپنی کوئی الگ قلعہ بند بستی نہ تھی، اس لیے بنی نضیر یہ سمجھتے تھے کہ ان کا مسلمانوں کے مقابلے میں نہ ٹھیر سکنا بعید از قیاس نہ تھا۔ بخلاف اس کے

وہ اپنی محفوظ بستی اور اپنی مضبوط گڑھیوں کو دیکھ کر یہ خیال بھی نہ کر سکتے تھے کہ کوئی انہیں یہاں سے نکال سکتا ہے۔ اسی لیے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دس دن کے اندر مدینہ سے نکل جانے کا نوٹس دیا تو انھوں نے بڑے دھڑلے کے ساتھ جواب دے دیا کہ ہم نہیں نکلیں گے، آپ سے جو کچھ ہو سکتا ہے کر لیجیے۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آخر یہ بات کس بنا پر فرمائی کہ ''وہ یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ ان کی گڑھیاں انہیں اللہ سے بچالیں گی؟ کیا واقعی بنی نضیر یہ جانتے تھے کہ ان کا مقابلہ محمد بن عبداللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے نہیں بلکہ اللہ سے ہے؟ اور کیا جانتے ہوئے بھی ان کا یہ خیال تھا کہ ان کی گڑھیاں انہیں اللہ سے بچالیں گی؟ یہ ایک ایسا سوال ہے جو ہر اس شخص کے ذہن میں الجھن پیدا کرے گا جو یہودی قوم کے نفسیات اور ان کی صدہا برس کی روایات کو نہ جانتا ہو۔ عام انسانوں کے متعلق کوئی یہ گمان نہیں کر سکتا کہ وہ شعوری طور پر یہ جانتے بھی ہوں کہ مقابلہ اللہ سے ہے اور پھر بھی ان کو یہ زعم لاحق ہو جائے کہ ان کے قلعے اور ہتھیار انہیں اللہ سے بچالیں گے۔ اس لیے ایک ناواقف آدمی اس جگہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی یہ تاویل کرے گا کہ بنی نضیر بظاہر اپنے قلعوں کا استحکام دیکھ کر اس غلط فہمی میں مبتلا تھے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حملے سے بچ جائیں گے، مگر حقیقت یہ تھی کہ ان کا مقابلہ اللہ سے تھا اور اس سے ان کے قلعے انہیں نہ بچا سکتے تھے۔ لیکن واقعہ یہ ہے یہودی اس دنیا میں ایک ایسی عجیب قوم ہے جو جانتے بوجھتے اللہ کا مقابلہ کرتی رہی ہے، اللہ کے رسولوں کو یہ جانتے ہوئے اس نے قتل کیا ہے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں، اور فخر کے ساتھ سینہ ٹھونک کر اس نے کہا ہے کہ ہم نے اللہ کے رسول کو قتل کیا ہے۔ اس قوم کی روایات یہ ہیں کہ ان کے مورث اعلیٰ حضرت یعقوبؑ سے اللہ تعالیٰ کی رات بھر کشتی ہوتی رہی اور صبح تک لڑ کر بھی اللہ تعالیٰ ان کو نہ پچھاڑ سکا۔ پھر جب صبح ہوگئی اور اللہ تعالیٰ نے ان سے کہا اب مجھے جانے دے تو انھوں نے کہا میں تجھے نہ جانے دوں گا جب تک تو مجھے برکت نہ دے۔ اللہ تعالیٰ نے پوچھا تیرا نام

کیا ہے؟ انہوں نے کہا یعقوب۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ آئندہ تیرا نام یعقوب نہیں بلکہ اسرائیل ہو گا " کیونکہ تو نے خدا اور آدمیوں کے ساتھ زور آزمائی کی اور غالب ہوا"۔ ملاحظہ ہو یہودیوں کا جدید ترین ترجمہ کتب مقدسہ (The Holy Scriptures) شائع کردہ جیوش پبلکیشن سوسائٹی آف امریکہ 1954ء کتاب پیدائش، باب 32۔ آیات 25 تا 29۔ عیسائیوں کے ترجمہ بائیبل میں بھی یہ مضمون اسی طرح بیان ہوا ہے۔ یہودی ترجمہ کے حاشیہ میں "اسرائیل" کے معنی لکھے گئے ہیں۔ He who striveth with God، یعنی "جو خدا سے زور آزمائی کرے"۔ اور سائیکلوپیڈیا آف ببلیکل لٹریچر میں عیسائی علماء نے اسرائیل کے معنی کی تشریح یہ کی ہے: Wrestler with God "خدا سے کشتی لڑنے والا" پھر بائیبل کی کتاب ہوسیع میں حضرت یعقوب کی تعریف یہ بیان کی گئی ہے کہ "وہ اپنی توانائی کے ایام میں خدا سے کشتی لڑا۔ وہ فرشتے سے کشتی لڑا اور غالب آیا" (باب 12 آیت 4)۔ اب ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل آخر ان حضرات اسرائیل کے صاحبزادے ہی تو ہیں جنہوں نے ان کے عقیدے کے مطابق خدا سے زور آزمائی کی تھی اور اس سے کشتی لڑی تھی۔ ان کے لیے آخر کیا مشکل ہے کہ خدا کے مقابلے میں یہ جانتے ہوئے بھی ڈٹ جائیں کہ مقابلہ خدا سے ہے۔ اسی بنا پر تو انہوں نے خود اپنے اعترافات کے مطابق خدا کے نبیوں کو قتل کیا اور اسی بنا پر انہوں نے حضرت عیسیٰ کو اپنے زعم میں صلیب پر چڑھایا اور خم ٹھونک کر کہا اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ (ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم رسول اللہ کو قتل کیا) لہٰذا یہ بات ان کی روایات کے خلاف نہ تھی کہ انہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا رسول جانتے ہوئے ان کے خلاف جنگ کی۔ اگر ان کے عوام نہیں تو ان کے ربی اور احبار تو خوب جانتے تھے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اس کے متعدد شواہد خود قرآن میں موجود ہیں۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد اول، البقرہ، حاشیہ 79۔ 95۔ النساء، حاشیہ 190۔ 191۔ جلد چہارم، الصافات، حاشیہ 70۔ 73)۔

***5 Allah's coming down upon them does not mean that Allah was staying in another place whence He attacked them. But this is a metaphoric expression. The object is to give the idea that while facing Allah they were thinking that**

**Allah could chastise them only by bringing an army against them from the front and they were confident that they would resist that force by their fortifications. But Allah attacked them from whence they had not thought it possible; and this was that He made than weak and broke their power of resistance from within after which neither their weapons nor their strongholds could help them.**

**5*** اللہ کا ان پر آنا اس معنی میں نہیں ہے کہ اللہ کسی اور جگہ تھا اور پھر وہاں سے ان پر حملہ آور ہوا۔ بلکہ یہ مجازی کلام ہے۔ اصل مدعا یہ تصور دلانا ہے کہ اللہ سے مقابلہ کرتے ہوئے وہ اس خیال میں تھے کہ اللہ تعالیٰ ان پر صرف اسی شکل میں بلا لے کر آسکتا ہے کہ ایک لشکر کو سامنے سے ان پر چڑھا کر لائے، اور وہ سمجھتے تھے کہ اس بلا کو تو ہم اپنی قلعہ بندیوں سے روک لیں گے۔ لیکن اس نے ایسے راستہ سے ان پر حملہ کیا جدھر سے کسی بلا کے آنے کی وہ کوئی توقع نہ رکھتے تھے۔ اور وہ راستہ یہ تھا کہ اس نے اندر سے ان کی ہمت اور قوت مقابلہ کو کھوکھلا کر دیا جس کے بعد نہ ان کے ہتھیار کسی کام آسکتے تھے نہ ان کے مضبوط گڑھ۔

***6 That is, the destruction occurred in two ways: from outside the Muslims besieged them and started demolishing their fortifications, and from within, first they raised obstacles of stone and wood to stop the Muslims from advancing, and for this purpose broke their own houses for the material; then, when they became certain that they would have to vacate the place, they started pulling down their houses, which they had so fondly built and decorated, with their own hands, so as to render them useless for the Muslims later. When they settled peace with the Prophet (peace be upon him) on the condition that they would be spared their lives but would have the permission to carry away whatever they could, except the weapons and armor,**

they started removing the frames of the doors and windows, even pegs, so much so that some people removed the beams and wooden ceilings, which they put upon the back of their camels and left.

*6 یعنی تباہی دو طرح سے ہوئی۔ باہر سے مسلمانوں نے محاصرہ کر کے ان کی قلعہ بندیوں کو توڑنا شروع کیا۔ اور اندر سے خود انہوں نے پہلے تو مسلمانوں کا راستہ روکنے کے لیے جگہ جگہ پتھروں اور لکڑیوں کی رکاوٹیں کھڑی کیں اور اس غرض کے لیے اپنے گھروں کو توڑ توڑ کر ملبہ جمع کیا۔ پھر جب ان کو یقین ہو گیا کہ انہیں یہاں سے نکلنا ہی پڑے گا تو انہوں نے اپنے گھروں کو، جنہیں کبھی بڑے شوق سے بنایا اور سجایا تھا، اپنے ہی ہاتھوں برباد کرنا شروع کر دیا تاکہ وہ مسلمانوں کے کام نہ آسکیں۔ اس کے بعد جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم سے انہوں نے اس شرط پر صلح کی کہ ہماری جانیں بخش دی جائیں اور ہمیں اجازت دی جائے کہ ہتھیاروں کے سوا جو کچھ بھی ہم یہاں سے اٹھا کر لے جا سکتے ہیں لے جائیں تو چلتے ہوئے وہ اپنے دروازے اور کھڑکیاں اور کھونٹیاں تک اکھاڑ لے گئے، حتیٰ کہ بعض لوگوں نے شہتیر اور لکڑی کی چھتیں تک اپنے اونٹوں پر لاد لیں۔

*7 There are many lessons which one can learn from this event, which have been alluded to in this brief but eloquent sentence. These Jews were none other but the followers of the former Prophets: they believed in God, in the Book, in the former Prophets and the Hereafter. Accordingly, they were the former Muslims. But when they turned their back on religion and morality and adopted open hostility to the truth only for the sake of their selfish desires and worldly motives and interests, and showed scant regard for their treaties and agreements, Allah's grace was turned away from them, otherwise Allah had no personal enmity with than. Therefore, first of all, the Muslims themselves have been admonished to heed their fate and learn a lesson from it, lest they too should start behaving as if they were the

**beloved children of God, as the Jews did, and should be involved in the misunderstanding that their being included among the followers of the last Prophet of God would by itself guarantee for them Allah's bounty and His support, apart from which they were not bound to adhere to any demand of religion and morality. Besides, those people of the world also have been asked to learn a lesson from this event, those who oppose the truth consciously, and then place reliance upon their wealth and power, their means and resources, thinking that these would save them from the divine punishment. The Jews of Al-Madinah were not unaware that the Prophet Muhammad (peace be upon him) had not risen for the supremacy of a people or tribe, but he was presenting an ideological invitation the addressees of which were all men, and every man, no matter what race or country he belonged to, could join his ummah by accepting the invitation, without discrimination or distinction. They were themselves witnessing that Bilal of Habash, Suhaib of Rome, and Salman of Persia enjoyed the same position and status in the Muslim community as was enjoyed by the people of the Prophet's (peace be upon him) own house. Therefore, they were not feeling any danger that the Quraish and the Aus and the Khazrij would gain an upper hand over them. Nor were they unaware that the ideological invitation that he was presenting was precisely the same as their own Prophets had been presenting. The Prophet (peace be upon him) never put forward any claim that he had come with a new religion, unknown to the people, and that the people should give up their former**

**religion and accept his religion instead. But what he claimed was that the religion being presented by him was the same that the Prophets of God had been preaching and presenting since the beginning of creation. And from their Torah they could themselves confirm that it was actually the same religion, the principles of which were not any different from the principles of the religion of the Prophets. On the same basis they were told in the Quran: Affirm faith in the teaching sent down by Me, which confirms the teaching that you already possess, and you should not be its first deniers. They were also witnessing what character and morals the Prophet (peace be upon him) possessed, and what revolution had taken place in the lives of those who had accepted his message. For a long time the Ansar of Al-Madinah had been their closest neighbors. They knew what kind of people they had been before embracing Islam and what they became after their conversion to Islam. Thus, they were well aware of the invitation of the inviter and of the results of accepting the invitation. But in spite of witnessing and knowing all this, only on account of their racial prejudice and worldly interests, they spent all their energy against the message of truth about which there was no room for doubt at least in their minds. After such an obvious and open hostility to the truth they expected that their strongholds would save them from Allah, whereas the whole human history bears evidence that the one who is resisted by the power of God, cannot save and protect himself by any weapon, means or device.**

7*اس واقعہ میں عبرت کے کئی پہلو ہیں جن کی طرف اس مختصر سے بلیغ فقرے میں اشارہ کیا گیا ہے۔یہ

یہودی آخر پچھلے انبیاء کی امت ہی تو تھے۔ خدا کو مانتے تھے۔ کتاب کو مانتے تھے پچھلے انبیاء کو مانتے تھے۔ آخرت کو مانتے تھے۔ اس لحاظ سے دراصل وہ سابق مسلمان تھے۔ لیکن جب انہوں نے دین اور اخلاق کو پس پشت ڈال کر محض اپنی خواہشات نفس اور دنیوی اغراض و مفاد کی خاطر کھلی کھلی حق دشمنی اختیار کی اور خود اپنے عہد و پیمان کا بھی کوئی پاس نہ کیا تو اللہ تعالیٰ کی نگاہ التفات ان سے پھر گئی۔ ورنہ ظاہر ہے کہ اللہ کو ان سے کوئی ذاتی عداوت نہ تھی۔ اس لیے سب سے پہلے تو خود مسلمانوں کو ان کے انجام سے عبرت دلائی گئی ہے کہ کہیں وہ بھی اپنے آپ کو یہودیوں کی طرح خدا کی چہیتی اولاد نہ سمجھ بیٹھیں اور اس خیال خام میں مبتلا نہ ہو جائیں کہ خدا کے آخری نبیؐ کی امت میں ہونا ہی بجائے خود ان کے لیے اللہ کے فضل اور اس کی تائید کی ضمانت ہے جس کے بعد دین و اخلاق کے کسی تقاضے کی پابندی ان کی لیے ضروری نہیں رہتی۔ اس کے ساتھ دنیا بھر کے ان لوگوں کو بھی اس واقعہ سے عبرت دلائی گئی ہے جو جان بوجھ کر حق کی مخالفت کرتے ہیں اور پھر اپنی دولت و طاقت اور اپنے ذرائع و وسائل پر یہ اعتماد کرتے ہیں کہ یہ چیزیں ان کو خدا کی پکڑ سے بچا لیں گی۔ مدینہ کے یہودی اس سے ناواقف نہ تھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کسی قوم یا قبیلے کی سربلندی کے لیے نہیں اٹھے ہیں بلکہ ایک اصولی دعوت پیش کر رہے ہیں جس کے مخاطب سارے انسان ہیں اور ہر انسان، قطع نظر اس سے کہ وہ کسی نسل یا ملک سے تعلق رکھتا ہو،اس دعوت کو قبول کر کے ان کی امت میں بلا امتیاز شامل ہو سکتا ہے۔ ان کی آنکھوں کے سامنے حبش کے بلالؓ، روم کے صہیبؓ اور فارس کے سلمانؓ کو امت مسلمہ میں وہی حیثیت حاصل تھی جو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے اہل خاندان کو حاصل تھی۔ اس لیے ان کے سامنے یہ کوئی خطرہ نہ تھا کہ قریش اور اوس اور خزرج ان پر مسلط ہو جائیں گے۔ وہ اس سے بھی ناواقف نہ تھے کہ آپ جو اصولی دعوت پیش فرما رہے ہیں وہ بعینہٖ وہی ہے جو خود ان کے اپنے ابنیاء پیش کرتے رہے ہیں۔ آپ کا یہ دعویٰ نہ تھا کہ میں ایک نیا دین لے کر آیا ہوں جو پہلے کبھی کوئی نہ لایا تھا اور تم اپنا دین چھوڑ کر میرا یہ دین مان لو۔ بلکہ آپ کا دعویٰ یہ تھا کہ یہ وہی دین ہے جو ابتدائے آفرینش سے خدا کے تمام ابنیاء لاتے رہے ہیں، اور اپنی توراۃ سے وہ خود اس کی تصدیق کر سکتے تھے کہ فی الواقع یہ وہی دین ہے، اس کے اصولوں میں دین ابنیاء کے اصولوں سے کوئی فرق نہیں ہے۔ اسی بنا پر تو

قرآن مجید میں ان سے کہا گیا تھا کہ وَ اٰمِنُوۡا بِمَاۤ اَنۡزَلۡتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَکُمۡ وَلَا تَکُوۡنُوۡۤا اَوَّلَ کَافِرٍۭ بِہٖ، (ایمان لاؤ میری نازل کردہ اس تعلیم پر جو تصدیق کرتی ہے اس تعلیم کی جو تمہارے پاس پہلے سے موجود ہے، اور سب سے پہلے تم ہی اس کے کافر نہ بن جاؤ)۔ پھر ان کی آنکھیں یہ بھی دیکھ رہی تھیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کس سیرت و اخلاق کے انسان ہیں، اور آپ کی دعوت قبول کر کے لوگوں کی زندگیوں میں کیسا عظیم انقلاب برپا ہوا ہے۔ انصار تو مدت دراز سے ان کے قریب ترین پڑوسی تھے۔ اسلام لانے سے پہلے ان کی جو حالت تھی اسے بھی یہ لوگ دیکھ چکے تھے اور اسلام لانے کے بعد ان کی جو حالت ہو گئی وہ بھی ان کے سامنے موجود تھی۔ پس دعوت اور داعی اور دعوت قبول کرنے کے نتائج، سب کچھ ان پر عیاں تھے۔ لیکن یہ ساری باتیں دیکھتے اور جانتے ہوئے بھی انہوں نے محض اپنے نسلی تعصبات اور اپنے دنیوی مفاد کی خاطر اس چیز کے خلاف اپنی ساری طاقت لگا دی جس کے حق ہونے میں کم از کم ان کے لیے شک کی گنجائش نہ تھی اس دانستہ حق دشمنی کے بعد وہ یہ توقع رکھتے تھے کہ ان کے قلعے انہیں خدا کی پکڑ سے بچا لیں گے۔ حالانکہ پوری انسانی تاریخ اس بات پر شاہد ہے کہ خدا کی طاقت جس کے مقابلے میں آ جائے وہ پھر کسی ہتھیار سے نہیں بچ سکتا۔

| | | |
|---|---|---|
| وَ لَوۡلَاۤ اَنۡ کَتَبَ اللّٰہُ عَلَیۡہِمُ الۡجَلَآءَ لَعَذَّبَہُمۡ فِی الدُّنۡیَا ؕ وَ لَہُمۡ فِی الۡاٰخِرَۃِ عَذَابُ النَّارِ ﴿۳﴾ | اور اگر نہ ہوتا یہ کہ لکھ رکھا ہوتا اللہ نے انکے بارے میں جلا وطن کرنا تو وہ انکو عذاب دیتا دنیا میں *8۔ اور انکے لئے آخرت میں عذاب ہے آگ کا۔ | 3. And if it had not been that Allah had decreed for them expulsion, He would have punished them in this world. *8 And for them, in the Hereafter, is the punishment of the Fire. |

*8 Would have punished them in this world: world have

caused them to be annihilated. That is, had they fought instead of surrendering to save their lives, they would have been completely wiped out. Their men would have perished in the war and their womenfolk and children would have been taken prisoners and there would be no one to have them ransomed.

8*دنیا کے عذاب سے مراد ہے ان کا نام ونشان مٹا دینا۔ اگر وہ صلح کر کے اپنی جانیں بچانے کے بجائے لڑتے تو ان کا پوری طرح قلع قمع ہو جاتا۔ ان کے مرد مارے جاتے اور ان کی عورتیں اور ان کے بچے لونڈی غلام بنا لیے جاتے جنہیں فدیہ دے کر چھڑانے والا بھی کوئی نہ ہوتا۔

| | | |
|---|---|---|
| 4. That is because they opposed Allah and His Messenger, and whoever opposes Allah, then indeed Allah is severe in punishment. | یہ اسلئے کہ مخالفت کی انہوں نے اللہ اور اسکے رسول کی۔ اور جو مخالفت کرے اللہ کی تو بلا شبہ اللہ ہے سخت عذاب دینے میں۔ | ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿٤﴾ |
| 5. Whatever you cut down of the palm trees, or left them standing upon their roots, so it was by permission of Allah, *9 and that He may disgrace those who are disobedient. *10 | جو کچھ کاٹ ڈالا تم نے کھجور کے درختوں کو یا رہنے دیا انکو کھڑا انکی جڑوں پر سو یہ تھا حکم سے اللہ کے *9 اور تا کہ وہ رسوا کرے نافرمانوں کو۔ *10 | مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَ لِيُخْزِىَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٥﴾ |

***9 The reference is to the fact that the Muslims cut down or burnt many of the palm-trees that stood in the oases around the settlement of the Bani an-Nadir in order to facilitate the siege, However, they left those trees standing which did not obstruct the military operations. At this the hypocrites of Al-Madinah and the Bani Quraizah, and the Bani an-Nadir themselves raised a clamor, saying that, on the one hand, Muhammad (peace be upon him) prohibited spreading disorder in the world, but, on the other hand, fruit trees were being cut down by his command, which amounted to spreading disorder in the world. At this Allah sent down the command: Whatever trees you cut down, or whatever you left standing, your neither act was unlawful, but it had Allah's permission. The legal injunction that is derived from this verse is that the destruction caused for the sake of military operations does not come under spreading disorder in the world. But spreading disorder in the world is that an army under the fit of war hysteria should intrude into the enemy territory and start destroying the crops, cattle, gardens, houses and everything in its way without any reason. In this matter, the general instruction is the same which Abu Bakr Siddiq gave while dispatching the Muslim army to Syria: Do not cut down fruit trees, do not destroy crops, do not ravage the settlements. This was precisely in accordance with the Quranic teaching, which condemns those who spread chaos: When they get power they direct all their efforts towards spreading corruption in the land, destroying harvests and killing people. (Surah Al-Baqarah, Ayat 205).**

**But the specific command in respect of the war exigencies is that if destruction is necessary for military operations against the enemy, it is lawful. Thus, Abdullah bin Masud has given this explanation in the commentary of this verse: The Muslims had cut down only those trees of the Bani an-Nadir that stood on the battlefield. (Tafsir Nisaburi). Some of the Muslim jurists have overlooked this aspect of the matter and expressed the opinion that the permissibility of cutting the trees of the Bani an-Nadir was confined only to that particular event. It does not make it generally permissible that whenever war necessitates, trees of the enemy be cut down and burnt. Imam Auzai, Laith and Abu Thaur hold this same opinion. But the majority of the jurists hold the view that for the sake of important military operations it is permissible. However, this is not permissible for the purpose of mere destruction and pillage.**

**One may ask: This verse of the Quran could satisfy the Muslims, but how could those who did not accept the Quran as divine word be satisfied at this reply to their objection that both acts were permissible as they had Allah's permission for it? The answer is: This verse of the Quran was sent down to satisfy only the Muslims; it was not sent down to satisfy the disbelievers. Since due to the objection of the Jews and the hypocrites, or due to their own thinking, they had been involved in the misgiving whether they were guilty of spreading disorder in the earth. Allah gave them the satisfaction that both the acts, cutting down some trees to facilitate the siege and leaving some other trees standing which did not obstruct the siege, were**

**in accordance with divine law.**

**The traditionists in their traditions have disagreed the point whether the order to cut and burn the trees had been given by the Prophet (peace be upon him) himself, or whether the Muslims had done it of their own accord, and then later asked the Prophet (peace be upon him) about its legal aspect. Abdullah bin Umar has reported that the Prophet (peace be upon him) himself had ordered it. (Bukhari, Muslim, Musnad Ahmad, Ibn Jarir). The same also has been reported by Yazid bin Ruman (Ibn Jarir). On the contrary, Mujahid and Qatadah say that the Muslims had on their own cut down the trees, then a dispute arose among them whether what they had done was permissible or not. Some said it was permissible and some said it was not. At last Allah sent down this verse and approved the act of both. (Ibn Jarir). The same thing is supported by a tradition of Abdullah bin Abbas: The Muslims were confused because some of them had cut the trees and others had not; therefore, they wanted to ask the Prophet (peace be upon him) as to who would be rewarded for the act and who would be punished (Nasai). Those of the jurists who have preferred the first tradition give the argument that this was the Prophet's personal judgment, which was later ratified by revelation from Allah, and this is a proof of the fact that in matters where no divine command existed, the Prophet (peace be upon him) used to follow his personal judgment. On the other hand, those jurists who have preferred the second tradition argue that the two groups of the Muslims had adopted two different views on the basis of**

their own personal judgments and Allah ratified both. Therefore, if the learned men arrive at different conclusions by judicious exercise of their personal judgment, then although their opinions might differ, they would all be correct in the divine Shariah.

*9 یہ اشارہ ہے اس معاملہ کی طرف کہ مسلمانوں نے جب محاصرہ شروع کیا تو بنی نضیر کی بستی کے اطراف میں جو نخلستان واقع تھے ان کے بہت سے درختوں کو انہوں نے کاٹ ڈالا یا جلا دیا تاکہ محاصرہ بآسانی کیا جا سکے، اور جو درخت فوجی نقل و حرکت میں حائل نہ تھے ان کو کھڑا رہنے دیا۔ اس پر مدینہ کے منافقین اور بنی قریظہ اور خود بنی نضیر نے شور مچا دیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو فساد فی الارض سے منع کرتے ہیں۔ مگر یہ دیکھ لو، ہرے بھرے پھل دار درخت کاٹے جا رہے ہیں یہ آخر فساد فی الارض نہیں تو کیا ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نازل فرمایا کہ تم لوگوں نے جو درخت کاٹے اور جن کو کھڑا رہنے دیا، ان میں سے کوئی فعل بھی نا جائز نہیں ہے، بلکہ دونوں کو اللہ کا اذن حاصل ہے۔ اس سے یہ شرعی مسئلہ نکلتا ہے کہ جنگی ضروریات کے لیے جو تخریبی کارروائی ناگزیر ہو وہ فساد فی الارض کی تعریف میں نہیں آتی بلکہ فساد فی الارض یہ ہے کہ کسی فوج پر جنگ کا بھوت سوار ہو جائے اور وہ دشمن کے ملک میں گھس کر کھیت، مویشی، باغات، عمارات، ہر چیز کو خواہ مخواہ تباہ و برباد کرتی پھرے۔ اس معاملہ میں عام حکم تو وہی ہے جو حضرت ابوبکر صدیق نے فوجوں کو شام کی طرف روانہ کرتے وقت دیا تھا کہ پھل دار درختوں کو نہ کاٹنا، فصلوں کو خراب نہ کرنا، اور بستیوں کو ویران نہ کرنا۔ یہ قرآن مجید کی اس تعلیم کے عین مطابق تھا کہ اس نے مفسد انسانوں کی مذمت کرتے ہوئے ان کے اس فعل پر زجر و توبیخ کی ہے کہ "جب وہ اقتدار پا لیتے ہیں تو فصلوں اور نسلوں کو تباہ کرتے پھرتے ہیں"۔ (البقرہ-205)۔ لیکن جنگی ضروریات کے لیے خاص حکم یہ ہے کہ اگر دشمن کے خلاف لڑائی کو کامیاب کرنے کی خاطر کوئی تخریب ناگزیر ہو تو وہ کی جا سکتی ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود نے اس آیت کی تشریح کرتے ہوئے یہ وضاحت فرما دی ہے کہ قطعو امنہا ما کان موضعاً

للقتال،،، مسلمانوں نے بنی نضیر کے درختوں میں سے صرف وہ درخت کاٹے تھے جو جنگ کے مقام پر واقع تھے ،،، (تفسیر نیسا پوری)۔ فقہائے اسلام میں سے بعض نے معاملہ کے اس پہلو کو نظر انداز کر کے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ بنی نضیر کے درخت کاٹنے کا جواز صرف اسی واقعہ کی حد تک مخصوص تھا، اس سے یہ عام جواز نہیں نکلتا کہ جب کبھی جنگی ضروریات داعی ہوں، دشمن کے درختوں کو کاٹا اور جلایا جا سکے۔ امام اَوزاعی، لیث اور ابوثور اسی طرف گئے ہیں۔ لیکن جمہور فقہاء کا مسلک یہ ہے کہ اہم جنگی ضروریات کے لیے ایسا کرنا جائز ہے، البتہ محض تخریب و غارت گری کے لیے یہ فعل جائز نہیں ہے۔

ایک شخص یہ سوال کر سکتا ہے کہ قرآن مجید کی یہ آیت مسلمانوں کو تو مطمئن کر سکتی تھی، لیکن جو لوگ قرآن کو کلام اللہ نہیں مانتے تھے انہیں اپنے اعتراض کے جواب میں یہ سن کر کیا اطمینان ہو سکتا تھا کہ یہ دونوں فعل اللہ کے اِذن کی بنا پر جائز ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن کی یہ آیت مسلمانوں ہی کو مطمئن کرنے کے لیے نازل ہوئی ہے، کفار کو مطمئن کرنا سرے سے اس کا مقصود ہی نہیں ہے۔ چونکہ یہود اور منافقین کے اعتراض کی وجہ سے، یا بطور خود، مسلمانوں کے دلوں میں یہ خلش پیدا ہو گئی تھی کہ کہیں ہم فساد فی الارض کے مرتکب تو نہیں ہو گئے ہیں، اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کو اطمینان دلا دیا کہ محاصرے کی ضرورت کے لیے کچھ درختوں کو کاٹنا، اور جو درخت محاصرے میں حائل نہ تھے ان کو نہ کاٹنا، یہ دونوں ہی فعل قانون الٰہی کے مطابق درست تھے۔

محدثین کی نقل کردہ روایات میں اس امر پر اختلاف ہے کہ آیا ان درختوں کے کاٹنے اور جلانے کا حکم خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا تھا، یا مسلمانوں نے بطور خود یہ کام کیا اور بعد میں اس کا شرعی مسئلہ حضورؐ سے دریافت کیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر کی روایت یہ ہے کہ حضورؐ نے خود اس کا حکم دیا تھا (بخاری، مسلم، مسند احمد، ابن جریر)۔ یہی یزید بن رومان کی روایت بھی ہے (ابن جریر)۔ بخلاف اس کے مجاہد اور قتادہ کی روایت یہ ہے کہ مسلمانوں نے بطور خود یہ درخت کاٹے تھے، پھر ان میں اس مسئلے پر اختلاف ہوا کہ یہ کام کرنا چاہیے یا نہیں۔ بعض اس کے جواز کے قائل ہوئے اور بعض نے اس سے منع کیا۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے یہ آیت

نازل فرما کر دونوں کے فعل کی تصویب کر دی (ابن جریر)۔ اسی کی تائید حضرت عبد اللہ بن عباس کی یہ روایت کرتی ہے کہ مسلمانوں کے دلوں میں اس بات پر خلش پیدا ہوئی کہ ہم میں سے بعض نے درخت کاٹے ہیں اور بعض نے نہیں کاٹے، اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھنا چاہیے کہ ہم میں سے کس کا فعل اجر کا مستحق ہے اور کس کے فعل پر مواخذہ ہو گا (نسائی)۔ فقہاء میں سے جن لوگوں نے پہلی روایت کو ترجیح دی ہے وہ اس سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اجتہاد تھا جس کی توثیق بعد میں اللہ تعالیٰ نے وحی جلی سے فرمائی اور یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جن معاملات میں اللہ تعالیٰ کا حکم موجود نہ ہوتا تھا۔ ان میں حضورؐ اجتہاد پر عمل فرماتے تھے۔ دوسری طرف جن فقہاء نے دوسری روایت کو ترجیح دی ہے وہ اس سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ مسلمانوں کے دو گروہوں نے اپنے اپنے اجتہاد سے دو مختلف رائیں اختیار کی تھیں اور اللہ تعالیٰ نے دونوں کی توثیق فرما دی، لہٰذا اگر نیک نیتی کے ساتھ اجتہاد کر کے اہل علم مختلف رائیں قائم کریں تو باوجود اس کے کہ ان کی آراء ایک دوسرے سے مختلف ہوں گی، مگر اللہ کی شریعت میں وہ سب حق پر ہوں گے۔

***10 That is, Allah willed that they should be disgraced if you cut down the trees and also if you left them standing. In the first case, they were disgraced when they saw that the trees of the gardens which they had planted with their own hands and which they had owned since ages, were being cut down before their very eyes and they were watching it helplessly. Even an ordinary peasant and gardener cannot tolerate another’s misappropriation or intrusion into his field or garden. He would protect his field or garden at the risk of his life if somebody tried to destroy it in his presence. For, if he cannot prevent destruction of his property, it would be a sign of his extreme humiliation and weakness. But here a whole tribe, which had been living at**

**this place fearlessly and boldly for centuries, was watching helplessly that its neighbors had invaded its gardens and were destroying the trees while it could do nothing. After this even if they stayed on in Al-Madinah, they would have lived in disgrace and humility. In the second case, they were disgraced when on leaving Al-Madinah they saw that the lush green gardens which had been in their possession till the previous day were now passing into the possession of the Muslims. If they had the power they would have laid waste the entire gardens by their own hands so that not a single whole tree passed into the hands of the Muslims. But in their helplessness they left the city, despaired and grief-stricken, leaving everything intact behind.**

**10*** یعنی اللہ کا ارادہ یہ تھا کہ ان درختوں کو کاٹنے سے بھی ان کی ذلت و خواری ہو اور نہ کاٹنے سے بھی۔ کاٹنے میں ان کی ذلت و خواری کا پہلو یہ تھا کہ جو باغ انہوں نے اپنے ہاتھوں سے لگائے تھے اور جن باغوں کے وہ مدت ہائے دراز سے مالک چلے آرہے تھے، ان کے درخت ان کی آنکھوں کے سامنے کاٹے جا رہے تھے اور وہ کاٹنے والوں کو کسی طرح نہ روک سکتے تھے۔ایک معمولی کسان اور باغبان بھی اپنے کھیت یا باغ میں کسی دوسرے کے تصرف کو برداشت نہیں کر سکتا۔ اگر اس کے سامنے اس کا کھیت یا اس کا باغ کوئی برباد کر رہا ہو تو وہ اس پر کٹ مرے گا۔ اور اگر وہ اپنی جائیداد میں دوسرے کی دست درازی نہ روک سکے تو یہ اس کی انتہائی ذلت اور کمزوری کی علامت ہوگی۔ لیکن یہاں ایک پورا قبیلہ، جو صدیوں سے بڑے دھڑلے کے ساتھ اس جگہ آباد تھا، بے بسی کے ساتھ یہ دیکھ رہا تھا کہ اس کے ہمسائے اس کے باغوں پر چڑھ آئے ہیں اور اس کے درختوں کو برباد کر رہے ہیں، مگر وہ ان کا کچھ نہ بگاڑ سکا۔ اس کے بعد اگر وہ مدینے میں رہ بھی جاتے تو ان کی کوئی آبرو باقی نہ رہتی۔ رہا درختوں کو نہ کاٹنے میں ذلت کا پہلو تو وہ یہ تھا کہ جب وہ مدینہ سے نکلے تو ان کی آنکھیں یہ دیکھ رہی تھیں کہ کل تک جو ہرے بھرے باغ ان کی ملکیت تھے وہ آج مسلمانوں

کے قبضے میں جا رہے ہیں۔ ان کا بس چلتا تو وہ ان کو پوری طرح اجاڑ کر جاتے اور ایک سالم درخت بھی مسلمانوں کے قبضے میں نہ جانے دیتے۔ مگر بے بسی کے ساتھ وہ سب کچھ جوں کا توں چھوڑ کر بہ حسرت ویاس نکل گئے۔

**6. And that which Allah gave as booty to His Messenger from them,** *11 **you made no expedition for this with horses, nor camels, but Allah gives authority to His Messengers over whom He wills, and Allah, over all things, has power.** *12

اور جو کچھ دیا اللہ نے اپنے رسول کو *11 انسے لیکر تو نہ دوڑائے تم نے اسکے لئے کوئی گھوڑے اور نہ اونٹ بلکہ اللہ غالب کر دیتا ہے اپنے رسولوں کو جن پر وہ چاہتا ہے ۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ *12

وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ مِنۡهُمۡ فَمَاۤ اَوۡجَفۡتُمۡ عَلَيۡهِ مِنۡ خَيۡلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰـكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۶﴾

***11 From here to the end of verse 10, Allah explains how the lands and properties that were restored to the Islamic State after the exile of the Bani an-Nadir, are to be managed and administered. As it was the first occasion that a land was conquered and included in the Islamic territory, and many more lands were destined to be conquered in the future, the law governing the conquered lands was enunciated at the outset. Here, a note-worthy point is that Allah at this place has used the words: *Ma-afa-Allahu ala Rasuli-hi-min-hum*: Whatever Allah restored to His Messenger from them. These words clearly imply that the**

rebels of Allah Almighty are not entitled to own the earth and things existing on it. If they have become their owners and are appropriating them, their ownership and appropriation of these things is, in fact, in the nature of usurpation of a master's property by a dishonest servant. The real right of these properties is that these should be spent and used in the service and obedience of their real Master, Allah, Lord of the worlds, according to His will, and their this use is possible only through the agency of the righteous believers. Therefore, the true position of the properties which pass from the ownership of the disbelievers into the hands of the Muslims as the result of a lawful war, is that their real Owner has withdrawn them from His disobedient and disloyal servants, and restored them to His obedient and loyal servants. That is why, in the terminology of the Islamic Law such properties have been described as *Fai* (restored properties).

11*اب ان جائیدادوں اور املاک کا ذکر ہو رہا ہے جو پہلے بنی نضیر کی ملک تھیں اور ان کی جلا وطنی کے بعد اسلامی حکومت کے قبضے میں آئیں۔ ان کے متعلق یہاں سے آیت 10 تک اللہ تعالیٰ نے بتایا ہے کہ ان کا انتظام کس طرح کیا جائے۔ چونکہ یہ پہلا موقع تھا کہ ایک علاقہ فتح ہو کر اسلامی مقبوضات میں شامل ہوا، اور آگے بہت سے علاقے فتح ہونے والے تھے، اس لیے فتوحات کے آغاز ہی میں اراضی مفتوحہ کا قانون بیان فرما دیا گیا۔ اس جگہ قابل غور بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے: مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ (جو کچھ پلٹا دیا ان سے اللہ نے اپنے رسول کی طرف) کے الفاظ استعمال کیے ہیں۔ ان الفاظ سے خود بخود یہ معنی نکلتے ہیں یہ زمین اور وہ ساری چیزیں جو یہاں پائی جاتی ہیں، دراصل ان لوگوں کا حق نہیں ہیں جو اللہ جل شانہ کے باغی ہیں۔ وہ اگر ان پر قابض (متصرف) ہیں تو یہ حقیقت میں اس طرح کا قبضہ و تصرف ہے جیسے کوئی خائن

ملازم اپنے آقا کا مال دبا بیٹھے۔ ان تمام اموال کا اصل حق یہ ہے کہ یہ ان کے حقیقی مالک، اللہ رب العالمین کی اطاعت میں اس کی مرضی کے مطابق استعمال کیے جائیں، اور ان کا یہ استعمال صرف مومنین صالحین ہی کر سکتے ہیں۔ اس لیے جو اموال بھی ایک جائز و برحق جنگ کے نتیجے میں کفار کے قبضے سے نکل کر اہل ایمان کے قبضے میں آئیں ان کی حقیقی حیثیت یہ ہے کہ ان کا مالک انہیں اپنے خائن ملازموں کے قبضے سے نکال کر اپنے فرمانبردار ملازموں کی طرف پلٹا لایا ہے۔ اسی لیے ان املاک کو اسلامی قانون کی اصطلاح میں فَے (پلٹا کر لائے ہوئے اموال) قرار دیا گیا ہے۔

***12 That is, the restoration of these properties to the Muslims is not the result of the effort of the actual fighting army so that the army on that basis may have the right that the properties may be distributed among the soldiers, but its real nature is that Allah by His bounty has given dominance to His Messengers and the system that they represent over them. In other words, the passing of these properties into the Muslims' hands is not the direct result of the effort and struggle of the fighting army, but the result of the total strength that Allah has bestowed on His Messenger and his community and the system established by him. Therefore, these properties are quite different in nature from the spoils of war and so cannot be distributed among the soldiers as such.**

**Thus, the Shariah has made a distinction between *ghanimah* (spoils of war) and *fai* (restored properties). The injunction in respect of the *ghanimah* has been given in Surah Al-Anfal, Ayat 41, and it is this: It should be divided in five parts, four parts of which be distributed among the fighting army and the fifth deposited in the Public Treasury (Bait al-Mal), and expended on the items**

**mentioned in the verse. As for the *fai*, the injunction is that it should not be distributed among the army, but it should be reserved for the items of expenditure being stated in the following verse. The distinction between the two has been made plain by the words: You have not rushed your horses and camels on them, which imply the military operations. Thus, the properties which are taken as a direct result of such operations are the *ghanimah* and those which are not the result of these operations are the *fai*. The distinction between *ghanimah* and *fai* that has been mentioned in this verse, has been explained in greater detail by the jurists of Islam. *Ghanimah* are only those transferable properties which are taken from the enemy during military action; other than these things, e.g. lands, houses and other transferable and nontransferable properties of the enemy, are excluded from the definition of *ghanimah* and are *fai*. The source of this explanation is the letter that Umar had written to Saad bin Abi Waqqas after the conquest of Iraq. In that letter he wrote: Distribute the properties and goods which the soldiers of the army collected and brought to your camp among the Muslims who participated in the war, and leave the lands and the canals with those who work on them so that the proceeds thereof are used for the salaries of the Muslims. (Abu Yusuf, Kitab al-Kharaj, p. 24; Abu Ubaid, Kitab al-Amwal, p. 59; Yahya bin Adam, Kitab al-Kharaj, pp. 27-28, 48). On this very basis, Hasan Basri says: Whatever is taken from the enemy camp is the right of those who won victory over it, and the lands are for the Muslims. (Yahya bin Adam, p. 27). And Imam Abu**

**Yusuf says: Whatever the Muslims take from the enemy troops, and whatever goods and arms and cattle they collect and bring to their camp is *ghanimah*; from this one-fifth will be deducted and the rest distributed among the soldiers. (Kitab al-Kharaj, p. 18). The same is the opinion of Yahya bin Adam, which he has expressed in his Kitab al-Kharaj (p. 27). Even more than this, what makes the distinction between *ghanimah* and *fai* is that after the Battle of Nahawand when the *ghanimah* had been distributed and the conquered lands had been included in the Islamic State, a man named Saib bin Aqra found two bags of jewels outside the fort. He was confused whether it was the *ghanimah* which should be distributed in the army, or the *fai* which should be deposited in the Bait al-Mal. Consequently, he came to Al-Madinah and put the matter before Umar, who decided that it should be sold and the price should be deposited in the Bait al-Mal. From this it becomes clear that *ghanimah* are only those transferable properties which are taken by the soldiers during the war. After the war is over, the transferable properties also, like the nontransferable properties, become *fai*. Imam Abu Ubaid relates this event and says: The properties that are seized from the enemy by the use of force, when the war is still in progress, are *ghanimah* and what is taken after the war is over, when the territory has become dar al-Islam (abode of Islam), is *fai*, which should be reserved for the common people of the dar al-Islam; the law of the one-fifth (*khums*) will not be applicable to it. (Kitab al-Amwal p. 254).**

After defining *ghanimah* thus, the rest of the properties, wealth and lands, which pass from the disbelievers ownership to the Muslims may be divided into two main kinds, first those which are taken as a result of actual fighting (fanwatan in Fiqh terminology); second, those which are taken by the Muslims as a result of the peace terms whether peace is concluded because of the pressure of the military power of the Muslims, or their dread and awe, and in this are also included all those properties which pass into the Muslims ownership in every other way than as a result of actual fighting. The differences that have arisen among the jurists of Islam have been only concerning the first kind of the properties in order to determine their correct legal position, for they do not come under those upon which you have not rushed your horses and camels. As regards to the second kind of the properties, all agree that they are *fai*, for the Quran has explicitly laid down the injunction about them. Below we shall discuss in detail the legal position of the first kind of the properties.

12*یعنی ان اموال کی نوعیت یہ نہیں ہے کہ جو فوج میدان جنگ میں دشمن سے نبرد آزما ہوئی ہے اس نے لڑ کر ان کو جیتا ہو اور اس بنا پر اس فوج کا یہ حق ہو کہ یہ اموال اس میں تقسیم کر دیے جائیں، بلکہ ان کی اصل نوعیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اپنے رسولوں کو، اور اس نظام کو جس کی نمائندگی یہ رسول کرتے ہیں، ان پر غلبہ عطا کر دیا ہے۔ بالفاظ دیگر ان کا مسلمانوں کے قبضے میں آنا براہ راست لڑنے والی فوج کے زور بازو کا نتیجہ نہیں ہے، بلکہ یہ اس مجموعی قوت کا نتیجہ ہے جو اللہ نے اپنے رسول اور اس کی امت اور اس کے قائم کردہ نظام کو عطا فرمائی ہے۔ اس لیے یہ اموال مال غنیمت سے بالکل مختلف حیثیت رکھتے ہیں اور لڑنے والی فوج کا یہ حق نہیں ہے کہ غنیمت کی طرح ان کو بھی اس میں تقسیم کر دیا جائے۔

اس طرح شریعت میں غنیمت اور فے کا حکم الگ الگ کر دیا گیا ہے۔ غنیمت کا حکم سورہ انفال آیت 41 میں ارشاد ہوا ہے،اور وہ یہ ہے کہ اس کے پانچ حصے کیے جائیں، چار حصے لڑنے والی فوج میں تقسیم کر دیے جائیں، اور ایک حصہ بیت المال میں داخل کر کے ان مصارف میں صرف کیا جائے جو اس آیت میں بیان کیے گئے ہیں۔ اور فے کا حکم یہ ہے کہ اسے فوج میں تقسیم نہ کیا جائے، بلکہ وہ پوری کی پوری ان مصارف کے لیے مخصوص کر دی جائے جو آگے کی آیات میں بیان ہو رہے ہیں۔ ان دونوں قِسم کے اموال میں فرق فَمَآ اَوۡجَفۡتُمۡ عَلَیۡہِ مِنۡ خَیۡلٍ وَّلَا رِکَابٍ (تم نے اس پر اپنے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے ہیں) کے الفاظ سے ظاہر کیا گیا ہے۔ گھوڑے اور اونٹ دوڑانے سے مراد ہے جنگی کارروائی **Warlike operations** لہٰذا جو مال براہ راست اس کارروائی سے ہاتھ آئے ہوں وہ غنیمت ہیں۔ اور جن اموال کے حصول کا اصل سبب یہ کارروائی نہ ہو وہ سب فے ہیں۔

یہ مجمل فرق جو غنیمت اور فے کے درمیان اس آیت میں بیان کیا گیا ہے، اس کو اور زیادہ کھول کر فقہائے اسلام نے اس طرح بیان کیا ہے کہ غنیمت صرف وہ اموال منقولہ ہیں جو جنگی کارروائیوں کے دوران میں دشمن کے لشکروں سے حاصل ہوں۔ ان کے ماسوا دشمن ملک کی زمینیں، مکانات اور دوسرے اموال منقولہ وغیر منقولہ غنیمت کی تعریف سے خارج ہیں۔ اس تشریح کا ماخذ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وہ خط ہے جو انہوں نے حضرت سعد بن ابی وقاص کو فتح عراق کے بعد لکھا تھا۔ اس میں وہ فرماتے ہیں کہ : فانظر ما اجلبو ا بہ علیک فی العسکر من کراعٍ او مالٍ فاقسمہ بین من حضر من المسلمین و اترک الاَرَضِین و الا نھاىر لعُمّالھا لیکون ذلک فی اعطیات المسلمین۔ " جو مال متاع فوج کے لوگ تمہارے لشکر میں سمیٹ لائے ہیں اس کو ان مسلمانوں میں تقسیم کر دو جو جنگ میں شریک تھے اور زمینیں اور نہریں ان لوگوں کے پاس چھوڑ دو جو ان پر کام کرتے ہیں تاکہ ان کی آمدنی مسلمانوں کی تنخواہوں کے کام آئے" (کتاب الخراج لابی یوسف صفحہ 24۔کتاب الاموال لابی عبید صفحہ 59۔ کتاب الخراج لیحیٰی بن آدم، صفحات 27۔ 28۔ 148 اسی بنیاد پر حضرت حسن بصری کہتے ہیں کہ " جو کچھ دشمن کے کیمپ سے ہاتھ آئے

وہ ان کا حق ہے جنھوں نے اس پر فتح پائی اور زمین مسلمانوں کے لیے ہے" (یحیٰ بن آدم، صفحہ 27)۔ اور امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ "جو کچھ دشمن کے لشکروں سے مسلمانوں کے ہاتھ آئے اور جو متاع اور اسلحہ اور جانور وہ اپنے کیمپ میں سمیٹ لائیں وہ غنیمت ہے اور اسی میں سے پانچواں حصہ نکال کر باقی چار حصے فوج میں تقسیم کیے جائیں گے" (کتاب الخراج، صفحہ 18)۔ یہی رائے یحیٰ بن آدم کی ہے جو انہوں نے اپنی کتاب الخراج میں بیان کی ہے (صفحہ 27)۔ اس سے بھی زیادہ جو چیز غنیمت اور فے کے فرق کو واضح کرتی ہے وہ یہ ہے کہ جنگ نہاوند کے بعد جب مال غنیمت تقسیم ہو چکا تھا اور مفتوحہ علاقہ اسلامی حکومت میں داخل ہو گیا تھا، ایک صاحب، سائب بن اقرع کو قلعہ میں جواہر کی دو تھیلیاں ملیں۔ ان کے دل میں یہ الجھن پیدا ہوئی کہ آیا یہ مال غنیمت ہے جسے فوج میں تقسیم کیا جائے، یا اسکا شمار اب فے میں ہے جسے بیت المال میں داخل ہونا چاہیے؟ آخر کار انہوں نے مدینہ حاضر ہو کر معاملہ حضرت عمرؓ کے سامنے پیش کیا اور انہوں نے فیصلہ فرمایا کہ اسے فروخت کر کے اس کی قیمت بیت المال میں داخل کر دی جائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ غنیمت صرف وہ اموال منقولہ ہیں جو دوران جنگ میں فوج کے ہاتھ آئیں۔ جنگ ختم ہونے کے بعد اموال غیر منقولہ کی طرح اموال منقولہ بھی فے کے حکم میں داخل ہو جاتے ہیں۔ امام ابو عبید اس واقعہ کو نقل کر کے لکھتے ہیں: مانیل من اهل الشرک عَنوۃً قسرا او الحرب قائمت فهو الغنیمت، وما نیل منهم بعد ما تضع الحرب اوزارها و تصیر الدار دار الاسلام فهو فیٔ یکون للناس عامّا ولا خمس فیه۔ "جو مال دشمن سے بزور ہاتھ لگے، جبکہ ابھی جنگ ہو رہی ہو، وہ غنیمت ہے، اور جنگ ختم ہونے کے بعد جب ملک دارالاسلام بن گیا ہو، اس وقت جو مال ہاتھ لگے وہ فے ہے جسے عام باشندگان دار الاسلام کے لیے وقف ہونا چاہیے۔ اس میں خمس نہیں ہے۔" (کتاب الاموال، صفحہ 254)۔

غنیمت کو اس طرح محدود کرنے کے بعد باقی جو اموال و املاک اور اراضی کفار سے مسلمانوں کی طرف منتقل ہو وہ دو بڑی اقسام پر تقسیم کیے جا سکتے ہیں ایک وہ جو لڑ کر فتح کیے جائیں، جن کو اسلامی فقہ کی زبان میں عَنوَۃً فتح ہونے والے ممالک کہا جاتا ہے۔ دوسرے وہ جو صلح کے نتیجے میں مسلمانوں کے ہاتھ آئیں، خواہ وہ صلح اپنی جگہ پر مسلمانوں کی فوجی طاقت کے دباؤ یا رُعب اور ہیبت ہی کی وجہ سے ہوئی ہو۔ اور اسی قسم میں وہ سب

اموال بھی آجاتے ہیں جو عَنْوَۃً فتح ہونے کے سوا کسی دوسری صورت سے مسلمانوں کے قبضے میں آئیں۔
فقہائے اسلام کے درمیان جو کچھ بحثیں پیدا ہوئی ہیں وہ صرف پہلی قسم کے اموال کے بارے میں پیدا ہوئی
ہیں کہ ان کی ٹھیک شرعی حیثیت کیا ہے کیونکہ وہ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ کی
تعریف میں نہیں آتے۔ رہے دوسری قسم کے اموال، تو ان کے بارے میں یہ بات متفق علیہ ہے کہ وہ
فے ہیں، کیوں کہ ان کا حکم صاف صاف قرآن مجید میں بیان کر دیا گیا ہے۔ آگے چل کر ہم قسم اول کے
اموال کی شرعی حیثیت پر تفصیلی کلام کریں گے۔

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِۙ كَیْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۚ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۘ ﴿٧﴾

جو کچھ دیا اللہ نے اپنے رسول کو بستیوں والوں سے تو وہ ہے اللہ کے لئے اور رسول کے لئے اور قرابت والوں کے لئے اور یتیموں اور حاجتمندوں اور مسافروں کے لئے *13 ۔ تاکہ نہ کرتا رہے وہ گردش دولت مندوں کے درمیان تمہارے *14 ۔ اور جو کچھ دیں تمہیں رسول سو وہ لے لو۔ اور وہ چیز منع کریں تمہیں جس سے تو باز رہو۔ اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ بیشک اللہ ہے سخت عذاب دینے میں۔ *15

**7. That which Allah gave as booty to His messenger from the people of the townships, it is for Allah, and for the Messenger, and for near relatives, and the orphans, and the needy, and the wayfarers, *13 so that it does not become commodity among the rich of you. *14 And whatever gives you the Messenger, so take it, and what he forbids you from,**

| | | |
|---|---|---|
| refrain. And fear Allah. Indeed, Allah is severe in punishment. *15 | | |

*13 In the preceding verse what was pointed out was why these properties should not be distributed among the fighting army like the spoils, and why the legal injunction concerning them is different from that concerning the spoils. Now in this verse it is being stated as to who are entitled to have a share in these properties.

The first share in these is of Allah and His Messenger. The detail of how the Prophet (peace be upon him) acted on this injunction has been related by Malik bin Aus bin al-Hadathan on the authority of Umar, thus: The Prophet (peace be upon him) used to take from it necessary expenses for himself and his family and the rest he used to spend on arranging arms and conveyances for Jihad. (Bukhari, Muslim, Musnad Ahmad, Daud, Tirmadhi, Nasai and others). After the passing away of the Prophet (peace be upon him) this share was transferred to the Public Treasury of the Muslims so that it is spent in the service of the mission which Allah had entrusted to His Messenger (peace be upon him). Imam Shafai is reported to have expressed the opinion that the share which was specifically meant for the Prophet's (peace be upon him) person, is for his caliph after him, for the Prophet (peace be upon him) was entitled to it on the basis of his office of leadership and not on the basis of the office of Apostleship. But the view of the majority of the Shafei jurists in this matter is the same

**as of the other jurists, viz. that this share now is reserved for the religious and collective welfare of the Muslims, and not for any particular person.**

**The second share is of the kinsfolk, and this implies the kinsfolk of the Prophet (peace be upon him), i.e. the Bani Hashim and the Bani al-Muttalib. This share was set aside so that, besides meeting his own and his family's requirements, the Prophet (peace be upon him) could also fulfill his obligations towards those of his relatives who stood in need of his help, or whom he felt like helping. After the death of the Prophet (peace be upon him), this ceased to be a separate and independent source, because like the right of the orphans and the wayfarers and the indigent among the Muslims, looking after the rights of the needy among the Bani Hashim and the Bani al-Muttalib also became the responsibility of the Public Treasury. However, they were treated as superior to others in so far as they had no share in the zakat. Abdullah bin Abbas has related that in the time of Abu Bakr and Umar and Uthman, the first two shares were dropped and only the remaining three shares (i.e. those for the orphans and the indigent and the wayfarers) were kept as of those entitled to *fai*. Then Ali also acted on the same in his time, Muhammad bin Ishaq has related on the authority of Imam Muhammad Baqir that although Ali's personal opinion was the same as of the people of his house (that this share should be given to the relatives of the Prophet, peace be upon him), he did not think that he should act against the practice of Abu Bakr and Umar. Hasan bin Muhammad bin Hanafiyah says that**

**after the Prophet (peace be upon him), a difference of opinion arose about these two shares (i.e. the share of the Prophet, peace be upon him, and the share of his relatives). Some people said that the first share should go to the Prophet's (peace be upon him) caliph, some said that the second share should go to the relatives of the Prophet (peace be upon him), and still others said that the second share should be given to the relatives of the caliph. At last, a consensus was reached that both the shares be spent on the requirements of Jihad. Ata bin Saib says that Umar bin Abdul Aziz in his time had started sending the share of the Prophet (peace be upon him) and the share of the relatives to the Bani Hashim. The opinion of Imam Abu Hanifah and of most of the Hanafi jurists is that in this matter the same practice is correct as was being followed in the time of the righteous Caliphs. (Abu Yusuf, Kitab al-Kharaj pp. 19-21). Imam Sharei's opinion is that both the rich and the needy from among the people whose being descended from the Bani Hashim and the Bani al-Muttalib is confirmed, or is well known, can be given shares from *fai*. (Mughni al-Muhtaj). The Hanafis say that only their needy people can be helped from this; however, their right to this is greater than that of others. (Ruh al-Maani). According to Imam Malik, there is no restriction on the government in this matter. It can spend on any head that it deems fit and proper, but the better course is that it should give preference to the people of the Prophet's (peace be upon him) house. (Hashiyah ad-Dusuqi ala-sh-Sharh-al-Kabir).**

**About the remaining three shares there is no dispute**

among the jurists. However, the difference between Imam Shafei and the other Imams is that according to Imam Shafei the total properties of *fai* are to be divided into five equal parts one part of which is to be spent on the above-mentioned heads in such a way that one-fifth of it is spent on the common benefits of the Muslims, one-fifth on the Bani Hashim and the Bani al-Muttalib, one-fifth on the orphans, one-fifth on the indigent and one-fifth on the wayfarers. However, Imam Malik, Imam Abu Hanifah and Imam Ahmad do not concur with this division. Their opinion is that the whole of *fai* is for the welfare and common benefit of the Muslims. (Mughni al-Muhtaj).

13* پچھلی آیت میں صرف اتنی بات ارشاد ہوئی تھی کہ ان اموال کو حملہ آور فوج میں غنائم کی طرح تقسیم نہ کرنے کی وجہ کیا ہے، اور کیوں ان کا شرعی حکم غنائم سے الگ ہے۔ اب اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ ان اموال کے حقدار کون ہیں۔

ان میں سب سے پہلا حصہ اللہ اور رسول کا ہے۔ اس حکم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس طرح عمل کیا اس کی تفصیل مالک بن اوس بن الحدثان نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت سے یہ نقل کی ہے کہ حضورؐ اس حصہ میں سے اپنا اور اپنے اہل عیال کا نفقہ لے لیتے تھے اور باقی آمدنی جہاد کے لیے اسلحہ اور سواری کے جانور فراہم کرنے پر خرچ فرماتے تھے (بخاری، مسلم، مسند احمد، ابوداؤد، ترمذی، نسائی وغیرہ)۔ حضور ﷺ کے بعد یہ حصہ مسلمانوں کے بیت المال کی طرف منتقل ہوگیا تاکہ یہ اس مشن کی خدمت پر صرف ہو جو اللہ نے اپنے رسول کے سپرد کیا تھا۔ امام شافعیؒ سے یہ رائے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی ذات خاص کے لیے جو حصہ تھا وہ آپ کے بعد آپ کے خلیفہ کے لیے ہے، کیونکہ آپ اس کے مستحق اپنے منصبِ امامت کی بنا پر تھے نہ کہ منصبِ رسالت کی بنا پر۔ مگر فقہائے شافعیہ کی اکثریت کا قول اس معاملہ میں وہی ہے جو جمہور کا قول ہے کہ یہ حصہ اب مسلمانوں کے دینی و اجتماعی مصالح کے لیے ہے،

کسی شخص خاص کے لیے نہیں ہے۔

دوسرا حصہ رشتہ داروں کا ہے، اور ان سے مراد رسول اللہ ﷺ کے رشتہ دار ہیں، یعنی بنی ہاشم اور بنی المطلب۔ یہ حصہ اس لیے مقرر کیا گیا تھا کہ رسول ﷺ اپنی ذات اور اپنے اہل و عیال کے حقوق ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے ان رشتہ داروں کے حقوق بھی ادا فرما سکیں جو آپ کی مدد کے محتاج ہوں، یا آپ جن کی مدد کرنے کی ضرورت محسوس فرمائیں۔ حضور ﷺ کی وفات کے بعد یہ بھی ایک الگ اور مستقل حصہ کی حیثیت سے باقی نہیں رہا، بلکہ مسلمانوں کے دوسرے مساکین، یتامیٰ اور مسافروں کے ساتھ بنی ہاشم اور بنی المطلب کے محتاج لوگوں کے حقوق بھی بیت المال کے ذمہ عائد ہو گئے، البتہ اس بنا پر ان کا حق دوسروں پر فائق سمجھا گیا کہ زکوٰۃ میں ان کا حصہ نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس کی روایت ہے کہ حضرات ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے زمانے میں پہلے دو حصہ ساقط کر کے صرف باقی تین حصے (یتامیٰ، مساکین و ابن السبیل) فے کے حقداروں میں شامل رہنے دیے گئے، پھر اسی پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے زمانہ میں عمل کیا۔ محمد بن اسحاق نے امام محمد باقر کا قول نقل کیا ہے کہ اگرچہ حضرت علیؓ کی ذاتی رائے وہی تھی جو ان کے اہل بیت کی رائے تھی (کہ یہ حصہ حضور ﷺ کے رشتہ داروں کو ملنا چاہیئے) لیکن انہوں نے ابوبکر و عمر کی رائے کے خلاف عمل کرنا پسند نہ فرمایا۔ حسن بن محمد بن حنفیہ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ کے بعد ان دونوں حصوں (یعنی رسول اللہ ﷺ کے حصے اور ذوی القربیٰ کے حصے) کے متعلق اختلاف رائے تھی کہ دوسرا حصہ حضور ﷺ کے رشتہ داروں کو ملنا چاہیئے۔ کچھ اور لوگوں کا خیال تھا کہ دوسرا حصہ خلیفہ کے رشتہ داروں کو دیا جانا چاہیئے۔ آخر کار اس بات پر اجماع ہو گیا کہ یہ دونوں حصے جہاد کی ضروریات پر صرف کیے جائیں۔ عطا بن سائب کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے اپنے عہد میں حضور ﷺ کا حصہ اور رشتہ داروں کا حصہ بنی ہاشم کو بھیجنا شروع کر دیا تھا۔ امام ابوحنیفہ اور اکثر فقہائے حنفیہ کی رائے یہ ہے کہ اس معاملہ میں وہی عمل صحیح ہے جو خلفائے راشدین کے زمانہ میں جاری تھا (کتاب الخراج ‏11، بی یوسف، صفحہ 9 تا 21) امام شافعیؒ کی رائے یہ ہے کہ جن لوگوں کا ہاشمی و مطلبی ہونا ثابت ہو یا عام طور پر معلوم و معروف ہو ان کے غنی و فقیر،

دونوں طرح کے اشخاص کو فے میں سے مال دیا جا سکتا ہے۔ (مغنی المحتاج)۔ حنفیہ کہتے ہیں کہ صرف ان کے محتاج لوگوں کی اس مال سے مدد کی جا سکتی ہے، البتہ ان کا حق دوسروں پر فائق ہے۔ (روح المعانی)۔ امام مالک کے نزدیک اس معاملہ میں حکومت پر کوئی پابندی نہیں ہے، جس مد میں جس طرح مناسب سمجھے صرف کرے۔ مگر اولیٰ یہ ہے کہ آل رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو مقدم رکھے۔ (حاشیہ الدّسوقی علی الشرح الکبیر)۔

باقی تین حصوں کے بارے میں فقہا کے درمیان کوئی بحث نہیں ہے۔ البتہ امام شافعی اور ائمہ ثلاثہ کے درمیان اختلاف یہ ہے کہ امام شافعی کے نزدیک فے کے جملہ اموال کو پانچ برابر کے حصوں میں تقسیم کر کے ان میں سے ایک حصہ مذکورۂ بالا مصارف پر اس طرح صرف کیا جانا چاہیے کہ اس کا 1/5 مصالح مسلمین پر، 1/5 بنی ہاشم و بنی المطلب پر، 1/5 مساکین پر اور 1/5 مسافروں پر صرف کیا جائے۔ بخلاف اس کے امام مالک، امام ابوحنیفہ اور امام احمد اس تقسیم کے قائل نہیں ہیں، اور ان کی رائے یہ ہے کہ فے کا پورا مال مصالح مسلمین کے لیے ہے۔ (مغنی المحتاج)۔

***14 This is one of the most important verses of the Quran, which lays down the basic principle of the economic policy of the Islamic community and government. Wealth should circulate among the whole community and not only among the rich lest the rich should go on becoming richer day by day and the poor becoming poorer. This policy has not merely been enunciated in the Quran, but for the same objective the Quran has forbidden interest, made the zakat obligatory, enjoined that *khums* (one-fifth) be deducted from the booty, exhorted the Muslims to practice voluntary charity, has proposed such forms of different kinds of atonements that the flow of wealth is turned towards the poor classes of society, and has made such a law of inheritance that the wealth left by every deceased person**

spreads among the largest circle of the people. Apart from this, stinginess has been condemned and generosity commended as a noble moral quality, the well-to-do people have been told that in their wealth there is a definite share of the beggar and the indigent, which they must discharge not as charity but as the right of the concerned people, and the law enjoined in respect of a major source of revenue of the Islamic government (i.e. *fai*) is that its one portion must necessarily be spent on supporting the poor class of society. In this connection, it should also be borne in mind that there are two main sources of the revenue of the Islamic government: *zakat* and *fai*. The *zakat* is charged from the Muslims on their total extra capital, cattle, wealth, trade goods and agricultural produce, which is over and above the minimum exemption limit (*nisab*), and most of it is reserved for the poor. And *fai* comprises all the revenues including *jizyah* and taxes which are received from the non-Muslims; a major part of this is also set aside for the poor. This gives a clear hint to the effect that an Islamic government should manage its revenues and expenditure and the financial and economic affairs of the country on the whole in such a manner that the wealthy and influential people are not allowed to have their monopoly over the means and resources of wealth, and the flow of wealth is neither turned from the poor to the rich nor it should remain circulating only among the rich.

14* یہ قرآن مجید کی اہم ترین اصولی آیات میں سے ہے جس میں اسلامی معاشرے اور حکومت کی معاشی
پالیسی کا یہ بنیادی قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ دولت کی گردش پورے معاشرے میں عام ہونی چاہیے، ایسا نہ ہو

کہ مال صرف مالداروں ہی میں گھومتا رہے، یا امیر روز بروز امیر تر اور غریب روز بروز غریب تر ہوتے چلے جائیں۔ قرآن مجید میں اس پالیسی کو صرف بیان ہی کرنے پر اکتفا نہیں کیا ہے بلکہ اِسی مقصد کے لیے سود حرام کیا گیا ہے، زکوٰۃ فرض کی گئی ہے، اموالِ غنیمت میں خمس نکالنے کا حکم دیا گیا، صدقاتِ نافلہ کی جگہ جگہ تلقین کی گئی ہے، مختلف قسم کے کفاروں کی ایسی صورتیں تجویز کی گئی ہیں جن سے دولت کے بہاؤ کا رُخ معاشرے کے غریب طبقات کی طرف پھیر دیا جائے، میراث کا ایسا قانون بنایا گیا ہے کہ ہر مرنے والے کی چھوڑی ہوئی دولت زیادہ سے زیادہ وسیع، دائرے میں پھیل جائے، اخلاقی حیثیت سے بخل کو سخت قابل مذمت اور فیاضی کو بہترین صفت قرار دیا گیا ہے، خوشحال طبقوں کو یہ سمجھایا گیا ہے کہ ان کے مال میں سائل اور محروم کا حق ہے جسے خیرات نہیں بلکہ ان کا حق سمجھ کر ہی انہیں ادا کرنا چاہیے اور اسلامی حکومت کی آمدنی کے ایک بہت بڑے ذریعہ، یعنی فے کے متعلق یہ قانون مقرر کر دیا گیا ہے کہ اس کا ایک حصہ لازماً معاشرے کے غریب طبقات کو سہارا دینے کے لیے صرف کیا جائے۔ اس سلسلہ میں یہ بات بھی نگاہ میں رہنی چاہیے کہ اسلامی حکومت کے ذرائع آمدنی کی اہم ترین مدّات دو ہیں۔ ایک زکوٰۃ، دوسرے فے۔ زکوٰۃ مسلمانوں کو پورے زائد از نصاب سرمائے، مواشی، اموالِ تجارت اور زرعی پیداوار سے وصول کی جاتی ہے اور وہ زیادہ تر غریبوں ہی کے لیے مخصوص ہے۔ اور فے میں جزیہ و خراج سمیت وہ تمام آمدنیاں شامل ہیں جو غیر مسلموں سے حاصل ہوں، اور ان کا بھی بڑا حصہ غریبوں ہی کے لیے مخصوص کیا گیا ہے۔ یہ کھلا ہوا اشارہ اس طرف ہے کہ ایک اسلامی حکومت کو اپنی آمدنی و خرچ کا نظام، اور بحیثیت مجموعی ملک کے تمام مالی اور معاشی معاملات کا انتظام اس طرح کرنا چاہیے کہ دولت کے ذرائع پر مالدار اور با اثر لوگوں کی اجارہ داری قائم نہ ہو، اور دولت کا بہاؤ نہ غریبوں سے امیروں کی طرف ہونے پائے نہ وہ امیروں ہی میں چکر لگاتی رہے۔

***15 In view of the context the verse means: Accept without question whatever decision the Prophet (peace be upon him) gives about the management of the properties of the Bani an-Nadir, and likewise about the distribution of *fai* properties and goods afterwards. One should take whatever the Prophet (peace be upon him) gives him, and the one**

**whom he does not give anything, should neither protest nor demand it. But since the words of the command are general, its application is not restricted to the distribution of the *fai* properties and goods only, but its intention is that in all matters the Muslims should obey the Prophet (peace be upon him). This intention of the command becomes all the more clear when we consider that as against "whatever the Messenger gives you" the words used are "whatever he forbids you" and not "whatever he does not give you." If the object of the command were restricted to call obedience to the distribution of all properties and goods only, then as against "whatever he gives you" the words should have been "whatever he does not give you." The use of the forbidding or restraining words in this context by itself shows that the object of the command is to enjoin obedience to the Prophet (peace be upon him) in whatever he commands and forbids. The same thing has been stated by the Prophet (peace be upon him) himself. According to Abu Hurairah he said: When I command you to do a thing, do it as far as you can; and when I forbid you to do a thing, restrain from it. (Bukhari, Muslim). About Abdullah bin Masud it has been related that once during a speech he said: Allah has cursed the woman who practices such and such a fashion. Thereupon a woman approached him and asked: Wherefrom have you derived this thing? For I have not seen such a thing anywhere in the Book of Allah. Abdullah replied: Had you studied the Book of Allah, you would certainly have found it therein. Have you not read the verse: *Ma ata-kum ar-rasulu fa-khudu hu wa ma naha-***

*kum anhu fantahu*: **Take whatever the Messenger gives you, and refrain from whatever he forbids you. When she said that she had read this verse, Abdullah said: So the Prophet (peace be upon him) has forbidden this act, and has given the news that Allah has cursed the women who practice it. The woman agreed that she had understood the command. (Bukhari, Muslim, Musnad Ahmad, Musnad Ibn abi Hatim).**

**15***سلسلہ بیان کے لحاظ سے اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اموالِ بنی نضیر کے انتظام اور اسی طرح بعد کے اموالِ فے کی تقسیم کے معاملہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم جو فیصلہ فرمائیں اسے بے چوں وچرا تسلیم کر لو، جو کچھ حضورﷺ کسی کو دیں وہ اسے لے لے، اور جو کسی کو نہ دیں وہ اس پر کوئی احتجاج یا مطالبہ نہ کرے۔ لیکن چونکہ حکم کے الفاظ عام ہیں، اس لیے یہ صرف اموالِ فے کی تقسیم تک محدود نہیں ہے، بلکہ اس کا منشا یہ ہے کہ تمام معاملات میں مسلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی اطاعت کریں۔ اس منشا کو یہ بات اور زیادہ واضح کر دیتی ہے کہ "جو کچھ رسول تمہیں دے" کے مقابلہ میں "جو کچھ نہ دے" کے الفاظ استعمال نہیں فرمائے گئے ہیں، بلکہ فرمایا یہ گیا ہے کہ "جس چیز سے وہ تمہیں روک دے (یا منع کر دے) اس سے رک جاؤ"۔ اگر حکم کا مقصد صرف اموالِ فے کی تقسیم کے معاملہ تک اطاعت کو محدود کرنا ہوتا تو "جو کچھ دے" کے مقابلہ میں "جو کچھ نہ دے" فرمایا جاتا۔ منع کرنے یا روک دینے کے الفاظ اس موقع پر لانا خود یہ ظاہر کرتے ہیں کہ حکم کا مقصود حضورﷺ کے امر و نہی کی اطاعت ہے۔ یہی بات ہے جو خود رسولﷺ نے بھی ارشاد فرمائی ہے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: اذا امرتکم بامر فائتوا منہ ما استطعتم ومانھیتم عنہ فاجتنبوہ "جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو جہاں تک ممکن ہو اس پر عمل کرو۔ اور جس بات سے روک دوں اس سے اجتناب کرو۔" (بخاری۔ مسلم)۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے متعلق روایت ہے کہ ایک دفعہ انہوں نے تقریر کرتے ہوئے کہا "اللہ تعالیٰ نے فلاں فلاں فیشن کرنے والی

عورتوں پر لعنت فرمائی ہے" اس تقریر کو سن کر ایک عورت ان کے پاس آئی اور اس نے عرض کیا یہ بات آپ نے کہاں سے اخذ کی ہے؟ کتاب اللہ میں تو یہ مضمون کہیں میری نظر سے نہیں گزرا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا تو نے اگر اللہ کی کتاب پڑھی ہوتی تو یہ بات ضرور تجھے اس میں ملجاتی۔ کیا تو نے یہ آیت نہیں پڑھی کہ مَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوۡلُ فَخُذُوۡہُ وَمَا نَھٰکُمۡ عَنۡہُ فَانۡتَھُوۡا؟ اس نے عرض کیا، ہاں یہ آیت تو میں نے پڑھی ہے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فعل سے منع فرمایا ہے اور یہ خبر دی ہے کہ اللہ نے ایسا فعل کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ عورت نے عرض کیا اب میں سمجھ گئی۔ (بخاری۔ مسلم مسنداحمد سند ابن ابی حاتم)

لِلۡفُقَرَآءِ الۡمُهٰجِرِيۡنَ الَّذِيۡنَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِيَارِهِمۡ وَ اَمۡوَالِهِمۡ يَبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضۡوَانًا وَّ يَنۡصُرُوۡنَ اللّٰهَ وَ رَسُوۡلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوۡنَ ۚ ﴿۸﴾

ضرورت مند مہاجروں کے لئے جو نکال دیئے گئے اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے۔ *16 جو تلاش کرتے ہیں فضل اللہ کا اور اسکی خوشنودی اور وہ مدد کرتے ہیں اللہ اور اسکے رسول کی۔ یہی لوگ ہیں جو سچے ہیں۔

8. For the poor emigrants, those who were expelled from their homes and their possessions. *16 They seek bounty from Allah and His pleasure, and they help Allah and His Messenger. It is those who are the truthful.

*16 This implies those people who at that time had been expelled from Makkah and other parts of Arabia only because they had embraced Islam. Before the conquest of the territory of the Bani an-Nadir these emigrants had no permanent means of sustenance. Therefore, it was

commanded that in the properties which were then taken, and in the *fai* properties which are taken in future there is also a share of these people along with the common poor people and the orphans and the wayfarers. With these properties all such people should be helped, who are forced to emigrate for the cause of Allah and His Messenger (peace be upon him) to the abode of Islam. Accordingly, the Prophet (peace be upon him) distributed a part of the properties taken from the Bani an-Nadir among the emigrants and the oases which the Ansar had set aside for the support and maintenance of their emigrant brothers were returned to them. But it is not correct to think that the emigrants had this share in the *fai* only at that time. In fact, the intention of the verse is to point out that till Resurrection it is the duty of the Islamic government of the country to settle the people who are exiled and compelled to take refuge in it because of being Muslims and to enable them to stand on their feet economically; and it should also spend on this head from the *fai* properties besides the *zakat* funds.

16*اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو اس وقت مکہ معظمہ اور عرب کے دوسرے علاقوں سے صرف اس بنا پر نکال دیے گئے تھے کہ انہوں نے اسلام قبول کر لیا تھا۔ بنی النضیر کا علاقہ فتح ہونے سے پہلے تک ان مہاجرین کے لیے گزر بسر کا کوئی مستقل ذریعہ نہ تھا۔ اب حکم دیا گیا کہ یہ مال جو اس وقت ہاتھ آیا ہے، اور آئندہ جو اموال بھی فے کے طور پر ہاتھ آئیں۔ ان میں عام مساکین، یتامیٰ اور مسافروں کے ساتھ ساتھ ان لوگوں کا حق بھی ہے، ان سے ایسے سب لوگوں کو سہارا دیا جانا چاہیے جو اللہ اور اس کے رسول اور اس کے دین کی خاطر ہجرت پر مجبور ہو کر دار الاسلام میں آئیں۔ اس حکم کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی النضیر کی

جائیدادوں کا ایک حصہ مہاجرین میں تقسیم کر دیا اور وہ نخلستان جو انصار نے اپنے مہاجر بھائیوں کی مدد کے لیے دے رکھے تھے ان کو واپس کردیے گئے۔ لیکن یہ خیال کرنا صحیح نہیں ہے کہ فے میں مہاجرین کا یہ حصہ صرف اسی زمانہ کے لیے تھا۔ در حقیقت اس آیت کا منشا یہ ہے کہ قیامت تک جو لوگ بھی مسلمان ہونے کی وجہ سے جلا وطن ہوکر کسی مسلم مملکت کے حدود میں پناہ لینے پر مجبور ہوں، ان کو بسانا اور اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل بنانا اس ملک کی اسلامی حکومت کے فرائض میں شامل ہے، اور اسے زکوۃ کے علاوہ اموال فے میں سے بھی اس مد پر خرچ کرنا چاہیے۔

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۗ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۚ ﴿٩﴾

اور ان لوگوں (کے لئے) جو مقیم تھے اس جگہ (مدینے میں) اور ایمان (لائے) ان سے پہلے۔ وہ محبت کرتے ہیں انسے جنہوں نے ہجرت کی ان کے پاس *17 اور نہیں پاتے اپنے دلوں میں کوئی حاجت اس سے جو دیا گیا انکو اور مقدم رکھتے ہیں (انکو) اپنی جانوں پر اگرچہ ہوں خود حاجت مند۔ *18 اور جو بچا لیا گیا اپنے نفس کی لالچ سے تو ایسے ہی لوگ بامراد ہیں۔ *19

9. And (for) those who resided there (in Madinah) and (had) faith before them. They love those who have emigrated to them, *17 and do not find in their hearts need for what they were given, and they prefer (them) above themselves even though they may be needy. *18 And whoever is saved from the greed of his own self, so it is those who are the successful. *19

***17 This implies the Ansar. In other words, not only are the emigrants entitled to *fai* but those Muslims also are entitled to receive their share from it who were already living in the abode of Islam (Al-Madinah).**

***17** مراد ہیں انصار۔ یعنی فے میں صرف مہاجرین ہی کا حق نہیں ہے، بلکہ پہلے سے جو مسلمان دار الاسلام میں آباد ہیں وہ بھی اس میں سے حصہ پانے کے حق دار ہیں۔

***18 This is in praise of the Ansar, the Muslims of Al-Madinah. When the emigrants came from Makkah and other places to their city, they offered their gardens and oases to the Prophet (peace be upon him) with the request that he distribute them among their emigrant brethren-in-faith. The Prophet (peace be upon him) said: These people do not know gardening: they have come from a region where there are no gardens. Could it not be that you (the Ansar) continue to work in the gardens and oases and make the emigrants partners in the produce? The Ansar submitted: We have heard and obeyed. (Bukhari, Ibn Jarir). Thereupon the emigrants said: We have never seen any people so self-sacrificing as the Ansar, for they would work and labor and make us partners in the produce. We think they would thus be entitled to all spiritual rewards. The Prophet (peace be upon him) said: Nay, as long as you would praise them and pray for their well-being, you also would get your rewards. (Musnad Ahmad). Then, when the territory of the Bani an-Nadir was taken, the Prophet (peace be upon him) made this proposal to the Ansar: Now one way of managing it is that your properties and the gardens and the oases left by the Jews be combined**

**together and then the whole distributed among you and the emigrants. The second way is that you take back your properties, and the lands vacated by the Jews be distributed among the emigrants. The Ansar said: You may please distribute these evacuee properties among the emigrants and may give them of our properties also as you please. At this Abu Bakr cried out: May Allah reward you, O assembly of the Ansar, with the best of everything. (Yahya bin Adam, Baladhuri). Thus, with the willing consent of the Ansar the properties left by the Jews were distributed only among the emigrants, and from among the Ansar only Abu Dujanah, Sahl bin Hunaif and (according to some) Harith bin as-Simmah were given shares, for they were poor people. (Baladhuri, Ibn Hisham Ruh al-Maani). The same self-sacrificing spirit was shown by the Ansar when the territory of Bahrain was annexed to the Islamic State. The Prophet (peace be upon him) wished that the conquered lands of that territory be given to the Ansar, but they submitted: We would not take any share from it unless a similar share was given to our emigrant brothers. (Yahya bin Adam). Allah has praised the Ansar for this very spirit of self-sacrifice.**

**18*** یہ تعریف ہے مدینہ طیبہ کے انصار کی۔ مہاجرین جب مکہ اور دوسرے مقامات سے ہجرت کر کے ان کے شہر میں آئے تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ پیش کش کی کہ ہمارے باغ اور نخلستان حاضر ہیں، آپ انہیں ہمارے اور ان مہاجر بھائیوں کے درمیان بانٹ دیں۔ حضورؐ نے فرمایا کہ یہ لوگ تو باغبانی نہیں جانتے، یہ اس علاقے سے آئے ہیں جہاں باغات نہیں ہیں کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ اپنے ان باغوں اور نخلستانوں میں کام تم کرو اور پیداوار میں سے حصہ ان کو دو؟ انہوں کہا سمعنا و اطعنا (بخاری، ابن

جریر)۔ اس پر مہاجرین نے عرض کیا ہم نے کبھی ایسے لوگ نہیں دیکھے جو اس درجہ ایثار کرنے والے ہوں۔ یہ کام خود کریں گے اور حصہ ہم کو دیں گے۔ ہم تو سمجھتے ہیں کہ سارا اجر یہی لوٹ لے گئے۔ حضورؐ نے فرمایا نہیں، جب تک تم ان کی تعریف کرتے رہو گے اور ان کے حق میں دعائے خیر کرتے رہو گے، تم کو بھی اجر ملتا رہے گا (مسند احمد)۔ پھر جب بنی النضیر کا علاقہ فتح ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا کہ اب بندوبست کی ایک شکل یہ ہے کہ تمہاری املاک اور یہودیوں کے چھوڑے ہوئے باغات اور نخلستانوں کو ملا کر ایک کر دیا جائے اور پھر اس پورے مجموعے کو تمہارے اور مہاجرین کے درمیان تقسیم کر دیا جائے۔ اور دوسری شکل یہ ہے کہ تم اپنی جائیدادیں اپنے پاس رکھو اور یہ متروکہ اراضی مہاجرین میں بانٹ دی جائیں۔ انصارؓ نے عرض کیا یہ جائیدادیں آپ ان میں بانٹ دیں، اور ہماری جائیدادوں میں سے بھی جو کچھ آپ چاہیں ان کو دے سکتے ہیں۔ اس پر حضرت ابوبکرؓ پکار اٹھے جزاکم اللہ یا معشر الانصار خیراً (یحییٰ بن آدم۔ بلاَذری)۔ اس طرح انصار کی رضا مندی سے یہودیوں کے چھوڑے ہوئے اموال مہاجرین ہی میں تقسیم کیے گئے اور انصار میں سے صرف حضرت ابو دجانہ، حضرت سہل بن حنیف اور (بروایت بعض) حضرت حارث بن الصمہ کو حصہ دیا گیا، کیونکہ یہ حضرات بہت غریب تھے (بلاذری۔ ابن ہشام۔ روح المعانی)۔ اسی ایثار کا ثبوت انصار نے اس وقت دیا جب بحرین کا علاقہ اسلامی حکومت میں شامل ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم چاہتے تھے کہ اس علاقے کی مفتوحہ اراضی انصار کو دی جائیں، مگر انہوں نے عرض کیا کہ ہم اس میں سے کوئی حصہ نہ لیں گے جب تک اتنا ہی ہمارے مہاجر بھائیوں کو نہ دیا جائے (یحییٰ بن آدم)۔ انصار کا یہی وہ ایثار ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف فرمائی ہے۔

***19 The word used here means "is saved" and not "was safe", for without Allah's help and succor no one can attain to the wealth of the heart (liberal-mindedness) by his own power and effort. This is a blessing of God, which one can attain only by God's bounty and grace. The word *shuhh*a is used for stinginess and miserliness in Arabic. But when this word is attributed to the self of man, it becomes**

**synonymous with narrow-mindedness, niggardliness, mean spiritedness and small-heartedness, and not mere stinginess: it is rather the root cause of stinginess itself. Because of this very quality man avoids acknowledging even the good qualities of another, not to speak of recognizing his rights and discharging them. He wants that he alone should gather up everything in the world, and no one else should have anything of it. He never feels content with his own right, but usurps the rights of others, or at least wants to have for himself all that is good in the world and should not leave anything for others. On this very basis one's being saved from this evil has been described in the Quran as a guarantee for success. The Prophet (peace be upon him) has counted it among the most evil qualities of man which are the root cause of corruption and mischief. Jabir bin Abdullah has reported that the Prophet (peace be upon him) said: Avoid *shuhha* for it was *shuhha* which ruined the people before you. It incited them to shed each other's blood and make the sacred and forbidden things of others lawful for themselves. (Muslim, Musnad Ahmad, Baihaqi, Bukhari in Al-Adab). The tradition of Abdullah bin Umar contains the following words: It led them to commit wickedness and they committed it. It commanded them to commit sins and they committed sin. It urged them to break off all connections with the kindred and they broke off all connections with them. (Musnad Ahmad, Abu Daud, Nasai). Abu Hurairah has reported that the Prophet (peace be upon him) said: Faith and *shuhha* of the self cannot combine in one and the same heart. (Ibn Abi**

**Shaibah, Nasa Baihaqi in Shuab al-Iman, Hakim). Abu Said Khudri has stated that the Prophet (peace be upon him) said: Two of the qualities are such that they cannot combine in a Muslim: stinginess and misbehavior. (Abu Daud, Tirmidhi, Bukhari in Al-Adab). It is as a result of this very teaching of Islam that, apart from individuals, the Muslims as a nation are still the most generous and liberal minded people in the world.**

**19*** بچ گئے نہیں فرمایا گیا بلکہ بچا لیے گئے ارشاد ہوا ہے، کیونکہ اللہ کی توفیق اور اس مدد کے بغیر کوئی شخص خود اپنے زور بازو سے دل کی تونگری نہیں پا سکتا۔ یہ خدا کی وہ نعمت ہے جو خدا ہی کے فضل سے کسی کو نصیب ہوتی ہے۔ شح کا لفظ عربی زبان میں کنجوسی اور بخل کے لیے استعمال ہوتا ہے، مگر جب اس لفظ کو نفس کی طرف منسوب کر کے شح نفس کہا جائے تو یہ تنگ نظری، تنگ دلی، کم حوصلگی، اور دل کے چھوٹے پن کا ہم معنی ہو جاتا ہے جو بخل سے وسیع تر چیز ہے، بلکہ خود بخل کی بھی اصل جڑ وہی ہے۔ اسی صفت کی وجہ سے آدمی دوسرے کا حق ماننا اور ادا کرنا تو درکنار اس کی خوبی کا اعتراف تک کرنے سے جی چراتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ دنیا میں سب کچھ اسی کو مل جائے اور کسی کو کچھ نہ ملے۔ دوسروں کو خود دینا تو کجا، کوئی دوسرا بھی اگر کسی کو کچھ دے تو اس کا دل دکھتا ہے۔ اس کی حرص کبھی اپنے حق پر قانع نہیں ہوتی بلکہ وہ دوسروں کے حقوق پر دست درازی کرتا ہے، یا کم از کم دل سے یہ چاہتا ہے کہ اس کے گرد پیش دنیا میں جو اچھی چیز بھی ہے اسے اپنے لیے سمیٹ لے اور کسی کے لیے کچھ نہ چھوڑے۔ اسی بنا پر قرآن میں اس برائی سے بچ جانے کو فلاح کی ضمانت قرار دیا گیا ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو ان بدترین انسانی اوصاف میں شمار کیا ہے جو فساد کی جڑ ہیں۔ حضرت جابر بن عبداللہ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا اتقوا الشح فان الشح اھلک من قبلکم ، حملھم علیٰ ان سفکوا دماءھم و استحلوا محارمھم (مسلم، مسند احمد، بیہقی، بخاری فی الادب)۔ حضرت عبداللہ بن عمرو کی روایت میں الفاظ یہ ہیں: امرھم بالظلم فظلموا و امرھم

بالفجور ففجروا، وامرھم بالقطیعہ فقطعوا (مسند احمد، ابو داؤد، نسائی)۔ یعنی "شح سے بچو کیونکہ شح ہی نے تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا۔ اسی نے ان کو ایک دوسرے کے خون بہانے اور دوسروں کی حرمتوں کو اپنے لیے حلال کر لینے پر اکسایا۔ اس نے ان کو ظلم پر آمادہ کیا اور انہوں نے ظلم کیا، فجور کا حکم دیا اور انہوں نے فجور کیا، قطع رحمی کرنے کے لیے کہا اور انہوں نے قطع رحمی کی"۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا "ایمان اور شح نفس کسی کے دل میں جمع نہیں ہو سکتے" (ابن ابی شیبہ، نسائی، بیہقی فی شعب الایمان، حاکم)۔ حضرت ابو سعید خدری کا بیان ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا" دو خصلتیں ہیں جو کسی مسلمان کے اندر جمع نہیں ہو سکتیں، بخل اور بد خلقی" (ابوداؤد، ترمذی، بخاری فی الادب۔ اسلام کی اسی تعلیم کا ثمرہ ہے کہ افراد سے قطع نظر، مسلمان بحیثیت قوم دنیا میں آج بھی سب سے بڑھ کر فیاض اور فراخ دل ہیں۔ جو قومیں ساری دنیا میں تنگ دلی اور بخیلی کے اعتبار سے اپنی نظیر نہیں رکھتیں، خود انہی میں سے نکلے ہوئے لاکھوں اور کروڑوں مسلمان اپنے ہم نسل غیر مسلموں کے سایہ بسایہ رہتے ہیں۔ دونوں کے درمیان دل کی فراخی و تنگی کے اعتبار سے جو صریح فرق پایا جاتا ہے اس کی کوئی توجیہ اس کے سوا نہیں کی جا سکتی کہ یہ اسلام کی اخلاقی تعلیم کا فیض ہے جس نے مسلمانوں کے دل بڑے کر دیے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾

اور ان لوگوں (کے لئے) جو آئے ان کے بعد *20 وہ کہتے ہیں ہمارے رب معاف فرما ہمیں اور ہمارے بھائیوں کو وہ جو ہم سے پہلے لائے ایمان اور نہ پیدا ہونے دے ہمارے دلوں میں بغض ان کے لیے جو ایمان لائے۔ ہمارے رب بیشک تو ہے مہربان نہایت

10. And (for) those who came after them *20 saying: "Our Lord forgive us and our brothers who preceded us in faith, and do not put in our hearts any malice towards those who have believed. Our Lord, indeed You

| | | |
|---|---|---|
| are Full of kindness, Most Merciful.” *21 | رحم والا۔ *21 | |

*20 In the injunctions laid down up to here, it has been ruled that in the *fai* properties there are the rights of Allah and His Messenger and the Messenger’s relatives and the orphans and the indigent and the wayfarers and the emigrants and the Ansar and of the Muslim generations which will be born till the Day of Resurrection. It is this important legal ruling of the Quran in the light of which Umar introduced the new system in respect of the lands and properties of the conquered territories of Iraq, Syria and Egypt and of the possessions of the previous governments and rulers of those countries. When these countries were conquered; some of the distinguished companions among whom were included prominent men like Zubair, Bilal, Abdur Rahman bin Auf and Salman Farsi, insisted that these should be distributed among the armies who had fought and conquered them. They thought that those properties did not come under those upon which you have not rushed your horses and camels, but the Muslims had conquered them by rushing their horses and camels on them. Therefore, except for those cities and territories which surrendered without the war, all the rest of the conquered lands came under *ghanimah* for which the legal command is that one fifth of the lands and the people be given to the public treasury and the remaining four parts be distributed among the soldiers. But this opinion was not correct on the ground that the Prophet (peace be

**upon him) had not distributed the lands and the people of any territory conquered by fighting in his time after the deduction of one-fifth, like the booty. Two of the most conspicuous precedents of his time were the conquest of Makkah and the conquest of Khaiber. Of these he handed over Makkah intact to its inhabitants. As for Khaiber, according to Bushair bin Yasar, he divided it into 36 parts, of which he set aside 18 parts for collective benefits and requirements of the Muslims and distributed the remaining 18 among the army. (Abu Daud, Baihaqi, Abi Ubaid: Kitab al-Amwal; Yahya bin Adam: Kitab al-Kharj Baladhuri: Futuh al-Buldan; Ibn Human: Fath al-Qadir). This action of the Prophet (peace be upon him) made it clear that the command in respect of the conquered lands, even if they might have been taken by fighting, is not the same as of the *ghanimah* otherwise he would never have given the whole of Makkah intact to the people of Makkah, and would have set aside exactly one-half of the properties of Khaiber for the common benefits of the Muslims instead of deducting its one-fifth for the public treasury. Thus, what was established on the basis of the Sunnah was: In respect of the territories conquered by fighting, the ruler of the Muslims has the authority that he may take any decision that he deems fit keeping in view the conditions of the time. He can distribute them if he so likes but if a territory has an unusual nature and importance, as Makkah had, he can also treat its inhabitants with favor, as the Prophet (peace be upon him) treated the people of Makkah.**

**But as the conquests had not yet become common in the**

**Prophet's time and separate injunctions in respect of the different kinds of conquered territories had not yet become clearly known to the people, so when big countries were annexed to Islam in the time of Umar, the companions were faced with the problem whether the territories conquered by force were in the nature of *ghanimah* or *fai*. After the conquest of Egypt, Zubair demanded: Distribute this, whole land just as the Prophet (peace be upon him) had distributed Khaiber. (Abu Ubaid). About the conquered territories of Syria and Iraq, Bilal insisted: Distribute all the lands among the fighting forces just as the spoils are distributed. (Abu Yusuf, Kitab al-Kharaj). On the other hand, Ali gave this opinion: Leave these lands in possession of the peasants so that they continue to remain a source of income for the Muslims. (Abu Yusuf, Abu Ubaid,). Likewise, the opinion of Muadh bin Jabal was: If you distributed these lands, evil consequences would occur. Because of this distribution large properties will pass into the hands of those few people, who have conquered them. Then, when these people pass away and their properties pass on to their heirs and there is left only one woman or only one man from among them, nothing might remain for the future generations to meet their needs and even to meet the expenses of safeguarding the frontiers of the Islamic State. Therefore, you should so settle things that the interests of both the present and of the future generations are equally safeguarded. (Abu Ubaid, p. 59; Fath al-Bari, vol. vi, p. 138). Umar calculated and found that if the territories of Iraq were distributed, each individual would**

**receive two or three peasants on the average as his share, (Abu Yusuf. Abu Ubaid). Thereupon he arrived at the judicious conclusion that those territories should not be distributed. Thus, the replies that he gave to those who demanded their distribution, were as follows:**

**Do you want that for the people who come afterwards there should not remain anything. (Abu Ubaid).**

**What will happen of the Muslims who came afterwards when they find that the land along with its peasants has been distributed and the people have inherited their forefathers? This is not at all just. (Abu Yusuf).**

**What will be left for the Muslims who came after you? I am afraid if I distribute it, you would fight among yourselves over water. (Abu Yusuf).**

**Had I no thought for those who would come afterwards, I would distribute every territory that I conquered just as the Messenger of AIIah had distributed Khaiber. (Bukhari, Muwatta, Abu Ubaid).**

**Nay: this is the real estate. I will withhold it so that the needs and requirements of the conquering forces and of the common Muslims continue to be met by it. (Abu Ubaid).**

**But the people were not satisfied with these replies, and they started saying that he was being unjust. At last, Umar convened a meeting of the consultative body of the companions and put the matter before it. Here are some of the sentences of the speech that he made on this occasion: I have given you this trouble so that you may join me in shouldering the trust that has been put in me for governing your affairs. I am one of you, and you are the people who**

**affirm the truth today. Every one of you has the option to agree to or differ from what I say. I do not wish that you should follow my desire. You have the Book of Allah, which states the whole truth. By God, if I have said something which I want to enforce, I have no object in view except the truth. You have heard those who think that I am being unjust to them and want to deprive them of their rights, whereas I seek Allah's refuge that I should commit an injustice. It would be vicious on my part if I withheld from them something which actually belonged to them and gave it to another. But I can see that no other land after the land of the Khosroe is going to fall. Allah has given the properties of the Persians and their lands and their peasants in our possession. I have distributed the booty taken by our armies among them after the deduction of the *khums* (one fifth), and am thinking of distributing the rest which yet remains. But as for the lands my opinion is that I should not distribute them and their peasants, but should levy revenue on the lands and *jizyah* on the peasants, which they should always pay, and this should be the *fai* for the common Muslims and their children and the armies of today and for the generations yet to come. Don't you see that we need the troops who should be appointed to protect these our frontiers? Don't you see that in territories like Syria, AI-Jazirah, Kufah, Basra, Egypt we should station our troops, and they should be regularly for their services? So, if I distribute these lands along with their peasants, how shall we meet these expenses.**

**The debate went on for two or three days. Uthman, Ali,**

**Talhah, Abdullah bin Umar and others concurred with Umar, but nothing could be decided. At last, Umar rose and said: I have found an argument in the Book of Allah, which is decisive in this matter. Then, he recited these very verses of Surah Al-Hashr from *Ma afaa Allahu* to *Rabbana innaka Raufur-Rahim*, and argued: The people of this day only are not entitled to receive a share in these properties bestowed by Allah, but Allah has also joined with them those people who will come after them. Then, how can it be that we should distribute the *fai* properties which are meant for all, only among the conquerors and leave nothing for the later generations? Moreover, Allah says: So that this wealth does not remain circulating among your rich people only. But if distribute it among the conquerors, it will remain circulating only among your rich and nothing would be left for others. This argument satisfied everybody and consensus was reached that all the conquered territories should be declared *fai* for the common benefits of the Muslims, which should be left with those who work on those lands and they should be put under revenue and jizyah. (Abu Yusuf Kitab al-Kharaj, pp. 23-27, 35; Al-Jassas, Ahkam al-Quran).**

**Accordingly, the real position of the conquered lands that came to be established was that the Muslims in their collective capacity are their owners; the people who were already working on them would be recognized as cultivators on behalf of the Muslims; they would continue to pay the prescribed revenue to the Islamic government on those lands, their rights as cultivators would pass from**

**generation to generation as heritage, and they would even be allowed to sell those rights, but they will not be the real owners of the land, but its real owners will be the Muslim community. Imam Abu Ubaid in his Kitab al-Amwal has stated this legal position, thus:**

**Umar left the lands of the territory of Iraq in the hands of its people; he levied tax on their lands and jizyah per head on the people. (p. 57).**

**When the head of the Islamic government leaves the lands in the hands of the people of the conquered territories, they would be allowed to pass the lands on as heritage and would also be allowed to sell them. (p. 84).**

**In the time of Umar bin Abdul Aziz, Shabi was asked: Is there a treaty with the people of the territory of Iraq. He replied: There is no treaty, but when the revenue was accepted from them, it amounted to a treaty with them. (Abu Ubaid, p. 49; Abu Yusuf, p. 28).**

**In the time of Umar, Utbah bin Furqad purchased a piece of land by the Euphrates. Umar asked him from whom he had purchased the land. He replied that he had purchased it from its owners. Umar said: Its owners are these people, i.e. the emigrants and the Ansar. Thus, Umar held the opinion that the real owners of those lands were the Muslims. (Abu Ubaid, p. 74).**

**Accordingly, the properties of the conquered countries which were declared as the collective property of the Muslims were the following:**

**(1) Those lands and territories which come under the control of the Islamic government in consequence of a**

**peace treaty.**

**(2) The ransom or revenue or *jizyah* which the people of a territory may have agreed to pay, without fighting, in order to seek refuge from the Muslims.**

**(3) Those lands and properties which the owners might have abandoned and fled.**

**(4) The properties the owners of which were slain and no survivor was left to own them.**

**(5) The lands which were not under any ownership previously.**

**(6) The lands which were already in the ownership of the people, but were left with their previous owners and they were put under *jizyah* and revenue.**

**(7) Estates of the previous ruling dynasties.**

**(8) Properties of the previous governments.**

**(For details, see Bada-i as-Sanai, vol. vii, pp. 116-118; Yahya bin Adam Kitab aI-Kharaj. pp. 22, 64; Mughni al-Muhtaj, vol. iii, p. 93; Hashiyah ad-Dusuqi ala-sh-Sharah al-Kabir, vol. ii, p. 190; Ghayat al-Muntaha, vol. i, pp. 467-471).**

**Since these properties were declared as *fai* with the consensus of the companions, the jurists of Islam also have agreed in principle on their being regarded as *fai*. However, they have differed in certain matters, the details of which arc briefly as follows:**

**The Hanafis say that as regards to the lands of the conquered territories the Islamic government (Imam in juristic terminology has the option that it may distribute them among the forces of conquest after deduction of the**

***khums*** **(one fifth), or may leave them with the former owners and put the owners under *jizyah* and the lands under revenue. In this case the land will be regarded as a legacy for the Muslims. (Badai as-Sanai, Al-Jassas, Ahkam al-Quran; Sharah al-Anayah al al-Hedayah; Fath al-Qadir). The same view has Abdullah bin Mubarak cited for Imam Sufyan Thauri. (Yahya bin Adam; Abu Ubaid, Kitab al-Amwal).**

**The Malikis say that as soon as the lands have been conquered they automatically become a legacy for the Muslims. It does not need the Imam's ruling or the willingness of the Muslim soldiers to declare them a legacy. Besides, the well known view among the Malikis is that not only the lands but the houses and buildings of the conquered territories are also, as a matter of fact, a legacy for the Muslims. However, the Islamic government will not charge the rent for them. (Hashiyah ad-Dusuqi).**

**The Hanbalis agree with the Hanafis that the Imam has the option to distribute the lands among the soldiers or to declare them as a legacy for the Muslims, and with the Malikis that although the houses of the conquered territories are included in the legacy, no rent will be levied on them. (Ghayatal Muntaha which is a collection of the legal rulings of the Hanbali School of juristic thought and a source book for legal rulings since the 10th century).**

**The Shafei's viewpoint is that all the transferable properties of the conquered territory are *ghanimah*, and all the non-transferable properties (lands, houses, etc.) are *fai*. (Mughni al-Muhtaj).**

**Some jurists have expressed the opinion that if the Imam wants to declare the lands of the territory taken by fighting as a legacy for the Muslims, he must first obtain the willingness of the conquering forces. For this they cite this argument: Umar, before the conquest of Iraq, had promised Jarir bin Abdullah al-Banali, the people of whose tribe constituted one-fourth of the army, which fought the Battle of Qadisiyah, that they would be given one-fourth of the conquered territory. Thus, they retained this territory for two or three years. Then Umar said to them: Had I not been responsible and answerable in the matter of division, I would have left with you whatever has been given to you. But now I see that the people have grown in numbers; therefore, my opinion is that you return it to the common people. Jarir acceded to this, and Umar gave him 50 dinars as a prize. (Abu Yusuf, Kitab al-Kharaj; Abu Ubaid, Kitab al-Amwal). From this they argue that Umar had decided to declare the conquered territories as a legacy for the Muslims only after obtaining the willingness of the conquerors. But the majority of the jurists do not admit this argument. For in respect of all the conquered territories no such willingness of the conquerors ever was taken. Only in the case of Jarir bin Abdullah this was done because Umar had made a promise with him prior to any collective decision about the conquered lands. Therefore, he had to obtain his willingness only in order to be free from the obligation of the promise. This cannot be cited as a general law.**

**Another section of the jurists says that even after declaring**

the lands as a legacy, the government retains the option that it may redistribute the lands among the conquerors. For this they argue from this tradition: Once Ali said to the people in an address: Had not there been the apprehension that you would fight among yourselves, I would have distributed the suburban lands among you. (Abu Yusuf, Kitab al-Kharaj; Abu Ubaid, Kitab al-Amwal). But the majority of jurists do not admit this argument either. They are unanimous that when the people of the conquered territory have once been allowed to retain their lands and put under *jizyah* and revenue, the decision can never be changed later. As for the tradition attributed to Ali, Abu Bakr al-Jassas has discussed it at length in his Ahkam al-Quran and proved it to be not authentic.

20*یہاں تک جو احکام ارشاد ہوئے ہیں ان میں یہ فیصلہ کر دیا گیا ہے کہ فے میں اللہ اور رسول، اور اقربائے رسول، اور یتامیٰ اور مساکین اور ابن السبیل، اور مہاجرین اور انصار، اور قیامت تک آنے والی مسلمان نسلوں کے حقوق ہیں۔ قرآن پاک کا یہی وہ اہم قانونی فیصلہ ہے جس کی روشنی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عراق، شام اور مصر کے مفتوحہ ممالک کی اراضی اور جائدادوں کا اور ان ممالک کی سابق حکومتوں اور ان کے حکمرانوں کی املاک کا نیا بندوبست کیا۔ یہ ممالک جب فتح ہوئے تو بعض ممتاز صحابہ کرام نے، جن میں حضرت زبیر، حضرت بلال، حضرت عبدالرحمان بن عوف اور حضرت سلمان فارسی جیسے بزرگ شامل تھے، اصرار کیا کہ ان کو ان افواج میں تقسیم کر دیا جائے جنھوں نے لڑ کر انہیں فتح کیا ہے۔ ان کا خیال یہ تھا کہ یہ اموال فَمَآ اَوۡجَفۡتُمۡ عَلَيۡهِ مِنۡ خَيۡلٍ وَّلَا رِكَابٍ کی تعریف میں نہیں آتے بلکہ ان پر تو مسلمانوں نے اپنے گھوڑے اور اونٹ دوڑا کر انہیں جیتا ہے، اس لیے بجز ان شہروں اور علاقوں کے جنھوں نے جنگ کے بغیر اطاعت قبول کی ہے، باقی تمام مفتوحہ ممالک غنیمت کی تعریف میں آتے ہیں اور ان کا شرعی حکم یہ ہے کہ ان کی

اراضی اور ان کے باشندوں کا پانچواں حصہ بیت المال کی تحویل میں دے دیا جائے، اور باقی چار حصے فوج میں تقسیم کر دیے جائیں، لیکن یہ رائے اس بنا پر صحیح نہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں جو علاقے لڑ کر فتح کیے گئے تھے ان میں سے کسی کی اراضی اور باشندوں کو بھی حضورؐ نے غنائم کی طرح خمس نکالنے کے بعد فوج میں تقسیم نہیں فرمایا تھا۔ آپ کے زمانے کی دو نمایاں ترین مثالیں فتح مکہ اور فتح خیبر کی ہیں۔ ان میں سے مکہ معظمہ کو تو آپ نے جوں کا توں اس کے باشندوں کے حوالہ فرما دیا۔ رہا خیبر، تو اس کے متعلق حضرت بشیر بن یسار کی روایت ہے کہ آپ نے اس کے 36 حصے کیے، اور ان میں سے 18 حصے اجتماعی ضروریات کے لیے وقف کر کے باقی 18 حصے فوج میں تقسیم فرما دیے (ابو داؤد، بیہقی، کتاب الاموال لابی عبید، کتاب الخراج یحییٰ بن آدم، فتوح البلدان للبلاذری، فتح القدیر لابن ہمام)۔ حضورؐ کے اس عمل سے یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ اراضی مفتوحہ کا حکم، اگرچہ وہ لڑ کر ہی فتح ہوئی ہوں، غنیمت کا نہیں ہے، ورنہ کیسے ممکن تھا کہ حضورؐ مکہ کو تو بالکل ہی اہل مکہ کے حوالہ فرما دیتے، اور خیبر میں سے پانچواں حصہ نکالنے کے بجائے اس کا پورا نصف حصہ اجتماعی ضروریات کے لیے بیت المال کی تحویل میں لے لیتے۔ پس سنت سے جو بات ثابت تھی وہ یہ کہ عَنْوۃً فتح ہونے والے ممالک کے معاملہ میں امام وقت کو اختیار ہے کہ حالات کے لحاظ سے ان کے بارے میں جو فیصلہ بھی مناسب ترین ہو کرے۔ وہ ان کو تقسیم بھی کر سکتا ہے۔ اور اگر کوئی غیر معمولی نوعیت کسی علاقے کی ہو، جیسی مکہ معظمہ کی تھی، تو اس کے باشندوں کے ساتھ وہ احسان بھی کر سکتا ہے جو حضورؐ نے اہل مکہ کے ساتھ کیا۔

مگر حضورؐ کے زمانے میں چونکہ فتوحات کی کثرت نہ ہوئی تھی، اور مختلف اقسام کے مفتوحہ ممالک کا الگ الگ حکم کھل کر لوگوں کے سامنے نہ آیا تھا، اس لیے حضرت عمرؓ کے زمانے میں جب بڑے بڑے ممالک فتح ہوئے تو صحابہ کرام کو اس الجھن سے سابقہ پیش آیا کہ بزور شمشیر فتح ہونے والے علاقے آیا غنیمت ہیں یا فے۔ مصر کی فتح کے بعد حضرت زبیر نے مطالبہ کیا کہ: اقسمھا کما قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم خیبر، "اس پورے علاقے کو اسی طرح تقسیم کر دیجیے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے خیبر

کو تقسیم کیا تھا،، (ابو عبید)۔ شام اور عراق کے مفتوحہ علاقوں کے متعلق حضرت بلالؓ نے اصرار کیا کہ اقسم الارضین بین الذین افتتحو ھا کما تقسم غنیمت العسکر۔ ''تمام اراضی کو فاتح فوجوں کے درمیان اسی طرح تقسیم کر دیجیے جس طرح مال غنیمت تقسیم کیا جاتا ہے ''(کتاب الخراج، ابو یوسف) دوسری طرف حضرت علیؓ کی رائے یہ تھی کہ دعھم یکونوا مادۃً للمسلمین۔ '' ان زمینوں کو ان کے کاشتکاروں کے پاس رہنے دیجیے تاکہ یہ مسلمانوں کے لیے ذریعہ آمدنی بنے رہیں '' (ابو یوسف، ابو عبید)۔ اسی طرح حضرت معاذ بن جبل کی رائے یہ تھی کہ '' اگر آپ نے تقسیم کیا تو اس کے نتائج بہت برے ہوں گے۔ اس تقسیم کی بدولت بڑی بڑی جائدادیں ان چند لوگوں کے قبضے میں چلی جائیں گی جنھوں نے یہ علاقے فتح کیے ہیں۔ پھر یہ لوگ دنیا سے رخصت ہو جائیں گے اور ان کی جائدادیں ان کے وارثوں کے پاس رہ جائیں گی، جن میں بسا اوقات کوئی ایک ہی عورت ہوگی یا کوئی ایک مرد ہو گا، لیکن آنے والی نسلوں کے لیے کچھ نہ رہے گا جس سے ان کی ضروریات پوری ہوں اور اسلامی سرحدوں کی حفاظت کے مصارف بھی پورے کیے جا سکیں۔ لہٰذا آپ ایسا بندوبست کریں جس میں موجودہ اور آئندہ نسلوں کے مفاد کا یکساں تحفظ ہو،، (ابو عبید ص 59۔ فتح الباری، ج 6، ص 138)۔ حضرت عمرؓ نے حساب لگا کر دیکھا کہ اگر سوادِ عراق کو تقسیم کیا جائے تو فی کس کیا حصہ پڑے گا۔ معلوم ہوا کہ دو تین فلاح فی کس کا اوسط پڑتا ہے (ابو یوسف، ابو عبید)۔ اس کے بعد انہوں نے شرح صدر کے ساتھ یہ رائے قائم کرلی کہ ان علاقوں کو تقسیم نہ ہونا چاہیے - چنانچہ انہوں نے تقسیم کا مطالبہ کرنے والے مختلف اصحاب کو جو جوابات دیے وہ یہ تھے

تریدون ان یاتی اٰخر الناس لیس لھم شئٍ (ابو عبید)

کیا آپ چاہتے ہیں کہ بعد کے لوگ اس حالت میں آئیں کہ ان کے لیے کچھ نہ ہو؟

فکیف بمن یاتی من المسلمین فیجدون الارض بعل و جھا قد اقتسمت و ورثت عن الاباء و حیزت؟ ماھٰذا ابرائی (ابو یوسف)۔

ان مسلمانوں کا کیا بنے گا جو بعد میں آئیں گے اور حالت یہ پائیں گے کہ زمین اپنے کسانوں سمیت بٹ چکی

ہے اور باپ دادا سے لوگوں نے وراثت میں سنبھال لی ہے؟ یہ ہرگز مناسب نہیں ہے۔

فما لمن جاء بعد کم من المسلمین واخاف ان قسمته ان تفا سد و ابینکم فی لمیاہ (ابو عبید)
تمہارے بعد آنے والے مسلمانوں کے لیے کیا رہے گا؟ اور مجھے خطرہ ہے کہ اگر میں اسے تقسیم کر دوں تو تم پانی پر آپس میں لڑو گے۔

لولا أخر الناس مافتحت قریه الا قسمتها کما قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم خیبر (بخاری، موطا، ابو عبید)۔

اگر بعد میں آنے والوں کا خیال نہ ہوتا تو جو علاقہ بھی میں فتح کرتا اسے تقسیم کر دیتا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو تقسیم کیا۔

لا: ھٰذا عین المال، ولکنی احبسهٔ فیما یجری علیھم وعلی المسلمین۔ (ابو عبید)۔

نہیں، یہ تو عین المال (Real estate) ہے۔ میں اسے روک رکھوں گا تاکہ فاتح فوجوں اور عام مسلمانوں، سب کی ضروریات اس سے پوری ہوتی رہیں۔

لیکن ان جوابات سے لوگ مطمئن نہ ہوئے اور انہوں نے کہنا شروع کیا کہ آپ ظلم کر رہے ہیں۔ آخر کار حضرت عمرؓ نے مجلس شوریٰ کا اجتماع منعقد کیا اور اس کے سامنے یہ معاملہ رکھا۔ اس موقع پر جو تقریر آپ نے کی اس کے چند فقرے یہ ہیں:

"میں نے آپ لوگوں کو صرف اس لیے تکلیف دی ہے کہ آپ اس امانت کے اٹھانے میں میرے ساتھ شریک ہوں جس کا بار آپ کے معاملات کو چلانے کے لیے میرے اوپر رکھا گیا ہے۔ میں آپ ہی لوگوں میں سے ایک فرد ہوں، اور آپ وہ لوگ ہیں جو آج حق کا اقرار کرنے والے ہیں۔ آپ میں سے جو چاہے میری رائے سے اتفاق کرے اور جو چاہے اختلاف کرے میں یہ نہیں چاہتا کہ آپ میری خواہش کی پیروی کریں۔ آپ کے پاس کتاب اللہ ہے جو ناطق بالحق ہے۔ خدا کی قسم میں نے اگر کوئی بات کہی ہے جسے میں

کرنا چاہتا ہوں تو اس سے میرا مقصد حق کے سوا کچھ نہیں ہے۔ ............... آپ ان لوگوں کی بات سن چکے ہیں جن کا خیال یہ ہے کہ میں ان کے ساتھ ظلم کررہا ہوں اور ان کی حق تلفی کرنا چاہتا ہوں۔ حالانکہ میں اس سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں کہ کسی ظلم کا ارتکاب کروں۔ میں بڑا شقی ہوں گا اگر ظلم کر کے کوئی ایسی چیز جو فی الواقع ان کی ہو، انہیں نہ دوں اور کسی دوسرے کو دے دوں۔ مگر میں یہ دیکھ رہا ہوں کہ کسریٰ کی سرزمین کے بعد اب کوئی اور علاقہ فتح ہونے والا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایرانیوں کے مال اور ان کی زمینیں اور ان کے کسان، سب ہمارے قبضے میں دے دیے ہیں۔ ہماری فوجوں نے جو غنائم حاصل کیے تھے وہ تو میں خمس نکال کر ان میں بانٹ چکا ہوں، اور ابھی جو غنائم تقسیم نہیں ہوئے ہیں، میں ان کو بانٹنے کی فکر میں لگا ہوا ہوں۔ البتہ زمینوں کے بارے میں میری رائے یہ ہے کہ انہیں اور ان کے کسانوں کو تقسیم نہ کروں، بلکہ ان پر خراج اور کسانوں پر جزیہ لگا دوں جسے وہ ہمیشہ ادا کرتے رہیں اور یہ اس وقت کے عام مسلمانوں اور لڑنے والی فوجوں اور مسلمانوں کے بچوں کے لیے اور بعد کی آنے والی نسلوں کے لیے فے ہو۔ کیا آپ لوگ نہیں دیکھتے کہ ہماری ان سرحدوں کے لیے لازماً ایسے لوگوں کی ضرورت ہے جو ان کی حفاظت کرتے رہیں؟ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ یہ بڑے بڑے ملک، شام، الجزیرہ، کوفہ، بصرہ، مصر، ان سب میں فوجیں رہنی چاہئیں اور ان کو پابندی سے تنخواہیں ملنی چاہئیں؟ اگر میں ان زمینوں کو ان کے کسانوں سمیت تقسیم کر دوں تو یہ مصارف کہاں سے آئیں گے؟''

یہ بحث دو تین دن چلتی رہی۔ حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت عبداللہ بن عمر وغیرہ حضرات نے حضرت عمرؓ کی رائے سے اتفاق کیا۔ لیکن اتفاق نہ ہوسکا۔ آخر کار حضرت عمر اٹھے اور انہوں نے فرمایا کہ مجھے کتاب اللہ سے ایک حجت مل گئی ہے جو اس مسئلے کا فیصلہ کر دینے والی ہے۔ اس کے بعد انہوں نے سورہ حشر کی یہی آیات مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ سے لے کر رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ تک پڑھیں، اور ان سے یہ استدلال کیا کہ اللہ کی عطا کردہ ان املاک میں صرف اس زمانے کے لوگوں کا ہی حصہ نہیں ہے بلکہ بعد کے آنے والوں کو بھی اللہ نے ان کے ساتھ شریک کیا ہے، پھر یہ کیسے صحیح ہوسکتا ہے

کہ اس فے کو جو سب کے لیے ہے، ہم ان فاتحین میں تقسیم کر دیں اور بعد والوں کے لیے کچھ نہ چھوڑیں؟ نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کَیۡ لَا یَکُوۡنَ دُوۡلَۃًۢ بَیۡنَ الۡاَغۡنِیَآءِ مِنۡکُمۡ، ''تاکہ یہ مال تمہارے مالداروں ہی میں چکر نہ لگاتا رہے''۔ لیکن اگر میں اسے فاتحین میں تقسیم کر دوں تو یہ تمہارے مالداروں ہی میں چکر لگاتا رہے گا اور دوسروں کے لیے کچھ نہ بچے گا۔ یہ دلیل تھی جس نے سب کو مطمئن کر دیا اور اس بات پر اجماع ہو گیا کہ ان تمام مفتوحہ علاقوں کو عامہ مسلمین کے لیے فے قرار دیا جائے، جو لوگ ان اراضی پر کام کر رہے ہیں انہیں کے ہاتھوں میں انہیں رہنے دیا جائے اور ان پر خراج اور جزیہ لگا دیا جائے (کتاب الخراج لابی یوسف، صفحہ 23 تا 27 و 35 احکام القرآن للجصاص)۔

اس فیصلے کے مطابق اراضی مفتوحہ کی اصل حیثیت یہ قرار پائی کہ مسلم ملت بحیثیت مجموعی ان کی مالک ہے، جو لوگ پہلے سے ان زمینوں پر کام کر رہے تھے ان کو ملت نے اپنی طرف سے بطور کاشتکار برقرار رکھا ہے، وہ ان اراضی پر اسلامی حکومت کو ایک مقرر لگان ادا کرتے رہیں گے، نسلاً بعد نسلٍ یہ کاشتکارانہ حقوق ان کی میراث میں منتقل ہوتے رہیں گے اور وہ ان حقوق کو فروخت بھی کر سکیں گے، مگر زمین کے اصل مالک وہ نہ ہونگے بلکہ مسلم ملت ان کی مالک ہو گی۔ امام ابو عبید نے اپنی کتاب الاموال میں اس قانونی پوزیشن کو اس طرح بیان کیا ہے۔

اقرا اهل السود فی ارضیهم و ضرب علی رؤسهم الجزیہ و علی اَرَضِیهم الطسق (ص 57)۔

حضرت عمرؓ نے سواد عراق کے لوگوں کو ان کی زمینوں پر برقرار رکھا، اور ان کے افراد پر جزیہ اور ان کی زمینوں پر ٹیکس لگا دیا۔

اذا اقرّ الامام اهل العَنوۃ فی ارضیهم توارثوها و تبایعوها (ص 84)۔

امام (یعنی اسلامی حکومت کا فرمانروا) جب مفتوحہ ممالک کے لوگوں کو ان کی زمینوں پر برقرار رکھے تو وہ ان اراضی کو میراث میں بھی منتقل کر سکیں گے اور بیع بھی کر سکیں گے۔

عمر بن عبدالعزیز کے زمانے میں شعبی سے پوچھا گیا کیا سواد عراق کے لوگوں سے کوئی معاہدہ ہے؟ انہوں نے

جواب دیا کہ معاہدہ تو نہیں ہے، مگر جب ان سے خراج لینا قبول کر لیا گیا تو یہ ان کے ساتھ معاہدہ ہو گیا (ابو عبید، ص 49۔ ابو یوسف ص 28)۔

حضرت عمرؓ کے زمانہ میں عتبہ بن فرقد نے فرات کے کنارے ایک زمین خریدی۔ حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا تم نے یہ زمین کس سے خریدی ہے؟ انہوں نے کہا اس کے مالکوں سے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اس کے مالک تو یہ لوگ ہیں (یعنی مہاجرین و انصار)۔ رأیٰ عمر ان اصل الارض للمسلمین، "عمرؓ کی رائے یہ تھی کہ ان زمینوں کے اصل مالک مسلمان ہیں" (ابو عبید، ص 74)۔

اس فیصلے کی رو سے ممالک مفتوحہ کے جو اموال مسلمانوں کی اجتماعی ملکیت قرار دیے گئے وہ یہ تھے:

وہ زمینیں اور علاقے جو کسی صلح کے نتیجے میں اسلامی حکومت کے قبضے میں آئیں۔

وہ فدیہ یا خراج یا جزیہ جو کسی علاقے کے لوگوں نے جنگ کے بغیر ہی مسلمانوں سے امان حاصل کرنے کے لیے ادا کرنا قبول کیا ہو۔

وہ اراضی اور جائیدادیں جن کے مالک انہیں چھوڑ کر بھاگ گئے۔

وہ جائیدادیں جن کے مالک مرے گئے اور کوئی مالک باقی نہ رہا۔

وہ اراضی جو پہلے سے کسی کے قبضے میں نہ تھیں۔

وہ اراضی جو پہلے سے لوگوں کے قبضے میں تھیں مگر ان کے سابق مالکوں کو برقرار رکھ کر ان پر جزیہ و خراج عائد کر دیا گیا۔

سابق حکمراں خاندانوں کی جاگیریں۔

سابق حکومتوں کی املاک۔

(تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو بدائع الصنائع، ج 7، ص 116۔ 118۔ کتاب الخراج، یحیٰ بن آدم، ص 22۔ 64۔ مغنی المحتاج، ج 3۔ س 93۔ حاشیہ الدسوقی علی الشرح لکبیر، ج 2، ص 190۔ غانیۃ المنتہیٰ، ج 1، ص

467۔471)۔

یہ چیزیں چونکہ صحابہ کرام کے اتفاق سے فے قرار دی گئی تھیں، اس لیے فقہائے اسلام کے درمیان بھی ان کے فے قرار دیے جانے پر اصولاً اتفاق ہے۔ البتہ اختلاف چند امور میں ہے جنہیں ہم مختصراً ذیل میں بیان کرتے ہیں :

حنفیہ کہتے ہیں کہ مفتوحہ ممالک کی اراضی کے معاملہ میں اسلامی حکومت (فقہاء کی اصطلاح میں امام) کو اختیار ہے، چاہے تو ان میں سے خمس لے کر باقی فاتح فوج میں تقسیم کر دے، اور چاہے تو ان کو سابق مالکوں کے قبضے میں رہنے دے اور ان کے مالکوں پر جزیہ اور زمینوں پر خراج عائد کر دے۔ اس صورت میں یہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے وقف مسلمین قرار پائیں گی۔ (بدائع الصنائع۔ احکام القرآن للجصاص۔ شرح العنایہ علی الہدایہ۔ فتح القدیر)۔ یہی رائے عبداللہ بن مبارک نے امام سفیان ثوری سے بھی نقل کی ہے (یحیٰ بن آدم۔ کتاب الاموال لابی عبید)

مالکیہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں کے محض فتح کر لینے ہی سے یہ اراضی خود بخود وقف علی المسلمین ہو جاتی ہیں۔ ان کو وقف کرنے کے لیے نہ امام کے فیصلے کی ضرورت ہے اور نہ مجاہدین کو راضی کرنے کی۔ علاوہ بریں مالکیہ کے ہاں مشہور قول یہ ہے کہ صرف اراضی ہی نہیں، مفتوحہ علاقوں کے مکان اور عمارات بھی حقیقۃً وقف علی المسلمین ہیں البتہ اسلامی حکومت ان پر کرایہ عائد نہیں کرے گی (حاشیہ الدسوقی)۔

حنابلہ اس حد تک حنفیوں سے متفق ہیں کہ اراضی کو فاتحین میں تقسیم کرنا، یا مسلمانوں پر وقف کر دینا امام کے اختیار میں ہے۔ اور اس امر میں مالکیوں سے اتفاق کرتے ہیں کہ مفتوحہ ممالک کے مکان بھی اگرچہ وقف میں شامل ہونگے مگر ان پر کرایہ عائد نہ کیا جائے گا (غایۃ المنتہیٰ۔ یہ مذہب حنبلی کے مفتیٰ بہ اقوال کا مجموعہ ہے اور دسویں صدی سے اس مذہب میں فتویٰ اسی کتاب کے مطابق دیا جاتا ہے)۔

شافعیہ کا مسلک یہ ہے کہ مفتوحہ علاقے کے تمام اموال منقولہ غنیمت ہیں، اور تمام اموال غیر منقولہ (اراضی اور مکانات) کو فے قرار دیا جائے گا (مغنی المحتاج)۔

بعض فقہاء کہتے ہیں کہ عنوۃً فتح ہونے والے ممالک کی اراضی کو اگر امام وقف علی المسلمین کرنا چاہے تو لازم ہے کہ وہ پہلے فاتح فوجوں کی رضا مندی حاصل کرے۔ اس کے لیے وہ دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے سوادعراق کی فتح سے پہلے جریر بن عبداللہ البجلی سے، جن کے قبیلے کے لوگ جنگ قادسیہ میں شریک ہونے والی فوج کا چوتھائی حصہ تھے، یہ وعدہ کیا تھا کہ مفتوحہ علاقے کا چوتھائی حصہ ان کو دیا جائے گا۔ چنانچہ 2۔3۔ سال تک یہ حصہ انکے پاس رہا۔ پھر حضرت عمرؓ نے ان سے فرمایا کہ: لولا انی قاسم مسئول لکنتم علیٰ ماجعل لکم، واریٰ الناس قد کثروا فاریٰ ان تردہ علیہم، ''اگر میں تقسیم کے معاملہ میں ذمہ دار اور جوابدہ نہ ہوتا تو جو کچھ تمہیں دیا جا چکا ہے وہ تمہارے پاس ہی رہنے دیا جاتا۔ لیکن اب میں دیکھتا ہوں کہ لوگوں کی کثرت ہو گئی ہے، اس لیے میری رائے یہ ہے کہ تم اسے عام لوگوں کو واپس کر دو''۔ حضرت جریرؓ نے اس بات کو قبول کر لیا اور حضرت عمرؓ نے ان کو اس پر 80 دینار بطور انعام دیے (کتاب الخراج لابی یوسف۔ کتاب الاموال لابی عبید)۔ اس سے وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے فاتحین کو راضی کرنے کے بعد مفتوحہ علاقوں کو وقف علی المسلمین قرار دینے کا فیصلہ کیا تھا۔ لیکن جمہور فقہاء نے اس دلیل کو تسلیم نہیں کیا ہے۔ کیونکہ تمام ممالک مفتوحہ کے معاملہ میں تمام فاتحین سے اس طرح کی کوئی رضا مندی نہیں لی گئی تھی، اور صرف حضرت جریر بن عبداللہ کے ساتھ یہ معاملہ صرف اس لیے کیا گیا تھا کہ فتح سے پہلے، قبل اس کے کہ اراضی مفتوحہ کے متعلق کوئی اجماعی فیصلہ ہوتا، حضرت عمرؓ ان سے ایک وعدہ کر چکے تھے، اس لیے وعدے کی پابندی سے برأت حاصل کرنے کے لیے آپ کو انہیں راضی کرنا پڑا۔ اسے کوئی عام قانون قرار نہیں دیا جا سکتا۔

فقہاء کا ایک اور گروہ کہتا ہے کہ وقف قرار دے دینے کے بعد بھی کسی وقت حکومت کو یہ اختیار باقی رہتا ہے کہ ان اراضی کو پھر سے فاتحین میں تقسیم کر دے۔ اس کے لیے وہ اس روایت سے استدلال کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت علیؓ نے لوگوں کو خطاب کر کے فرمایا لولا ان یضرب بعضکم وجوہ بعض لقسمت السواد بینکم '' اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ تم ایک دوسرے سے لڑو گے تو میں سواد کا علاقہ تمہارے درمیان

تقسیم کر دیتا،'' (کتاب الخراج لابی یوسف۔ کتاب الاموال لابی عبید)۔ لیکن جمہور فقہاء نے اس رائے کو بھی قبول نہیں کیا ہے اور وہ اس پر متفق ہیں کہ جب ایک مرتبہ مفتوحہ علاقے کے لوگوں پر جزیہ و خراج عائد کر کے انہیں ان کی زمینوں پر برقرار رکھنے کا فیصلہ کر دیا گیا ہو تو اس کے بعد کبھی یہ فیصلہ بدلا نہیں جا سکتا۔ رہی وہ بات جو حضرت علیؓ کی طرف منسوب کی جاتی ہے، تو اس پر ابوبکر جصاص نے احکام القرآن میں تفصیلی بحث کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے۔

*21 In this verse although the real object is only to point out that in *fai* not only the people of the present generation but the Muslims of the later periods and their future generations also have a share, yet, besides, the Muslims have also been taught an important moral lesson that they should never have any malice against other Muslims in their hearts, and they should continue to pray for the forgiveness of the Muslims who have gone before them instead of cursing and abusing them. The bond that binds the Muslims together is that of a common faith. If a person values his faith as the most important thing in his heart, inevitably he would be a well-wisher of all those people who are his brethren-in faith. He can have ill-will and malice and hatred towards them in his heart only when the value of the faith decreases in his sight and he starts valuing other things more. Therefore, it is the requirement of faith that a believer's heart should be free from every trace of malice and hatred against the other believers. In this matter the best lesson is given by a Hadith which Nasai has related from Anas. According to him, once it so happened that for three days continuously the Prophet (peace be upon him) declared in his assembly that a person was going

**to appear before them who belonged to the dwellers of Paradise, and every time it would be a certain person from among the Ansar. At this Abdullah bin Amr bin Aas became curious as to what deeds the person concerned performed on the basis of which the Prophet (peace be upon him) had repeatedly given the good news of his admission to Paradise. Thus, he made an excuse and spent three consecutive nights in his house to see how he performed his worship, but during the night he did not see anything unusual. At last, he asked him directly as to what special acts and devotions he performed on the basis of which the Prophet (peace be upon him) had given the great good news about him. He replied: You have seen how I perform my worship, but there is one thing which might have carved me this reward: I do not harbor any malice or evil design against any Muslim, nor feel jealous of him on account of any good that Allah might have bestowed on him.**

**This does not mean that if a Muslim finds an error in another Muslim's word or deed, he should avoid calling it an error. Faith does not demand this. But to describe an error as a mistake on the basis of an argument and to state it to be so in a polite and decent manner is one thing and harbor malice and hatred and resort to invective and abuse is quite another thing. It is wrong if one resorts to this in respect of his contemporaries, but worse if one resorted to this in respect of the dead people of the past. For the person indulging in such a thing would be a most filthy person for he is not even inclined to forgive the dead. And the worst**

**would be that a person should resort to invective and abuse in respect of those illustrious people who had done full justice to the Prophet's (peace be upon him) companionship in a period full of extreme tribulations and hardships and had struggled with their lives to spread the light of Islam in the world and enabled us today to be blessed with the faith. One can hold any opinion if he thinks that such and such party of them was in the right and such and such in the wrong in its viewpoint in the differences that arose between them, and can even express his opinion in a reasonable and decent way, but to resort to exaggeration in support of one party so that the heart is filled with spite and hatred against the other is an evil which no God-fearing person would commit. Those who indulge in such a thing against the clear teaching of the Quran, generally present the excuse that the Quran forbids to bear malice towards the believers and the ones towards whom they bear the malice were not believers but hypocrites. But this allegation is even worse than the sin in defense of which the excuse is presented. For these very verses of the Quran in the context of which Allah has taught the Muslims of the later generations not to bear malice towards the Muslims who have gone before them and to pray for their forgiveness, are sufficient to refute this allegation. In these verses three groups have been mentioned, one after the other, who are entitled to receive a share in *fai*. the Emigrants, the Ansar and the Muslims coming after them; and the Muslims of the later periods have been enjoined that they should pray for the forgiveness of the Muslims who had embraced the**

**faith before them. Obviously, in this context those who had embraced the faith before them could not be any other than the Emigrants and the Ansar. Then Allah in verses 11-17 of this Surah Al-Hashr itself has told us who were the hypocrites. This makes it absolutely clear that the hypocrites were the people who had encouraged the Jews on the occasion of the battle of the Bani an-Nadir; as against them, the believers were those who were on the side of the Prophet (peace be upon him) in this battle. After this, can a Muslim who has any fear of God in his heart, have the boldness to deny the faith of the people to whose faith Allah Himself has borne the testimony.**

**Imam Malik and Imam Ahmed arguing from this verse, have expressed the opinion that there is no share in *fai* for the people who malign the companions of the Prophet (peace be upon him). (Ibn al-Arabi, Ahkam al-Quran; Ghayat al-Muntaha). But the Hanafis and the Shafeis have not concurred with this, the reason being that Allah while declaring the three groups to be entitled to *fai*, has praised a conspicuous quality of each group but none of these qualities is a condition which may determine whether a group should or should not be given a share in *fai*. About the Emigrants it has been said: They seek Allah's bounty and His goodwill, and are ever ready to succor Allah and His Messenger. This does not mean that an Emigrant who lacks this quality, is not entitled to have a share in fai. About the Ansar, it has been said: They love those who have migrated to them and entertain no desire in their hearts for what is given to them and prefer others about**

themselves even though they be needy themselves. This also does not mean that a member of the Ansar who has no love for the Emigrants and who is desirous of getting for himself what is being given to them, has no share in *fai*. Therefore, the quality of the third group that they pray for the forgiveness of those who embraced the faith before them and they pray that they should not have any malice in their hearts towards any other believer is also no condition to make one entitled to *fai*, but this is in praise of a good quality and an instruction as to what should be the attitude of the believers towards the other believers and especially in respect of those believers who have gone before them.

21*اس آیت میں اگرچہ اصل مقصود صرف یہ بتانا ہے کہ فے کی تقسیم میں حاضر و موجود لوگوں کا ہی نہیں، بعد میں آنے والے مسلمانوں اور ان کی آئندہ نسلوں کا حصہ بھی ہے۔ لیکن ساتھ ساتھ اس میں ایک اہم اخلاقی درس بھی مسلمانوں کو دیا گیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ کسی مسلمان کے دل میں کسی دوسرے مسلمان کے لیے بغض نہ ہونا چاہیے، اور مسلمانوں کے لیے صحیح روش یہ ہے کہ وہ اپنے اسلاف کے حق میں دعائے مغفرت کرتے رہیں، نہ یہ کہ وہ ان پر لعنت بھیجیں اور تبرا کریں۔ مسلمانوں کو جس رشتے نے ایک دوسرے کے ساتھ جوڑا ہے وہ دراصل ایمان کا رشتہ ہے۔ اگر کسی شخص کے دل میں ایمان کی اہمیت دوسری تمام چیزوں سے بڑھ کر ہو تو لامحالہ وہ ان سب لوگوں کا خیر خواہ ہو گا جو ایمان کے رشتہ سے اس کے بھائی ہیں۔ ان کے لیے بد خواہی اور بغض اور نفرت اس کے دل میں اسی وقت جگہ پا سکتی ہے جبکہ ایمان کی قدر اس کی نگاہ میں گھٹ جائے اور کسی دوسری چیز کو وہ اس سے زیادہ اہمیت دینے لگے۔ لہٰذا یہ عین ایمان کا تقاضا ہے کہ ایک مومن کا دل کسی دوسرے مومن کے خلاف نفرت و بغض سے خالی ہو۔ اس معاملہ میں بہترین سبق ایک حدیث سے ملتا ہے جو نسائی نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ ایک مرتبہ تین دن مسلسل یہ ہوتا رہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مجلس میں یہ فرماتے کہ اب تمہارے سامنے ایک ایسا

شخص آنے والا ہے جو اہل جنت میں سے ہے، اور ہر بار وہ آنے والے شخص انصار میں سے ایک صاحب ہی ہوتے۔ یہ دیکھ کر حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص کو جستجو پیدا ہوئی کہ آخر یہ کیا عمل ایسا کرتے ہیں جس کی بنا پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں بار بار یہ بشارت سنائی ہے۔ چنانچہ وہ ایک بہانہ کر کے تین روز مسلسل ان کے ہاں جا کر رات گزارتے رہے تاکہ ان کی عبادت کا حال دیکھیں۔ مگر ان کی شب گزاری میں کوئی غیر معمولی چیز انہیں نظر نہ آئی۔ ناچار انہوں نے خود ان ہی سے پوچھ لیا کہ بھائی، آپ کیا عمل ایسا کرتے ہیں جس کی بنا پر ہم نے حضورؐ سے آپ کے بارے میں یہ عظیم بشارت سنی ہے؟ انہوں نے کہا میری عبادت کا حال تو آپ دیکھ ہی چکے ہیں۔ البتہ ایک بات ہے جو شاید اس کی موجب بنی ہو، اور وہ یہ ہے کہ لا اجد فی نفسی غلًّا لا حد من المسلمین، ولا احسدہ علی خیرٍ اعطاہ اللہ تعالیٰ ایاہ۔ ''میں اپنے دل میں کسی مسلمان کے خلاف برائی نہیں رکھتا اور نہ کسی ایسی بھلائی پر جو اللہ نے اسے عطا کی ہو، اس سے حسد کرتا ہوں''۔

اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کوئی مسلمان اگر کسی دوسرے مسلمان کے قول یا عمل میں کوئی غلطی پاتا ہو تو وہ اسے غلط نہ کہے۔ ایمان کا تقاضا یہ ہرگز نہیں ہے کہ مومن غلطی بھی کرے تو اس کو صحیح کہا جائے، یا اس کی غلط بات کو غلط نہ کہا جائے۔ لیکن کسی چیز کو دلیل کے ساتھ غلط کہنا اور شائستگی کے ساتھ اسے بیان کر دینا اور چیز ہے، اور بغض و نفرت، مذمت و بدگوئی اور سب و شتم بالکل ہی ایک دوسری چیز۔ یہ حرکت زندہ معاصرین کے حق میں کی جائے تب بھی ایک بڑی برائی ہے، لیکن مرے ہوئے اسلاف کے حق میں اس کا ارتکاب تو اور زیادہ بڑی برائی ہے، کیونکہ وہ نفس ایک بہت ہی گندا نفس ہو گا جو مرنے والوں کو بھی معاف کرنے کے لیے تیار نہ ہو۔ اور ان سب سے بڑھ کر شدید برائی یہ ہے کہ کوئی شخص ان لوگوں کے حق میں بدگوئی کرے جنھوں نے انتہائی سخت آزمائشوں کے دور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت کا حق ادا کیا تھا اور اپنی جانیں لڑا کر دنیا میں اسلام کا وہ نور پھیلایا تھا جس کی بدولت آج ہمیں نعمت ایمان میسر ہوئی ہے۔ ان کے درمیان جو اختلافات رونما ہوئے ان میں اگر ایک شخص کسی فریق کو حق پر سمجھتا ہو اور دوسرے فریق کا

موقف اس کی رائے میں صحیح نہ ہو تو وہ یہ رائے رکھ سکتا ہے اور اسے معقولیت کے حدود میں بیان بھی کر سکتا ہے۔ مگر ایک فریق کی حمایت میں ایسا غلو کہ دوسرے فریق کے خلاف دل بغض و نفرت سے بھر جائے اور زبان و قلم سے بدگوئی کی تراوش ہونے لگے، ایک ایسی حرکت ہے جو کسی خدا ترس انسان سے سر زد نہیں ہو سکتی۔ قرآن کی صریح تعلیم کے خلاف یہ حرکت جو لوگ کرتے ہیں وہ بالعموم اپنے اس فعل کے لیے یہ عذر بیان کرتے ہیں کہ قرآن مومنین کے خلاف بغض رکھنے سے منع کرتا ہے اور ہم جن کے خلاف بغض رکھتے ہیں وہ مومن نہیں بلکہ منافق تھے۔ لیکن یہ الزام اس گناہ سے بھی بدتر ہے جس کی صفائی میں یہ بطور عذر پیش کیا جاتا ہے۔ قرآن مجید کی یہی آیات جن کے سلسلہ بیان میں اللہ تعالیٰ نے بعد کے آنے والے مسلمانوں کو اپنے سے پہلے گزرے ہوئے اہل ایمان سے بغض نہ رکھنے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کی تعلیم دی ہے، ان کے اس الزام کی تردید کے لیے کافی ہیں۔ ان آیات میں یکے بعد دیگرے تین گروہوں کو فے کا حق دار قرار دیا گیا ہے۔ اول مہاجرین، دوسرے انصار، تیسرے ان کے بعد آنے والے مسلمان۔ اور ان بعد کے آنے والے مسلمانوں سے فرمایا گیا ہے کہ تم سے پہلے جن لوگوں نے ایمان لانے میں سبقت کی ہے ان کے حق میں دعائے مغفرت کرو۔ ظاہر ہے کہ اس سیاق و سباق میں سابقین بالایمان سے مراد مہاجرین و انصار کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسی سورہ حشر کی آیات 11 تا 17 میں یہ بھی بتا دیا ہے کہ منافق کون لوگ تھے۔ اس سے یہ بات بالکل ہی کھل جاتی ہے کہ منافق وہ تھے جنہوں نے غزوہ بنی نضیر کے موقع پر یہودیوں کی پیٹھ ٹھونکی تھی، اور ان کے مقابلے میں مومن وہ تھے جو اس غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل تھے۔ اس کے بعد کیا ایک مسلمان، جو خدا کا کچھ بھی خوف دل میں رکھتا ہو، یہ جسارت کر سکتا ہے کہ ان لوگوں کے ایمان کا انکار کرے جن کے ایمان کی شہادت اللہ تعالیٰ نے خود دی ہے؟

امام مالک اور امام احمد نے اس آیت سے استدلال کرتے ہوئے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ فے میں ان لوگوں کا کوئی حصہ نہیں ہے جو صحابہ کرام کو برا کہتے ہیں (احکام القرآن لابن العربی۔ غایۃ المنتہیٰ)۔ لیکن حنفیہ اور

شافعیہ نے اس رائے سے اتفاق نہیں کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تین گروہوں کو فے میں حصہ دار قرار دیتے ہوئے ہر ایک کے ایک نمایاں وصف کی تعریف فرمائی ہے، مگر ان میں سے کوئی تعریف بھی بطور شرط نہیں ہے کہ وہ شرط اس گروہ میں پائی جاتی ہو تو اسے حصہ دیا جائے ورنہ نہیں۔ مہاجرین کے متعلق فرمایا کہ "وہ اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی چاہتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی حمایت کے لیے کمربستہ رہتے ہیں"۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جس مہاجر میں یہ صفت نہ پائی جائے وہ فے میں سے حصہ پانے کا حقدار نہیں ہے۔ انصار کے متعلق فرمایا کہ "وہ مہاجرین سے محبت کرتے ہیں اور جو کچھ بھی ان کو دے دیا جائے اس کے لیے اپنے دلوں میں کوئی طلب نہیں پاتے، خواہ وہ خود تنگ دست ہوں"۔ اس کا بھی یہ مطلب نہیں ہے کہ فے میں کسی ایسے انصاری کو کوئی حق نہیں جو مہاجرین سے محبت نہ رکھتا ہو اور جو کچھ ان کو دیا جا رہا ہو اسے خود حاصل کرنے کا خواہشمند ہو۔ لہٰذا تیسرے گروہ کا یہ وصف کہ "اپنے سے پہلے ایمان لانے والوں کے حق میں وہ دعائے مغفرت کرتا ہے اور اللہ سے دعا مانگتا ہے کہ کسی مومن کے لیے اس کے دل میں بغض نہ ہو"، یہ بھی فے میں حق دار ہونے کی شرط نہیں ہے بلکہ ایک اچھے وصف کی تعریف اور اس امر کی تلقین ہے کہ اہل ایمان کا رویہ دوسرے اہل ایمان کے ساتھ اور اپنے سے پہلے گزرے ہوئے مومنین کے معاملہ میں کیا ہونا چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ نَافَقُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ لِاِخۡوَانِهِمُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ لَئِنۡ اُخۡرِجۡتُمۡ لَنَخۡرُجَنَّ مَعَكُمۡ وَلَا نُطِيۡعُ فِيۡكُمۡ اَحَدًا اَبَدًا ۙ | کیا [*22] نہیں دیکھا تم نے انکو جنہوں نے نفاق کیا۔ وہ کہتے ہیں اپنے بھائیوں سے وہ جنہوں نے کفر کیا اہل کتاب میں سے کہ اگر تمہیں نکالا گیا تو ہم بھی ضرور نکلیں گے تمہارے ساتھ اور نہ مانیں | 11. Have[*22] you not seen those who are hypocrites. They say to their brothers, those who have disbelieved from among the people of the Scripture: "If you are expelled, we will |

| | | |
|---|---|---|
| surely leave with you, and we will not obey in your regard anyone, ever, and if war is waged against you, we will surely help you." And Allah bears witness that they are indeed the liars. | گے تمہارے بارے میں کسی کی ہرگز اور اگر کی گئی جنگ تم سے تو ضرور تمہاری مدد کریں گے اور اللہ گواہی دیتا ہے بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ | وَّ اِنۡ قُوۡتِلۡتُمۡ لَنَنۡصُرَنَّكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ يَشۡهَدُ اِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ۝11 |

*22 From the style of this whole section (verses 11-17), it appears that it was revealed at the time when the Prophet (peace be upon him) had served a notice on the Bani an-Nadir to leave Al-Madinah within ten days, but had not yet laid siege to their quarters. As has been mentioned about, when the Prophet (peace be upon him) served the notice to the Bani an-Nadir, Abdullah bin Ubayy and other leaders of the hypocrites of Al-Madinah sent them a message to the effect that they would come to their aid with two thousand men, and that the Bani Quraizah and the Bani Ghatafan would also rise in their support; therefore, they should stand firm and should never surrender to the Muslims. For if the Muslims waged a war against hem, they would fight them from their side; and if they expelled hem, they also would go out with them. Thereupon Allah sent down these verses. Thus, chronologically this section is an earlier revelation and the first section a later revelation, when the Bani an-Nadir had actually been driven out of Al-Madinah.

But in the Quran the order of the two passages has been reversed for the reason that the subject matter of the first section is of greater importance.

22*اس پورے رکوع کے انداز بیان سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ یہ اس زمانے میں نازل ہوا تھا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی نضیر کو مدینے سے نکل جانے کے لیے دس دن کا نوٹس دیا تھا اور ان کا محاصرہ شروع ہونے میں کئی دن باقی تھے۔ جیساکہ ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بنی نضیر کو یہ نوٹس دیا تو عبداللہ بن ابی اور مدینہ کے دوسرے منافق لیڈروں نے انکو یہ کہلا بھیجاکہ ہم دوہزار آدمیوں کے ساتھ تمہاری مدد کو آئیں گے، اور بنی قریظہ اور بن غطفان بھی تمہاری حمایت میں اٹھ کھڑے ہوں گے، لہٰذا تم مسلمانوں کے مقابلے میں ڈٹ جاؤ اور ہرگز ان کے آگے ہتھیار نہ ڈالو۔ یہ تم سے لڑیں گے تو ہم تمہارے ساتھ لڑیں گے،اور تم یہاں سے نکالے گئے تو ہم بھی نکل جائیں گے۔اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں۔ پس ترتیب نزول کے اعتبار سے یہ رکوع پہلے کا نازل شدہ ہے اور پہلا رکوع اس کے بعد نازل ہوا ہے جب بنی نضیر مدینہ سے نکالے جا چکے تھے۔ لیکن قرآن مجید کی ترتیب میں پہلے رکوع کو مقدم اور دوسرے کو مؤخر اس لیے کیا گیا ہے کہ اہم تر مضمون پہلے رکوع ہی میں بیان ہوا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ ۖ وَلَئِنْ قُوتِلُوا لَا يَنْصُرُونَهُمْ ۖ وَلَئِنْ نَصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ﴿١٢﴾ | اگر وہ نکالے گئے نہیں وہ نکلیں گے انکے ساتھ۔ اور اگر ان سے جنگ ہوئی تو نہیں کریں گے یہ مدد انکی۔ اور اگر مدد کریں گے انکی تو ضرور پھیر جائیں گے پیٹھ پھر نہ پائینگے کوئی مدد۔ | 12. If they are expelled, they will not leave with them, and if war is waged against them, they will not help them. And if they help them, they will surely turn their backs, then they will not |

| | | |
|---|---|---|
| be helped. | | |
| 13. Indeed you are more awful as a fear in their hearts than Allah. *23 That is because they are a people who do not understand. *24 | بیشک تمہارا خوف زیادہ شدید ہے ان کے دلوں میں اللہ سے بھی *23 ۔ یہ اس لئے کہ وہ ہیں ایسے لوگ نہیں جو سمجھ رکھتے۔ *24 | لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ۝ |

*23 That is, the reason why they dare not face you openly in the field is not that they are Muslim: and have fear of God in their hearts and are afraid that despite their claim to the faith when they come out to help the disbelievers as against the believers, they will be held accountable before God. But what actually restrains them from facing you is that when they see your profound love and spirit of self-sacrifice and devotion for Islam and the Prophet Muhammad (peace be upon him) and the great unity and concord in your ranks, they become dispirited. They know well that although you are few in number, the spirit of martyrdom which has turned each single individual among you into a gallant warrior and the organization which has molded you into a solid body, will also crush them along with the Jews when they clash with you in the battlefield. Here one should bear in mind the fact that if a person harbors the fear of another than God in his heart, it is in fact a negation of the fear of God. Obviously, the person who considers one of the dangers as lesser and the other greater, pays no heed to the first but does whatever he can

to safeguard himself against the greater danger.

23* یعنی ان کے کھل کر میدان میں نہ آنے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ یہ مسلمان ہیں، ان کے دل میں خدا کا خوف ہے اور اس بات کا کوئی اندیشہ انہیں لاحق ہے کہ ایمان کا دعویٰ کرنے کے باوجود جب یہ اہل ایمان کے مقابلے میں کافروں کی حمایت کریں گے تو خدا کے ہاں اس کی باز پرس ہوگی۔ بلکہ انہیں جو چیز تمہارا سامنا کرنے سے روکتی ہے وہ یہ ہے کہ اسلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تمہاری محبت اور جانبازی اور فدا کاری کو دیکھ کر اور تمہاری صفوں میں زبردست اتحاد دیکھ کر ان کے دل بیٹھ جاتے ہیں۔ یہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ تم اگرچہ مٹھی بھر لوگ ہو، مگر جس جذبہ شہادت نے تمہارے ایک ایک شخص کو سرفروش مجاہد بنا رکھا ہے اور جس تنظیم کی بدولت تم ایک فولادی جتھہ بن گئے ہو، اس سے ٹکرا کر یہودیوں کے ساتھ یہ بھی پاش پاش ہو جائیں گے۔ اس مقام پر یہ بات نگاہ میں رہنی چاہیے کہ اگر کسی کے دل میں خدا سے بڑھ کر کسی اور کا خوف ہو تو یہ دراصل خوف خدا کی نفی ہے۔ ظاہر بات ہے کہ جو شخص دو خطروں میں سے ایک کو کم تر اور دوسرے کو شدید تر سمجھتا ہو، وہ پہلے خطرے کی پروا نہیں کرتا اور اسے تمام تر فکر صرف دوسرے خطرے سے بچنے ہی کی ہوتی ہے۔

*24 A great truth has been expressed in this brief sentence. A person who has sense knows that the real power to be feared is the power of Allah and not the power of men. Therefore, he will avoid every such thing as may call for the punishment of Allah, whether there is any human power to call him to account for it or not, and he will come out to accomplish any duty which Allah has enjoined on him, whether he is opposed and hindered by all the powers of the world. But a man, who has no sense, determines his attitude and conduct in view of the human powers, instead of Allah's power, in all matters of lift, because Allah’s power for him is imperceptible and human powers are perceptible. If he avoids something, he will avoid it, not

because of the fear of Allah's punishment for it, but because of a human power, which may be there to take him to task. And if he does something he will do is not because Allah has enjoined it, but because some human power has ordered or approved of it, and will reward him for it. This very distinction between intelligence and folly, in fact, distinguishes the character and conduct of a believer from that of an unbeliever.

24*اس چھوٹے سے فقرے میں ایک بڑی حقیقت بیان کی گئی ہے۔ جو شخص سمجھ بوجھ رکھتا ہو وہ تو یہ جانتا ہے کہ اصل میں ڈرنے کے قابل خدا کی طاقت ہے نہ کہ انسانوں کی طاقت۔ اس لیے وہ ہر ایسے کام سے بچے گا جس پر اسے خدا کے مواخذے کا خطرہ ہو، قطع نظر اس سے کہ کوئی انسانی طاقت مواخذہ کرنے والی ہو یا نہ ہو، اور ہر وہ فریضہ انجام دینے کے لیے اٹھ کھڑا ہو گا جو خدا نے اس پر عائد کیا ہو، خواہ ساری دنیا کی طاقتیں اس میں مانع و مزاحم ہوں۔ لیکن ایک نا سمجھ آدمی کے لیے چونکہ خدا کی طاقت غیر محسوس اور انسانی طاقتیں محسوس ہوتی ہیں، اس لیے تمام معاملات میں وہ اپنے طرز عمل کا فیصلہ خدا کے بجائے انسانی طاقتوں کے لحاظ سے کرتا ہے۔ کسی چیز سے بچے گا تو اس لیے نہیں کہ خدا کے ہاں اس کی پکڑ ہونے والی ہے، بلکہ اس لیے کہ سامنے کوئی انسانی طاقت اس کی خبر لینے کے لیے موجود ہے۔ اور کسی کام کو کرے گا تو وہ بھی اس بنا پر نہیں کہ خدا نے اس کا حکم دیا ہے، یا اس پر وہ خدا کے اجر کا امیدوار ہے، بلکہ صرف اس بنا پر کہ کوئی انسانی طاقت اس کا حکم دینے والی یا اس کو پسند کرنے والی ہے اور وہ اس کا اجر دے گی۔ یہی سمجھ اور نا سمجھی کا فرق دراصل مومن اور غیر مومن کی سیرت و کردار کو ایک دوسرے سے ممیز کرتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 14. They will not fight against you together, except in fortified towns, or from behind walls. Their enmity among themselves | نہیں لڑیں گے تم سے یہ سب جمع ہو کر مگر قلعہ بند بستیوں میں یا دیواروں کی اوٹ سے۔ انکی مخالفت آپس میں بہت شدید ہے | لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ۭ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ۭ |

| | | |
|---|---|---|
| تَحۡسَبُهُمۡ جَمِيۡعًا وَّ قُلُوۡبُهُمۡ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا يَعۡقِلُوۡنَ ۚ‏ ﴿۱۴﴾ | ۔ خیال کرتے ہو تم انہیں اکھٹا حالانکہ انکے دل پھٹے ہوئے ہیں۔ *25 یہ اس لئے کہ وہ ہیں ایسے لوگ جو عقل نہیں رکھتے۔ | is severe. You think of them as united, whereas their hearts are divided. *25 That is because they are a people who have no sense. |

*25 This refers to the second weakness of the hypocrites. The first weakness was that they were cowardly. They feared the men instead of fearing God and had no higher aim of life before them like the believers, which might impel them to fight for it even at the cost of life. And their second weakness was that they had no common tie between them except hypocrisy, which might unite them together into a strong band. The only thing that had brought them together was that they were all feeling highly upset at the flourishing leadership and rule of Muhammad (peace be upon him), who was an outsider in their city, and at the warm reception and help which their own compatriots, the Ansar, were giving to the Emigrants. Because of this jealousy they wanted them to join hands together and in conspiracy with the enemies of Islam of the surrounding areas should somehow put an end to this alien power and authority. But apart from this negative objective there was no positive common aim to unify them. Each of their chiefs had his own separate band, each craved for his own leadership. No one was sincere to the other, but each bore such jealousy and malice for the other that they could neither forget their mutual enmities nor desist from harming the other fatally even while facing those whom

they regarded as their common enemy.

Thus, at the outset, even before the battle against the Bani an-Nadir took place, Allah analyzed the internal state of the hypocrites and informed the Muslims that there was no real danger from their side; therefore, they should not feel alarmed at the rumors that when they lay siege to the Bani an-Nadir, the leaders of the hypocrites would attack them from the rear with two thousand men, and also bring the Bani Quraizah and the Bani Ghatafan along against them. All this was empty boasting which would be exposed at the very beginning of the trial.

25* یہ منافقین کی دوسری کمزوری کا بیان ہے۔ پہلی کمزوری یہ تھی کہ وہ بزدل تھے، خدا سے ڈرنے کے بجائے انسانوں سے ڈرتے تھے اور اہل ایمان کی طرح کوئی بلند تر نصب العین ان کے سامنے نہ تھا جس کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دینے کا جذبہ ان کے اندر پیدا ہوتا۔ اور دوسری کمزوری یہ تھی کہ منافقت کے سوا کوئی قدر مشترک ان کے درمیان نہ تھی جو ان کو ملا کر ایک مضبوط جتھا بنا دیتی۔ ان کو جس چیز نے جمع کیا تھا وہ صرف یہ تھی کہ اپنے شہر میں باہر کے آئے ہوئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشوائی و فرمانروائی چلتے دیکھ کر ان سب کے دل جل رہے تھے، اور اپنے ہی ہم وطن انصاریوں کو مہاجرین کی پذیرائی کرتے دیکھ کر ان کے سینوں پر سانپ لوٹتے تھے۔ اس حسد کی بنا پر وہ چاہتے تھے کہ سب مل جل کر اور آس پاس کے دشمنان اسلام سے ساز باز کر کے اس بیرونی اثر و اقتدار کو کسی طرح ختم کر دیں۔ لیکن اس منفی مقصد کے سوا کوئی مثبت چیز ان کو ملانے والی نہ تھی۔ ان میں سے ہر ایک سردار کا جتھا الگ تھا۔ ہر ایک اپنی چودھراہٹ چاہتا تھا۔ کوئی کسی کا مخلص دوست نہ تھا۔ بلکہ ہر ایک کے دل میں دوسرے کے لیے اتنا بغض و حسد تھا کہ جسے وہ اپنا مشترک دشمن سمجھتے تھے اس کے مقابلے میں بھی وہ نہ آپس کی دشمنیاں بھول سکتے تھے، نہ ایک دوسرے کی جڑ کاٹنے سے باز رہ سکتے تھے۔

اس طرح اللہ تعالیٰ نے غزوہ بنی نضیر سے پہلے ہی منافقین کی اندرونی حالت کا تجزیہ کر کے مسلمانوں کو بتا دیا

کہ ان کی طرف سے فی الحقیقت کوئی خطرہ نہیں ہے، لہٰذا تمہیں یہ خبریں سن سن کر گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں کہ جب تم بنی نضیر کا محاصرہ کرنے کے لیے نکلو گے تو یہ منافق سردار دو ہزار کا لشکر لے کر پیچھے سے تم پر حملہ کر دیں گے اور ساتھ ساتھ بنی قریظہ اور بنی غطفان کو بھی تم پر چڑھا لائیں گے۔ یہ سب محض لاف زنیاں ہیں جن کی ہوا آزمائش کی پہلی ساخت آتے ہی نکل جائے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| 15. (Theirs is) like the example of those shortly before them, they tasted the evil consequence of their affair. *26 And for them is a painful punishment. | (ان کی ہے) مثال ان لوگوں کی طرح جو ان سے کچھ ہی پیشتر چکھ چکے ہیں وبال اپنے کرتوت کا۔ *26 اور انکے لئے ہے عذاب دکھ دینے والا۔ | كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۚ ﴿١٥﴾ |

*26 The allusion is to the disbelievers of the Quraish and the Jewish clan of the Bani Qrainuqa who had been defeated by a handful of ill-equipped Muslims in spite of their larger numbers and superior equipment, due mainly to these weaknesses.

26* اشارہ ہے کفار قریش اور یہود بنی قینقاع کی طرف جو اپنی کثرت تعداد اور اپنے سرو سامان کے باوجود انہی کمزوریوں کے باعث مسلمانوں کی مٹھی بھر بے سرو سامان جماعت سے شکست کھا چکے تھے۔

| | | |
|---|---|---|
| 16. The likeness of Satan when he said to man: "Disbelieve." Then when he disbelieved, he | مثال جیسے شیطان کہ جب کہا اسنے انسان سے کہ کفر کر۔ پھر جب اسنے کفر کیا تو وہ (شیطان) کہنے لگا بیشک میں بری الذمہ ہوں | كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ |

| | | |
|---|---|---|
| (Satan) said: "I am indeed disassociated from you. Indeed, I fear Allah, Lord of the worlds." *27 | تجھ سے۔ بیشک میں ڈرتا ہوں اللہ سے جو رب العالمین ہے۔ *27 | اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٦ |

*27 That is, these hypocrites are treating the Bani an-Nadir in much the same way as Satan treats men. Today they are urging them to stand firm and go forth and clash with the Muslims making them believe that they would come to their aid, but when they actually clash with the Muslims, they would renounce their pledges and promises and would never even look back to see their fate. The same way does Satan treat every disbeliever, and a similar treatment had he given to the disbelieving Quraish at Badr, as has been mentioned in Surah al-Anfal, Ayat 48. First, he incited them with false hopes and brought them out to confront the Muslims, saying: Today no one can overcome you, for I am with you. But when the two forces met in battle, he took to his heels, saying: I have nothing to do with you. I see that which you cannot see. Indeed, I fear Allah.

*27 یعنی یہ منافقین بنی نضیر کے ساتھ وہی معاملہ کر رہے ہیں جو شیطان انسان کے ساتھ کرتا ہے۔ آج یہ ان سے کہہ رہے ہیں کہ تم مسلمانوں سے لڑ جاؤ اور ہم تمہارا ساتھ دیں گے۔ مگر جب وہ واقعی لڑ جائیں گے تو یہ دامن جھاڑ کر اپنے سارے وعدوں سے بری الذمہ ہو جائیں گے اور پلٹ کر بھی نہ دیکھیں گے کہ ان پر کیا گزری ہے۔ ایسا ہی معاملہ شیطان ہر کافر سے کرتا ہے، اور ایسا ہی معاملہ اس نے کفار قریش کے ساتھ جنگ بدر میں کیا تھا، جس کا ذکر سورہ انفال، آیت 48 میں آیا ہے۔ پہلے تو وہ ان کو بڑھاوے چڑھاوے دے کر بدر میں مسلمانوں کے مقابلہ پر لے آیا اور اس نے ان سے کہا کہ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّيْ جَارٌ لَّكُمْ۔

(آج کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں ہے اور میں تمہاری پشت پر ہوں )، مگر جب دونوں فوجوں کا آمنا سامنا ہوا تو وہ الٹا پھر گیا اور کہنے لگا کہ اِنِّیۡ بَرِیۡٓءٌ مِّنۡكُمۡ ، اِنِّیۡۤ اَرٰی مَا لَا تَرَوۡنَ ، اِنِّیۡۤ اَخَافُ اللّٰهَ (میں تم سے بری الذمہ ہوں، مجھے وہ کچھ نظر آرہا ہے جو تمہیں نظر نہیں آتا، مجھے تو اللہ سے ڈر لگتا ہے )۔

| | | |
|---|---|---|
| فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَاۤ اَنَّهُمَا فِی النَّارِ خَالِدَیۡنِ فِیۡهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۱۷﴾ | تو ہوا دونوں کا انجام یہ کہ دونوں جائیں گے دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے اس میں ۔ اور یہی ہے سزا ظالموں کی ۔ | 17. So the outcome of them both is that they both will be in the Fire, abiding therein. And that is the recompense of the wrongdoers. |
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلۡتَنۡظُرۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ لِغَدٍ ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۸﴾ | اے وہ لوگوں جو ایمان لائے ڈرو اللہ سے اور دیکھ لے ہر نفس کہ کیا بھیجا ہے اس نے کل کے لئے۔اور ڈرتے رہو اللہ سے۔ بیشک اللہ باخبر ہے اس سے جو تم کرتے ہو۔ | 18. O those *28 who have believed, fear Allah, and let every soul look to what it has sent forth for tomorrow. *29 And fear Allah. Indeed, Allah is All Aware of what you do. |

*28 It is a rule of the Quran that whenever the hypocritical Muslims are taken to task for their hypocrisy, they are given admonition also so that whoever of them has some life left in his conscience, may feel remorse for his conduct and attitude and may make an effort, out of the fear of Allah, to come out of the pit into which his worship of the self has

**thrown him. This whole section (verses 18-24) consists of such admonition.**

***28** قرآن مجید کا قاعدہ ہے کہ جب کبھی منافق مسلمانوں کے نفاق پر گرفت کی جاتی ہے تو ساتھ ساتھ انہیں نصیحت بھی کی جاتی ہے تاکہ ان میں سے جس کے اندر بھی ابھی کچھ ضمیر کی زندگی باقی ہے وہ اپنی اس روش پر نادم ہو اور خدا سے ڈر کر اس گڑھے سے نکلنے کی فکر کرے جس میں نفس کی بندگی نے اسے گرا دیا ہے۔ یہ پورا رکوع اسی نصیحت پر مشتمل ہے۔

***29 For tomorrow: for the Hereafter. That is, this whole worldly life is "today", whose "tomorrow" is the Day of Resurrection, which is going to follow it. Adopting this style Allah has, in a wise manner, made man understand the truth that just as that person is highly foolish, who gambles away his all for the enjoyment of today and does not realize whether tomorrow he would be left with anything to eat and a place of shelter or not, so is also that person only working for his own doom, who is too absorbed in making his world to pay heed to the Hereafter, whereas the Hereafter is to follow this world just as today is to be followed by tomorrow, and there he would find nothing if he has sent nothing ahead for the morrow. Besides, the other wise point here is that every person has been appointed his own censor. Unless a person develops in himself the sense of what is good for him and what is evil, he cannot appreciate whether what he is doing will make his future in the Hereafter or mar it. And when this sense becomes active in himself, he will have to calculate and see for himself whether the way in which he is spending his time, his wealth, his energies and capabilities leads to Heaven or Hell. To do so is in his own interest; for if he**

does not do so he will ruin his own future itself.

*29 کل سے مراد آخرت ہے۔ گویا دنیا کی یہ پوری زندگی ''آج'' ہے اور ''کل'' وہ یوم قیامت ہے جو اس آج کے بعد آنے والا ہے۔ یہ انداز بیان اختیار کر کے اللہ تعالیٰ نے نہایت حکیمانہ طریقہ سے انسان کو یہ سمجھایا ہے کہ جس طرح دنیا میں وہ شخص نادان ہے جو آج کے لطف و لذت پر اپنا سب کچھ لٹا بیٹھا ہے۔ اور نہیں سوچتا کہ کل اس کے پاس کھانے کو روٹی اور سر چھپانے کو جگہ بھی باقی رہے گی یا نہیں، اسی طرح وہ شخص بھی اپنے پاؤں پر خود کلہاڑی مار رہا ہے جو اپنی دنیا بنانے کی فکر میں ایسا منہمک ہے کہ اپنی آخرت سے بالکل غافل ہو چکا ہے، حالانکہ آخرت ٹھیک اسی طرح آنی ہے جس طرح آج کے بعد کل آنے والا ہے، اور وہاں وہ کچھ نہیں پا سکتا اگر دنیا کی موجودہ زندگی میں اس کے لیے کوئی پیشگی سامان فراہم نہیں کرتا۔ اس کے ساتھ دوسرا حکیمانہ نکتہ یہ ہے کہ اس آیت میں ہر شخص کو آپ ہی اپنا محاسب بنایا گیا ہے۔ جب تک کسی شخص میں خود اپنے برے اور بھلے کی تمیز پیدا نہ ہو جائے، اس کو سرے سے یہ احساس ہی نہیں ہو سکتا کہ جو کچھ وہ کر رہا ہے وہ آخرت میں اس کے مستقبل کو سنوارنے والا ہے یا بگاڑنے والا۔ اور جب اس کے اندر یہ حس بیدار ہو جائے تو اسے خود ہی اپنا حساب لگا کر یہ دیکھنا ہو گا کہ وہ اپنے وقت، اپنے سرمایے، اپنی محنت، اپنی قابلیتیں اور اپنی کوششوں کو جس راہ میں صرف کر رہا ہے وہ اسے جنت کی طرف لے جا رہی ہے یا جہنم کی طرف۔ یہ دیکھنا اس کے اپنے ہی مفاد کا تقاضا ہے، نہ دیکھے گا تو آپ ہی اپنا مستقبل خراب کرے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| 19. And do not be like those who forgot Allah, so He made them forget their own selves. *30 It is those who are the disobedient. | اور نہ ہو جانا ان لوگوں جیسے جو بھول گئے اللہ کو تو غافل کر دیا اس نے انہیں اپنے آپ سے *30۔ یہی لوگ ہیں نافرمان۔ | وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿١٩﴾ |

*30 That is, forgetfulness of God inevitably leads to forgetfulness of one's own self. When man forgets that he is

**slave to the Almighty, he will inevitably form a wrong view of his position in the world, and his whole life will go wrong because of this basic error. Likewise, when he forgets that he is slave to nobody except Allah, he does not serve the one whose slave actually he is not. This also is a grave and all-pervading misunderstanding, which corrupts his whole life. Man's real position in the world is that of a slave; he is not free and self-sufficient; and he is slave of only One God, and is no one else's slave beside Him. The person who does not know this truth, does not in fact know himself. And the person who in spite of knowing this, forgets it at any moment, may commit an act at that very moment, which a disbeliever, or a polytheist or a man forgetful of God only would commit. Man's remaining firm and steadfast on the right path entirely depends on his remembering God at all times. For as soon as he, becomes heedless of Him, he becomes heedless of himself and this very heedlessness turns him into sinfulness.**

**30*** یعنی خود فراموشی کا لازمی نتیجہ خدا فراموشی ہے۔ جب آدمی یہ بھول جاتا ہے کہ وہ کسی کا بندہ ہے تو لازماً وہ دنیا میں اپنی ایک غلط حیثیت متعین کر بیٹھتا ہے اور اس کی ساری زندگی اسی بنیادی غلط فہمی کے باعث غلط ہو کر رہ جاتی ہے۔ اسی طرح جب وہ یہ بھول جاتا ہے کہ وہ ایک خدا کے سوا کسی کا بندہ نہیں ہے تو وہ اس ایک کی بندگی تو نہیں کرتا جس کا وہ درحقیقت بندہ ہے، اور ان بہت سوں کی بندگی کرتا رہتا ہے جن کا وہ فی الواقع بندہ نہیں ہے۔ یہ پھر ایک عظیم اور ہمہ گیر غلط فہمی ہے جو اس کی ساری زندگی کو غلط کر کے رکھ دیتی ہے۔ انسان کا اصل مقام دنیا میں یہ ہے کہ وہ بندہ ہے، آزاد و خود مختار نہیں ہے۔ اور صرف ایک خدا کا بندہ ہے، اس کے سوا کسی اور کا بندہ نہیں ہے۔ جو شخص اس بات کو نہیں جانتا وہ حقیقت میں خود اپنے آپ کو نہیں جانتا۔ اور جو شخص اس کے جاننے کے باوجود کسی لمحہ بھی اسے فراموش کر بیٹھتا ہے اسی لمحے کوئی ایسی

حرکت اس سے سرزد ہو سکتی ہے جو کسی منکر یا مشرک یعنی خود فراموش انسان ہی کے کرنے کی ہوتی ہے، صحیح راستے پر انسان کے ثابت قدم رہنے کا پورا انحصار اس بات پر ہے کہ اسے خدا یاد رہے۔ اس سے غافل ہوتے ہی وہ اپنے آپ سے غافل ہو جاتا ہے، اور یہی غفلت اسے فاسق بنا دیتی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 20. Not equal are the dwellers of Hell and the dwellers of Paradise. The dwellers of Paradise, they are those who are the successful. | نہیں ہو سکتے برابر اہل دوزخ اور اہل جنت ۔ اہل جنت ہی وہ ہیں جو کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔ | لَا یَسۡتَوِیۡۤ اَصۡحٰبُ النَّارِ وَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ ؕ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ هُمُ الۡفَآئِزُوۡنَ ﴿۲۰﴾ |
| 21. If We had sent down this Quran upon a mountain, indeed you would have seen it humbling, splitting asunder by the fear of Allah.*31 And these are the parables We present to the people that perhaps they may reflect. | اگر نازل کرتے ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر تو تم ضرور دیکھتے اسکو کہ دبا جاتا ہے پھٹا پڑتا ہے اللہ کے خوف سے ۔ اور یہ ہیں مثالیں جو بیان کرتے ہم لوگوں کے لئے تاکہ وہ غور و فکر کریں۔ | لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡیَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلۡكَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ یَتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ |

*31 The parable means that if a huge creation like a mountain had the sense and knowledge that it had been made responsible and accountable, like man, before Allah

Almighty, for its deeds, it would have trembled from the fear of it. But how heedless, senseless and thoughtless is the man, who understands the Quran, and has known the whole truth through it, yet he is neither seized by any fear nor feels worried as to what answer he would make to his God about the responsibilities that have been placed on him. On the contrary, when he reads the Quran, or hears it being read, he remains un-moved as if he were a lifeless and senseless stone, which is not supposed to hear and see and understand anything. (For further explanation, see E.N. 120 of Surah Al-Ahzab).

*31 اس تمثیل کا مطلب یہ ہے کہ قرآن جس طرح خدا کی کبریائی اور اس کے حضور بندے کی ذمہ داری و جواب دہی کو صاف صاف بیان کر رہا ہے، اس کا فہم اگر پہاڑ جیسی عظیم مخلوق کو بھی نصیب ہوتا اور اسے معلوم ہو جاتا کہ اس کو کس رب قدیر کے سامنے اپنے اعمال کی جواب دہی کرنی ہے تو وہ بھی خوف سے کانپ اٹھتا۔ لیکن حیرت کے لائق ہے اس انسان کی بے حسی اور بے فکری جو قرآن کو سمجھتا ہے اور اس کے ذریعہ سے حقیقت حال جان چکا ہے اور پھر بھی اس پر نہ کوئی خوف طاری ہوتا ہے، نہ کبھی اسے یہ فکر لاحق ہوتی ہے کہ جو ذمہ داریاں اس پر ڈالی گئی ہیں ان کے بارے میں وہ اپنے خدا کو کیا جواب دے گا۔ بلکہ قرآن کو سن کر یا پڑھ کر وہ اس طرح غیر متاثر رہتا ہے کہ گویا وہ ایک بے جان و بے شعور پتھر ہے جس کا کام سننا اور دیکھنا اور سمجھنا ہے ہی نہیں۔ (مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد چہارم، الاحزاب، حاشیہ 120)۔

| | | |
|---|---|---|
| 22. He*32 is Allah, Him, there is no god other than Him, *33 the Knower of the Invisible and the Visible. *34 He is the Beneficent, the | وہ ہے*32 اللہ۔ وہی نہیں ہے کوئی معبود سوائے جسکے*33 ۔ جاننے والا پوشیدہ اور ظاہر کا*34 ۔ وہ ہے بہت مہربان نہایت رحم والا ۔*35 | هُوَ اللّٰهُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَیۡبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ﴿۲۲﴾ |

Most Merciful. *35

*32 These verses explain what kind of God He is, and what are His attributes, Who has sent this Quran to you, Who has placed these responsibilities on you, and before Whom you have to render an account of your deeds in the end. This mention of the divine attributes immediately after the above theme automatically gives man the feeling that he has not to deal with an ordinary being but with Almighty Allah Who has such and such attributes. Here, one should also understand that although in the Quran, the attributes of Allah Almighty have been stated in a unique way, which gives a clear concept of the divine Being, there are two places where the attributes of Allah have been mentioned in a most comprehensive way, in the verse of the *Alkursi* (Al-Baqarah, Ayat 255) and in these verses of Surah Al-Hashr.

*32 ان آیات میں یہ بتایا گیا ہے کہ وہ خدا جس کی طرف سے یہ قرآن تمہاری طرف بھیجا گیا ہے، جس نے یہ ذمہ داریاں تم پر ڈالی ہیں، اور جس کے حضور بالآخر تمہیں جواب دہ ہونا ہے، وہ کیسا خدا ہے اور کیا اس کی صفات ہیں۔ اوپر کے مضمون کے بعد متصلاً صفات الہیٰ کا یہ بیان خود بخود انسان کے اندر یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ اس کا سابقہ کسی معمولی ہستی سے نہیں ہے بلکہ اس عظیم و جلیل ہستی سے ہے جس کی یہ اور یہ صفات ہیں۔ اس مقام پر یہ بات بھی جان لینی چاہیے کہ قرآن مجید میں اگر چہ جگہ جگہ اللہ تعالیٰ کی صفات بے نظیر طریقے سے بیان کی گئی ہیں جن سے ذات الٰہی کا نہایت واضح تصور حاصل ہوتا ہے، لیکن دو مقامات ایسے ہیں جن میں صفات باری تعالیٰ کا جامع ترین بیان پایا جاتا ہے۔ ایک سورہ بقرہ میں آیت الکرسی (آیت 255)۔ دوسرے، سورہ حشر کی یہ آیات۔

*33 That is, He is the One besides Whom none else has the rank, position, attributes and powers of Godhead so that he may be worshiped and served as god.

33*یعنی جس کے سوا کسی کی یہ حیثیت اور مقام اور مرتبہ نہیں ہے کہ اس کی بندگی و پرستش کی جائے۔ جس کے سوا کوئی خدائی کی صفات و اختیارات رکھتا ہی نہیں کہ اسے معبود ہونے کا حق پہنچتا ہو۔

***34 That is, He knows whatever is hidden from the creatures as well as whatever is known and visible to them. Nothing of this universe is unknown to Him. He directly knows whatever has happened in the past, whatever exists at present and whatever will happen in the future. He does not stand in need of any means or medium of knowledge.**

34*یعنی جو کچھ مخلوقات سے پوشیدہ ہے اس کو بھی وہ جانتا ہے اور جو کچھ ان پر ظاہر ہے اس سے بھی وہ واقف ہے اس کے علم سے اس کائنات میں کوئی شے بھی پوشیدہ نہیں۔ ماضی میں جو کچھ گزر چکا ہے، حال میں جو کچھ موجود ہے، اور مستقبل میں جو کچھ ہو گا، ہر چیز اس کو براہ راست معلوم ہے۔ کسی ذریعہ علم کا وہ محتاج نہیں ہے۔

***35 That is, He alone is the Being Whose mercy is limitless, which covers the whole universe and blesses and benefits everything in it. None else in the world is the bearer of such all-pervading, infinite mercy. The mercy of every other being, characterized by the ability of mercy, is partial and limited, and that quality too is not essentially its own, but bestowed by the Creator for a specific need and purpose. He has created the quality of mercy for some other creature. He has created it in order to make one creature a means for the development and well-being of the other creature. This by itself is a proof that Allah's Mercy is infinite.**

35*یعنی وہی ایک ہستی ایسی ہے جس کی رحمت بے پایاں ہے، تمام کائنات پر وسیع ہے، اور کائنات کی ہر چیز کو اس کا فیض پہنچتا ہے۔ سارے جہان میں کوئی دوسرا اس ہمہ گیر اور غیر محدود رحمت کا حامل نہیں

ہے۔ دوسری جس ہستی میں بھی صفت رحم پائی جاتی ہے اس کی رحمت جزوی اور محدود ہے، اور وہ بھی اس کی ذاتی صفت نہیں ہے بلکہ خالق نے کسی مصلحت اور ضرورت کی خاطر اسے عطا کی ہے۔ جس مخلوق کے اندر بھی اس نے کسی دوسری مخلوق کے لیے جذبہ رحم پیدا کیا ہے، اس لیے پیدا کیا ہے کہ ایک مخلوق کو وہ دوسری مخلوق کی پرورش اور خوشحالی کا ذریعہ بنانا چاہتا ہے۔ یہ بجائے خود اسی کی رحمت بے پایاں کی دلیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَـبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ‌ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۲۳﴾ | وہ ہے اللہ۔ وہی نہیں ہے کوئی معبود سوائے جسکے۔ بادشاہ حقیقی *36 مقدس *37 سلامتی والا *38 امن دینے والا *39 نگہبان *40 غالب *41 زبردست *42 بڑائی والا *43۔ پاک ہے اللہ اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔ | 23. He is Allah, Him, there is no god other than Him, the Sovereign, *36 the Holy, *37 Giver of Peace, *38 the Source of Safety, *39 the Guardian, *40 the Majestic, *41 the Enforcer, *42 the Superb. *43 Glorified be Allah from all that they ascribe as partner. |

*36 The word used in the original is *al-Malik*, which means that He alone is the real Sovereign. Moreover, the word *al-Malik* in its general sense also gives the meaning that He is King of the entire universe and not of a particular region or of a specific country. His Sovereignty and rule comprehends the entire universe.

He is Master of everything. Everything submits itself to His

**command and power and authority, and there is nothing to delimit His Sovereignty. At different places in the Quran all aspects of Allah's Sovereignty have been presented and explained fully.**

**And whoever exists in the heavens and the earth, belongs to Him. All are obedient to Him. (Surah Ar-Room, Ayat 26).**

**He administers the affairs of the world from the heavens to the earth. (Surah As-Sajdah, Ayat 5).**

**To Him belongs the dominion of the earth and the heavens, and all matters are referred to Him for decision. (Surah Al-Hadid, Ayat 5).**

**He has no partner in His sovereignty. (Surah Al-Furqan, Ayat 2).**

**In His hand is the absolute control of everything. (Surah Ya Seen, Ayat 83).**

**Doer of whatever He wills. (Surah Al-Burooj, Ayat 16).**

**He is accountable to none for what He does, but all others are accountable (to Him). (Surah Al-Anbiyia, Ayat 23).**

**Allah rules and there is none to reverse His decrees. (Surah Ar-Raad, Ayat 41).**

**The Being Who gives protection while none can give protection against Him. (Surah Al-Momin, Ayat 88).**

**Say: O Allah, Sovereign of the Kingdom, You bestow kingdom on whomever You will, and You take it away from whomever You will. You exalt whomever You will and You abase whomever You will. All that is good is in Your power; indeed You have full power over all things. (Surah Aal-i-Imran, Ayat 26).**

**These explanations make it abundantly clear that Allah is**

**not King in some limited or metaphoric sense but He is real King in the most perfect and complete sense of sovereignty. As a matter of fact, if sovereignty in its true sense is at all found somewhere, it is found only in Allah's Kingship. Apart from this, wherever it is claimed to be, whether in the person of a king or dictator, or in a class or group or family, or in some nation, he or it possesses no sovereignty at all, for sovereignty is not a gift, which may at one time be granted and at another time withdrawn, which may be in danger of being usurped, the establishment and existence of which may be temporary and temporal, and the sphere of power and authority of which may be circumscribed and restricted by many other conflicting powers.**

36*اصل میں لفظ اَلْمَلِکُ استعمال ہوا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اصل بادشاہ وہی ہے۔ نیز مطلقاً الملک کا لفظ استعمال کرنے سے یہ مفہوم بھی نکلتا ہے کہ وہ کسی خاص علاقے یا مخصوص مملکت کا نہیں بلکہ سارے جہان کا بادشاہ ہے۔ پوری کائنات پر اس کی سلطانی و فرمانروائی محیط ہے۔ ہر چیز کا وہ مالک ہے۔ ہر شے اس کے تصرف اور اقتدار اور حکم کی تابع ہے۔ اور اس کی حاکمیت (Sovereignty) کو محدود کرنے والی کوئی شے نہیں ہے۔ قرآن مجید میں مختلف مقامات پر اللہ تعالیٰ کی بادشاہی کے ان سارے پہلوؤں کو پوری وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے:

وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ (الروم:26)

زمین اور آسمانوں میں جو بھی ہیں اس کے مملوک ہیں، سب اس کے تابع فرمان ہیں۔

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ، (السجدہ 5)۔

آسمان سے زمین تک وہی ہر کام کی تدبیر کرتا ہے۔

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ۔ (الحدید:5)۔

زمین اور آسمانوں کی بادشاہی اسی کی ہے اور اللہ ہی کی طرف سارے معاملات رجوع کیے جاتے ہیں۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ (الفرقان: 2)

بادشاہی میں کوئی اس کا شریک نہیں ہے۔

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ (یٰس: 83)۔

ہر چیز کی سلطانی و فرمانروائی اسی کے ہاتھ میں ہے۔

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔ (البروج: 16)۔

جس چیز کا ارادہ کرے اسے کر گزرنے والا۔

لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ (الانبیاء: 23)

جو کچھ وہ کرے اس پر وہ کسی کے سامنے جوابدہ نہیں ہے، اور سب جواب دہ ہیں۔

وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ۔ (الرعد:41)

اور اللہ فیصلہ کرتا ہے، کوئی اس کے فیصلے پر نظر ثانی کرنے والا نہیں ہے۔

وَهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ۔ (المؤمنون: 88)۔

اور وہ پناہ دیتا ہے اور کوئی اس کے مقابلے میں پناہ نہیں دے سکتا۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (آل عمران: 26)۔

کہو، خدایا، ملک کے مالک، تو جس کو چاہتا ہے ملک دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ملک چھین لیتا ہے۔ جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ذلیل کر دیتا ہے۔ بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

ان توضیحات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بادشاہی حاکمیت کے کسی محدود یا مجازی مفہوم میں نہیں بلکہ اس کے پورے مفہوم میں، اس کے مکمل تصور کے لحاظ سے حقیقی بادشاہی ہے۔ بلکہ در

حقیقت حاکمیت جس چیز کا نام ہے وہ اگر کہیں پائی جاتی ہے تو صرف اللہ تعالیٰ کی بادشاہی میں ہی پائی جاتی ہے۔ اس کے سوا اور جہاں بھی اس کے ہونے کا دعویٰ کیا جاتا ہے، خواہ وہ کسی بادشاہ یا ڈکٹیٹر کی ذات ہو، یا کوئی طبقہ یا گروہ یا خاندان ہو، یا کوئی قوم ہو، اسے فی الواقع کوئی حاکمیت حاصل نہیں ہے۔ کیونکہ حاکمیت سرے سے اس حکومت کو کہتے ہی نہیں ہیں جو کسی کا عطیہ ہو، جو کبھی ملتی ہو اور کبھی سلب ہو جاتی ہو، جسے کسی دوسری طاقت سے خطرہ لاحق ہو سکتا ہو، جس کا قیام و بقاء عارضی و وقتی ہو، اور جس کے دائرۂ اقتدار کو بہت سی دوسری متصادم قوتیں محدود کرتی ہوں۔

لیکن قرآن مجید صرف یہ کہنے پر اکتفا نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ کائنات کا بادشاہ ہے، بلکہ بعد کے فقروں میں تصریح کرتا ہے کہ وہ ایسا بادشاہ ہے جو قدوس ہے، سلام ہے، مومن ہے، مہیمن ہے، عزیز ہے، جبار ہے، متکبر ہے، خالق ہے، باری ہے اور مصور ہے۔

***37 Al-Quddus is a superlative. It means that Allah is far exalted that He should have a fault or defect or demerit. He is the purest Being. No evil can be imagined about Him. Here, one should clearly understand that the attribute of holiness is a foremost accompaniment of sovereignty. Man's intellect and nature refuse to believe that a being who is the bearer of sovereignty may be mischievous, ill behaved, ill-natured, who may be characterized with these base qualities from whose power and authority his subjects might be in danger of suffering evil instead of being blessed with good. That is why wherever man thinks sovereignty is centered, he assumes holiness also to be there, even if it is not there, for absolute sovereignty is inconceivable without holiness. But, obviously, there is no real Sovereign, nor can there be, except Allah, Who is the Holy. Whether it is monarchy, or sovereignty of the people, or dictatorship of**

the socialist system, or some other form of human rule, in any case holiness for it is inconceivable.

37*اصل میں لفظ قدُّوس استعمال ہوا ہے جو مبالغہ کا صیغہ ہے۔ اس کا مادہ قدس ہے۔ قدس کے معنی ہیں تمام بری صفات سے پاکیزہ اور منزہ ہونا۔ اور قدُّوس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس سے بدرجہا بالا و برتر ہے کہ اس کی ذات میں کوئی عیب، یا نقص، یا کوئی قبیح صفت پائی جائے۔ بلکہ وہ ایک پاکیزہ ترین ہستی ہے جس کے بارے میں کسی برائی کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔ اس مقام پر یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ قدوسیت در حقیقت حاکمیت کے اولین لوازم میں سے ہے۔ انسان کی عقل اور فطرت یہ ماننے سے انکار کرتی ہے کہ حاکمیت کی حامل کوئی ایسی ہستی ہو جو شریر اور بد خلق اور بد نیت ہو۔ جس میں قبیح صفات پائی جاتی ہوں۔ جس کے اقتدار سے اس کے محکوموں کو بھلائی نصیب ہونے کے بجائے برائی کا خطرہ لاحق ہو۔ اسی بنا پر انسان جہاں بھی حاکمیت کو مرکوز قرار دیتا ہے وہاں قدوسیت نہیں بھی ہوتی تو اسے موجود فرض کر لیتا ہے، کیونکہ قدوسیت کے بغیر اقتدار مطلق ناقابل تصور ہے۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا در حقیقت کوئی مقتدرِ اعلیٰ بھی قدوس نہیں ہے اور نہیں ہو سکتا۔ شخصی بادشاہی ہو یا جمہور کی حاکمیت، یا اشتراکی نظام کی فرمانروائی، یا انسانی حکومت کی کوئی دوسری صورت، بہر حال اس کے حق میں قدوسیت کا تصور تک نہیں کیا جا سکتا۔

*38 The word *As-Salam* as used in the original means peace and Secure, Allah’s being called *As-Salam* means that He is peace and safety personified. He is far exalted that some calamity or weakness or defect should befall Him, or His Perfection should suffer a decline or blemish.

38*اصل میں لفظ السلام استعمال ہوا ہے جس کے معنی ہیں سلامتی۔ کسی کو سلیم، یا سالم کہنے کے بجائے سلامتی کہنے سے خود بخود مبالغہ کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔ مثلاً کسی کو حسین کہنے کے بجائے حسن کہا جائے تو اس کے معنی یہ ہوں گے کہ وہ سراپا حسن ہے۔ اللہ تعالیٰ کو السلام کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ سراسر سلامتی ہے۔ اس کی ذات اس سے بالا تر ہے کہ کوئی آفت، یا کمزوری یا خامی اس کو لاحق ہو، یا کبھی اس کے کمال پر

زوال آئے۔

*39 The word *Al-Mumin* is derived from *amun*, which means to secure from fear, and Mumin is one who provides security to others. Allah has been called *Al-Mumin* in the sense that He provides security to His creatures. His creatures are secure from the fear that He would ever wrong them, or deprive them of their rights, or allow their rewards to go to waste, or would violate the promises He has made with them. Then, since no object has been mentioned with this subject, but the epithet of *Al-Mumin* has been used absolutely, it automatically gives the meaning that His security comprehends the entire universe and all that it contains.

*39اصل میں لفظ اَلْمُؤْمِنُ استعمال ہوا ہے جس کا مادہ امن ہے۔ امن کے معنی ہیں خوف سے محفوظ ہونا۔ اور مؤمن وہ ہے جو دوسرے کو امن دے۔ اللہ تعالیٰ کو اس معنی میں مؤمن کہا گیا ہے کہ وہ اپنی مخلوق کو امن دینے والا ہے۔ اس کی خلق اس خوف سے بالکل محفوظ ہے کہ وہ کبھی اس پر ظلم کرے گا، یا اس کا حق مارے گا، یا اس کا اجر ضائع کرے گا، یا اس کے ساتھ اپنے کیے ہوئے وعدوں کی خلاف ورزی کرے گا۔ پھر چونکہ اس فاعل کا کوئی مفعول بیان نہیں کیا گیا ہے کہ وہ کس کو امن دینے والا ہے، بلکہ مطلقاً المؤمن کہا گیا ہے، اس لیے اس سے یہ مفہوم آپ سے آپ نکلتا ہے کہ اس کا امن ساری کائنات اور اس کی ہر چیز کے لیے ہے۔

*40 The word *Al-Muhaimin* has three meanings:

(1) The Guardian and Protector.

(2) The Observer who sees what everyone does.

(3) The Being Who has taken up the responsibility to fulfill the needs and requirements of the people.

Here also, since the word *Al-Muhaimin* has been used

**absolutely, and no object has been mentioned of this subject, therefore, it by itself gives the implied meaning that He is guarding and protecting all creatures, is watching the acts and deeds of everyone, and has taken up the responsibility of sustaining and providing for every creature in the universe with its needs and requirements.**

*40 اصل میں لفظ اَلْمُهَيْمِنُ استعمال ہوا ہے جس کے تین معنی ہیں۔ ایک نگہبانی اور حفاظت کرنے والا۔ دوسرے، شاہد، جو دیکھ رہا ہو کہ کون کیا کرتا ہے۔ تیسرے، قائم باُمور الخلق، یعنی جس نے لوگوں کی ضروریات اور حاجات پوری کرنے کا ذمہ اٹھا رکھا ہو۔ یہاں بھی چونکہ مطلقاً لفظ المہیمن استعمال کیا گیا ہے، اور اس فاعل کا کوئی مفعول بیان نہیں کیا گیا کہ وہ کس کا نگہبان و محافظ، کس کا شاہد، اور کس کی خبرگیری کی ذمہ داری اٹھانے والا ہے، اس لیے اس اطلاق سے خود بخود مفہوم نکلتا ہے کہ وہ تمام مخلوقات کی نگہبانی و حفاظت کر رہا ہے، سب کے اعمال کو دیکھ رہا ہے، اور کائنات کی ہر مخلوق کی خبرگیری، اور پرورش، اور ضروریات کی فراہمی کا اس نے ذمہ اٹھا رکھا ہے۔

***41 *Al-Aziz*: such an Almighty Being against Whom no one may dare raise his head, no one may have the power to resist His decrees, before Whom everyone may be helpless and powerless.**

*41 اصل میں لفظ العزیز استعمال ہوا ہے جس سے مراد ہے ایسی زبردست ہستی جس کے مقابلہ میں کوئی سر نہ اٹھا سکتا ہو، جس کے فیصلوں کی مزاحمت کرنا کسی کے بس میں نہ ہو، جس کے آگے سب بے بس اور بے زور ہوں۔

***42 The word *al-Jabbar* as used in the original is derived from *jabr* which means setting something right by use of power, reforming something by force. Allah has been called *Al-Jabbar* in the sense that He sets the system of His universe right by the use of power and enforces His will,**

**which is entirely based on wisdom. Moreover, the word *Jabber* also contains the meaning of greatness and glory. Thus, a palm-tree which is too tall for the people to pluck its fruit is called jabber in Arabic. Likewise, an act which is grand and glorious is called amal jabbar.**

*42 اصل میں لفظ الجبار استعمال ہوا ہے جس کا مادہ جبر ہے۔ جبر کے معنی ہیں کسی شے کو طاقت سے درست کرنا، کسی چیز کی بزور اصلاح کرنا۔ اگرچہ عربی زبان میں کبھی جبر محض اصلاح کے لیے بھی بولا جاتا ہے، اور کبھی صرف زبردستی کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، لیکن اس کا حقیقی مفہوم اصلاح کے لیے طاقت کا استعمال ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کو جبار اس معنی میں کہا گیا ہے کہ وہ اپنی کائنات کا نظم بزور درست رکھنے والا اور اپنے ارادے کو، جو سراسر حکمت پر مبنی ہوتا ہے، جبراً نافذ کرنے والا ہے۔ علاوہ بریں لفظ جبار میں عظمت کا مفہوم بھی شامل ہے۔ عربی زبان میں کھجور کے اس درخت کو جبار کہتے ہیں جو اتنا بلند و بالا ہو کہ اس کے پھل توڑنا کسی کے لیے آسان نہ ہو۔ اسی طرح کوئی کام جو بڑا عظیم الشان ہو عمل جبار کہلاتا ہے۔

***43 The word *Al-Mutakabbir* has two meanings.**

**(1) The one who is not actually great but poses as great.**

**(2) The one who is actually great and sets himself up as such.**

**Whether it is man or Satan, or some other creature, since greatness does not, in fact, belong to it, its posing itself as great and claiming superiority over others is, a false claim and a vice. Contrary to this, Allah Almighty is truly Great and greatness actually belongs to Him, and everything in the universe is low and insignificant as against Him. Therefore, His being Great and setting Himself up as Great is no false claim but reality; it is not an evil quality but a virtue and excellence, which no one else has but Allah.**

*43 اصل میں لفظ اَلْمُتَکَبِّر استعمال ہوا ہے جس کے دو مفہوم ہیں۔ ایک وہ جو فی الحقیقت بڑا نہ ہو مگر خواہ

مخواہ بڑا بنے۔ دوسرے وہ جو حقیقت میں بڑا ہو اور بڑا ہی ہو کر رہے۔ انسان ہو یا شیطان، یا کوئی اور مخلوق، چونکہ بڑائی فی الواقع اس کے لیے نہیں ہے، اس لیے اس کا اپنے آپ کو بڑا سمجھنا اور دوسروں پر اپنی بڑائی جتانا ایک جھوٹا ادعا اور بدترین عیب ہے۔ اس کے برعکس، اللہ تعالیٰ حقیقت میں بڑا ہے اور بڑائی فی الواقع اسی کے لیے ہے اور کائنات کی ہر چیز اس کے مقابلے میں حقیر و ذلیل ہے، اس لیے اس کا بڑا ہونا اور بڑا ہی ہو کر رہنا کوئی ادعا اور تصنع نہیں بلکہ ایک امر واقعی ہے، ایک بری صفت نہیں بلکہ ایک خوبی ہے جو اس کے سوا کسی میں نہیں پائی جاتی۔

| | | |
|---|---|---|
| هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۴﴾ | وہ ہے اللہ خالق *44 ایجاد کرنے والا صورتیں بنانے والا *45 اسکے ہیں نام سب اچھے *46۔ تسبیح کرتی رہتی ہے اسکی *47 جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔ اور وہ ہے غالب حکمت والا۔ *48 | 24. He is Allah, the Creator, *44 the Evolver, the Fashioner. *45 His are the excellent names. *46 Glorifies Him *47 whatever is in the heavens and the earth. And He is the All Mighty, the All Wise. *48 |

*44 That is, those who regard a creature as an associate in His powers, authority, attributes, or in His Being, in fact, utter a grave falsehood, for Allah is far exalted that anybody or anything should be an associate with Him in any sense.

*44 یعنی اس کے اقتدار اور اختیارات اور صفات میں، یا اس کی ذات میں، جو لوگ بھی کسی مخلوق کو اس کا شریک قرار دے رہے ہیں۔ وہ در حقیقت ایک بہت بڑا جھوٹ بول رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سے پاک ہے کہ کسی معنی میں بھی کوئی اس کا شریک ہو۔

***45 That is, the entire world and everything in it, from the initial plan of its creation till its coming into existence in its final, finished form, is entirely Allah's work of creation. Nothing has come into existence by itself nor come about accidentally, nor has anyone else the least share in its creation and development. Here, Allah's act of creation has been described in three separate stages, which take place one after the other. First is the stage of *khalq*, which means to ordain, or to plan. It is like an engineer's conceiving the design of a building, which he intends to build for a specific purpose and draws out its detailed diagram and model. The second stage is *barr*, which actually means to separate, to cut, to split asunder. The Creator has been called *Al-barii* in the sense that He enforces the plan He has conceived and brings out the thing from non-existence into existence. It is Analogous to the engineer's putting marks on the ground of the full measurements of the building according to the plan, digging the foundations, raising the walls and completing all the practical preliminaries of the construction work. The third stage is *taswir*, which means to give shape; here it implies giving something its final complete shape. In all these three stages there is no resemblance whatever between Allah's work and human works. None of human plans is such as may not have been derived from previous models and plans. But each of Allah's plans is, unique and His own original creation. Whatever man makes, he makes it by combining the substances created by Allah. He does not bring anything from nonexistence into existence, but composes and constructs by different methods whatever is**

**present and available. Contrary to this, Allah has brought everything from non-existence into creation, and the substance itself of which He has made the universe is created by Him. Likewise, in the matter of giving shape also man is not the inventor but an imitator, and only a poor imitator. The real Maker of forms and shapes is Allah, Who has given a unique and matchless shape to every species and individual and has never repeated exactly the same shape or from.**

45*یعنی پوری دنیا اور دنیا کی ہر چیز تخلیق کے ابتدائی منصوبے سے لے کر اپنی مخصوص صورت میں وجود پذیر ہونے تک بالکل اسی کی ساختہ پرداختہ ہے۔ کوئی چیز بھی نہ خود وجود میں آئی ہے، نہ اتفاقاً پیدا ہو گئی ہے، نہ اس کی ساخت و پرداخت میں کسی دوسرے کا ذرہ برابر کوئی دخل ہے۔ یہاں اللہ تعالیٰ کے فعل تخلیق کو تین الگ مراتب میں بیان کیا گیا ہے جو یکے بعد دیگرے واقع ہوتے ہیں۔ پہلا مرتبہ خلق ہے جس کے معنی تقدیر یا منصوبہ سازی کے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی انجینئر ایک عمارت بنانے سے پہلے یہ ارادہ کرتا ہے کہ اسے ایسی اور ایسی عمارت فلاں خاص مقصد کے لیے بنانی ہے اور اپنے ذہن میں اس کا نقشہ (Design) سوچتا ہے کہ اس مقصد کے لیے زیر تجویز عمارت کی تفصیلی صورت اور مجموعی شکل یہ ہونی چاہیے۔ دوسرا مرتبہ ہے برء، جس کے اصل معنی ہیں جدا کرنا، چاک کرنا، پھاڑ کر الگ کرنا۔ خالق کے لیے باری کا لفظ اس معنی میں استعمال کیا گیا ہے کہ وہ اپنے سوچے ہوئے نقشے کو نافذ کرتا اور اس چیز کو، جس کا نقشہ اس نے سوچا ہے، عدم سے نکال کر وجود میں لاتا ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے انجینئر نے عمارت کا جو نقشہ ذہن میں بنایا تھا اس کے مطابق وہ ٹھیک ناپ تول کر کے زمین پر خط کشی کرتا ہے، پھر بنیادیں کھودتا ہے، دیواریں اٹھاتا ہے اور تعمیر کے سارے عملی مراحل طے کرتا ہے۔ تیسرا مرتبہ تصویر ہے جس کے معنی ہیں صورت بنانا، اور یہاں اس سے مراد ہے ایک شے کو اس کی آخری مکمل صورت میں بنا دینا۔ ان تینوں مراتب میں اللہ تعالیٰ کے کام اور انسانی کاموں کے درمیان سرے کوئی مشابہت نہیں ہے۔ انسان کا کوئی

منصوبہ بھی ایسا نہیں ہے جو سابق نمونوں سے ماخوذ نہ ہو۔ مگر اللہ تعالیٰ کا ہر منصوبہ بے مثال اور اس کی اپنی ایجاد ہے۔ انسان جو کچھ بھی بناتا ہے اللہ تعالیٰ کے پیدا کردہ مادوں کو جوڑ جاڑ کر بناتا ہے۔ وہ کسی چیز کو عدم سے وجود میں نہیں لاتا بلکہ جو کچھ وجود میں لایا ہے اور وہ مادہ بھی بجائے خود اس کا پیدا کردہ ہے جس سے اس نے یہ دنیا بنائی ہے۔ اسی طرح صورت گری کے معاملہ میں بھی انسان موجد نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورتوں کا نقال اور بھونڈا نقال ہے۔ اصل مصور اللہ تعالیٰ ہے جس نے ہر جنس، ہر نوع، اور ہر فرد کی صورت لاجواب بنائی ہے اور کبھی ایک صورت کی ہو بہو تکرار نہیں کی ہے۔

***46 Names imply the adjectives, and "His are the excellent names" means that those adjectives which indicate or express some kind of defect are not appropriate for Him. He should be remembered by those names which express His attributes of Perfection. In the Quran these beautiful names of Allah have been mentioned here and there, and in the Hadith 99 names of that Exalted and Pure Being have been enumerated which Timidhi and Ibn Majah have related on the authority of Abu Hurairah. If one studies these names as mentioned in the Quran and the Hadith carefully, he can easily understand what words would be appropriate and suitable if one has to remember Allah in another language.**

46*ناموں سے مراد اسمائے صفات ہیں۔ اور اس کے لیے بہترین نام ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے لیے وہ اسمائے صفات موزوں نہیں ہیں جن سے کسی نوعیت کے نقص کا اظہار ہوتا ہو، بلکہ اس کو ان ناموں سے یاد کرنا چاہیے جو اس کی صفات کمالیہ کا اظہار کرتے ہوں۔ قرآن مجید میں جگہ جگہ اللہ تعالیٰ کے یہ اسمائے حسنیٰ بیان کیے گئے ہیں، اور حدیث میں اس ذات پاک کے 99 نام گنائے گئے ہیں، جنہیں ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بالتفصیل نقل کیا ہے۔ قرآن اور حدیث میں اگر آدمی ان

اسماء کو بغور پڑھے تو وہ بآسانی سمجھ سکتا ہے کہ دنیا کی کسی دوسری زبان میں اگر اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا ہو تو کون سے الفاظ اس کے لیے موزوں ہوں گے۔

***47 That is, everything proclaims with the tongue, or otherwise, that its Creator is free from every fault and defect, weakness and error.**

***47** یعنی زبان قال یا زبان حال سے یہ بیان کر رہی ہے کہ اس کا خالق ہر عیب اور نقص اور کمزوری اور غلطی سے پاک ہے۔

***48 For explanation, see E.N. 2 of Surah Al-Hadid.**

***48** تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفہیم القرآن، جلد پنجم، تفسیر سورہ حدید، حاشیہ 2۔